الامام الهمام شیخ الاسلام ابی یعلی کی شہرہ آفاق کتاب مسند ابی یعلی الموصلی کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اردو ترجمہ مع تخریج
مُسندُ
ابو یعلی الموصلیؒ
2
مصنف:
الامام الهمام شیخ الاسلام ابی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی
المتوفی سنة ۳۰۷ھ
مُترجم
غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور
پروگریسو بکس

الامام الہمام شیخ الاسلام ابی یعلی کی شہرہ آفاق کتاب مُسند ابی یعلی الموصلی کی احادیث

کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

مُسند أبی یعلی الموصلی

جلد دوم

مصنف:

الامام الہمام شیخ الاسلام ابی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی

المتوفی سنة ٣٠٧ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

مُسنَد أبی یعلی الموصلیؒ

مصنف:

الامام الہمام شیخ الاسلام أبی یعلی احمد بن علی بن المثنی الموصلی

المتوفی سنۃ ۳۰۷ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

جلد دوم

بار اول .... ستمبر 2016

پرنٹرز .... آصف صدیق، پرنٹرز

سرورق .... النافع گرافکس

تعداد .... -/1100

ناشر .... چوہدری غلام رسول۔ میاں جواد رسول

میاں شہزاد رسول

قیمت .... =/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز

فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو

۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464

Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ

اردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

كتاب الاضحية

كتاب الصلوة

کتاب الجنائز

کتاب العلم

کتاب التفسیر

کتاب الحج

کتاب الجنۃ والجہنم

کتاب البیوع

كتاب النكاح

کتاب آداب الطعام والشراب

كتاب فضائل الصحابة

کتاب المواریث

کتاب الذکر

کتاب علامات الساعة والفتن

کتاب البر

کتاب متفرق المسائل

☆☆☆☆☆

فہرست

مُسْنَدُ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ

مسند معاذ بن انس رضی اللہ عنہ

1481 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي أُسَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ مُجَاهِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ أَبِي الصَّائِفَةَ فِي زَمَنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ، وَعَلَيْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، فَنَزَلْنَا عَلَى حِصْنِ سِنَانٍ فَضَيَّقَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ، وَقَطَعُوا الطُّرُقَ، فَقَامَ أَبِي فِي النَّاسِ، فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، اِنِّي غَزَوْتُ مَعَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ كَذَا وَكَذَا، فَضَيَّقَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ، وَقَطَعُوا الطُّرُقَ، فَبَعَثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا فَنَادَى فِي النَّاسِ أَنَّ مَنْ ضَيَّقَ مَنْزِلًا، أَوْ قَطَعَ طَرِيقًا فَلَا جِهَادَ لَهُ

حضرت سہل بن معاذ الجہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے والد کے ساتھ مقامِ صائفہ میں عبدالملک بن مروان کے زمانہ میں جہاد کیا' ہم پر امیر عبداللہ بن عبدالملک تھے' ہم سنان کے قلعہ پر اُترے تو لوگوں نے راستہ تنگ کر دیا اور راستہ بند کر دیا' میرے والد لوگوں میں کھڑے ہوئے اور فرمایا: اے لوگو! میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا اتنے اتنے جہاد' لوگوں نے راستے تنگ کیے اور بند کر دیئے' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعلان کرنے والے کو بھیجا کہ لوگوں میں آواز دے کہ جس نے راستہ تنگ کیا' یا راستہ بند کیا تو اس کے لیے کوئی جہاد نہیں ہے۔

1482 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي سَعِيدٌ يَعْنِي ابْنَ أَبِي أَيُّوبَ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ أَبُو مَرْحُومٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَرَكَ اللِّبَاسَ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ تَوَاضُعًا لِلّٰهِ، دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رُءُوسِ

حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (عمدہ) لباس کو چھوڑ دیا حالانکہ وہ عمدہ لباس پر قادر بھی تھا، اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی کرتے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے اسے بلوائے گا تمام مخلوق کے سامنے اس کو اختیار دیا جائے گا ایمان کے لباسوں میں سے جس کو چاہے پہن لے۔

1481- أخرجه أحمد جلد3صفحه440-441 . وأبو داؤد في الجهاد' باب: ما يؤمر من انضمام العسكر وسعته .

1482- أخرجه أحمد جلد3صفحه438-439 . والترمذي في القيامة' باب: صور من الفضائل .

الْخَلَائِقِ يُخَيِّرُهُ بَيْنَ حُلَلِ الْإِيمَانِ يَلْبَسُ أَيَّهَا شَاءَ

1483 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَعْطَى لِلَّهِ، وَمَنَعَ لِلَّهِ، وَأَحَبَّ لِلَّهِ، وَأَبْغَضَ لِلَّهِ، وَأَنْكَحَ لِلَّهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ إِيمَانَهُ

حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: جو اللہ کے لیے دے اللہ کے لیے نہ دے اللہ کے لیے محبت کرے اللہ کے لیے بغض رکھے اللہ کے لیے نکاح کرے اس کا ایمان مکمل ہوگیا۔

1484 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ مُتَطَوِّعًا فِي غَيْرِ رَمَضَانَ بُعِّدَ مِنَ النَّارِ مِائَةَ عَامٍ سَيْرَ الْمُضَمَّرِ الْمُجِيدِ

حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک روزہ رکھا، اللہ کی راہ میں نفلی رمضان کے علاوہ، تو اس کو جہنم سے دور کر دیا جائے گا ایک سو سال تیز گھوڑوں کی چلنے کی مقدار۔

1485 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى أَبُو صَالِحٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الْحَجَّاجِ الْمَهْرِيُّ، حَدَّثَنَا زَبَّانُ بْنُ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الْفَجْرِ ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللَّهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز پڑھی، پھر بیٹھ گیا اور اللہ کا ذکر کرتا رہا سورج کے طلوع ہونے تک تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

1486 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ،

حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے والد سے

1483- أخرجه أحمد جلد3صفحه438-440 . والترمذى فى القيامة' باب: اعقلها وتوكل .

1484- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد3صفحه194 للمصنف .

1485- أخرجه أحمد جلد 3صفحه438-439 . وأبو داؤد فى الصلاة' باب: صلاة الضحى . وعزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد10صفحه105 للمصنف .

1486- أخرجه أبو داؤد فى اللباس . وأحمد جلد 3صفحه439 . والترمذى فى الدعوات' باب: ما يقول اذا فرغ من

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْحُومٍ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ أَكَلَ طَعَامًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هَذَا وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي، وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي، وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"

روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں: حضرت محمد ﷺ نے فرمایا: جو کھانا کھائے پھر یہ دعا پڑھے۔تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا۔ میری قوت کے بغیر مجھے رزق دیا۔ اس کے پچھلے گناہ بخش دیئے جائیں گے اور جس نے کپڑے پہنے پھر یہ دعا مانگی: تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا بغیر میری طاقت کے اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

1487 - حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَأَ أَلْفَ آيَةٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، كُتِبَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ النَّبِيِّينَ وَالصِّدِّيقِينَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِينَ وَحَسُنَ أُولَئِكَ رَفِيقًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ

حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک ہزار آیتیں اللہ کی رضا کے لیے پڑھیں۔ اس کے لیے یہ لکھ دیا جائے گا کہ یہ قیامت کے دن انبیاء صدیقین وشہداء وصالحین کے ساتھ ہوگا۔ یہ کتنے اچھے ساتھی ہیں اگر اللہ نے چاہا۔

1488 - حَدَّثَنَا مُحْرِزٌ، حَدَّثَنَا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ حَرَسَ وَرَاءَ الْمُسْلِمِينَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مُتَطَوِّعًا لَا يَأْخُذُهُ سُلْطَانٌ لَمْ يَرَ النَّارَ بِعَيْنِهِ إِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ،

حضرت سہل بن معاذ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے بطور نیکی مسلمانوں کی حفاظت کی اور بادشاہ سے کوئی معاوضہ نہیں لیا وہ جہنم اپنی آنکھوں سے نہیں دیکھے گا۔ مگر قسم کو پورا کرنے کے لیے بے شک

الطعام . وابن ماجه في الأطعمة، باب: ما يقال: اذا فرغ من الطعام .

1487- أخرجه أحمد جلد3صفحه437 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه162 .

1488- أخرجه أحمد جلد 3صفحه437 . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 5صفحه287 للمصنف والطبراني .

فَـإِنَّ اللّٰهَ سُبْحَانَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، يَقُولُ: (وَإِنْ مِنْكُمْ إِلَّا وَارِدُهَا) (مريم: 71)"

اللہ عزوجل پاک ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ وہ فرماتا ہے کہ تم میں سے ہر کوئی جہنم کے اوپر سے گزرے گا۔

1489 - حَـدَّثَـنَـا مُـحْـرِزُ بْنُ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا رِشْـدِيـنُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُـعَـاذٍ، عَـنْ أَبِيـهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَـالَ: مَـنْ تَـخَطَّى النَّاسَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اتَّخَذَ جِسْرًا إِلَى جَهَنَّمَ

حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو جمعہ کے دن لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا آئے گا اس نے جہنم کی طرف پل بنالیا۔

1490 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا بِـهِ أَبُـو عَبْـدِ الـرَّحْـمَـنِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِي أَبُو مَـرْحُومٍ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْـنِ أَنَـسٍ الْـجُهَـنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَـلَيْـهِ وَسَـلَّـمَ أَنَّـهُ نَهَـى، عَـنِ الْحِبْوَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ

حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا دانوں کے ساتھ کھیلنے سے، یا گھٹنے کھڑے کر کے سرین کے بل بیٹھنے سے' اس طرح کہ ہاتھ پنڈلیوں کے ساتھ باندھے ہوئے ہوں' جمعہ کے دن جب امام خطبہ دے رہا ہو۔

1491 - حَـدَّثَـنَـا أَبُـو هَـمَّـامٍ، حَـدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَـنْ سَهْـلِ بْـنِ مُـعَاذٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ الـلّٰـهِ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَرَأَ الْقُرْآنَ، وَعَمِلَ بِمَا فِيهِ أُلْبِسَ وَالِدَيْهِ تَاجًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ضَوْءُهُ أَحْسَـنُ مِـنْ ضَوْءِ الشَّمْسِ فِي بُيُوتِ أَهْلِ الدُّنْيَا

حضرت سہل بن معاذ الجہنی رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن پڑھا اور جو اس میں احکامات ہیں اس پہ عمل بھی کیا۔ قیامت کے دن اس کے والدین کو تاج پہنایا جائے گا اس کی روشنی ایسے ہوگی جیسے دنیا میں سورج کی روشنی گھروں پہ ہوتی ہے' اس سے زیادہ ہوتی اگر اس دنیا

1489- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 437 . والترمذي في الصلاة' باب: ما جاء في كراهية التخطي يوم الجمعة . وابن ماجه في الاقامة' باب: ما جاء في النهي عن تخطي الناس يوم الجمعة .

1490- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 439 . وأبو داؤد في الصلاة' باب: الاحتباء والامام يخطب . والترمذي في الصلاة' باب: ما جاء في كراهية الاحتباء والامام يخطب . والبيهقي في السنن جلد 3 صفحه 235 .

1491- أخرجه أبو داؤد في الصلاة' باب: في ثواب قراءة القرآن . وأحمد جلد 3 صفحه 440 . وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 161-162 .

لَوْ كَانَتْ فِيهِ، فَمَا ظَنُّكُمْ بِالَّذِي عَمِلَ بِهِمَا؟

میں ہوتا۔ تمہارا کیا خیال ہے اس کے بارے میں جس نے دونوں پر عمل کیا؟

1492 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ بَرَّ وَالِدَيْهِ، طُوبَى لَهُ، زَادَ اللّٰهُ فِي عُمُرِهِ

حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرتا ہے اس کے لیے خوشخبری ہے' اللہ اس کی عمر میں اضافہ فرما دے گا۔

1493 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي أَبُو الْحَجَّاجِ الْمَهْرِيُّ، حَدَّثَنِي زَبَّانُ بْنُ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الْفَجْرِ، ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰهَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت سہل بن معاذ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے فجر کی نماز پڑھی' پھر بیٹھا رہا سورج کے طلوع ہونے تک تو اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔

1494 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْحُومٍ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى، عَنِ الْحِبْوَةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ قَالَ ابْنُ الدَّوْرَقِيُّ: قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ: لَيْسَ هُوَ بِالْمَعْرُوفِ، عِنْدَ النَّاسِ وَلَمْ يَزَلِ النَّاسُ يَحْتَبُونَ

حضرت سہل بن معاذ الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا دانوں کے ساتھ کھیلنے سے، جمعہ کے دن جب امام خطبہ دے رہا ہو۔ ابن دورقی فرماتے ہیں کہ ابوعبدالرحمن فرماتے ہیں: لوگوں میں مشہور نہیں ہے' لوگ مسلسل دانوں سے کھیلتے تھے۔

1492- ذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه137 وعزاه للمصنف والطبراني .

1493- انظر تخريج الحديث رقم:1485

1494- انظر تخريج الحديث رقم:1490

1495 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْحُومٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَظَمَ غَيْظًا، وَهُوَ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُنْفِذَهُ، دَعَاهُ اللَّهُ عَلَى رُءُوسِ الْأَشْهَادِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُخَيِّرُهُ فِي أَيِّ الْحُورِ شَاءَ

حضرت سہل بن معاذ بن انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے غصہ کو قابو کر لیا حالانکہ وہ اس کے پورا کرنے پر قادر بھی تھا۔ اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن بلوائے گا اور تمام مخلوق کے سامنے اس کو اختیار دیا جائے گا جس حور کو چاہے اختیار کر۔

1496 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْحُومٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ أَكَلَ طَعَامًا، ثُمَّ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هَذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ لَبِسَ ثَوْبًا، قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ"

حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کھانا کھائے پھر یہ دعا پڑھے۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا۔ میری قوت کے بغیر مجھے رزق دیا۔ اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔ جس نے کپڑے پہنے یہ دعا مانگی تمام خوبیاں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا بغیر میری طاقت کے اس کے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

1497 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْحُومٍ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے (عمدہ) لباس کو چھوڑ دیا حالانکہ وہ عمدہ لباس پر قادر بھی

1495- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **438-440** . والترمذي في البر' باب: ما جاء في كظم الغيظ' وفي القيامة باب: فضل الرفق بالضعيف والوالدين والمملوك . وأبو داؤد في الأدب' باب: من كظم غيظًا . وابن ماجه في الزهد' باب: الحلم .

1496- انظر تخريج الحديث رقم: **1486** .

1497- انظر تخريج الحديث رقم: **1482** .

بْنِ أَنَسٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَرَكَ اللِّبَاسَ وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَيْهِ تَوَاضُعًا لِلَّهِ، دَعَاهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى رُءُوسِ الْخَلَائِقِ حَتَّى يُخَيِّرَهُ مِنْ حُلَلِ الْإِيمَانِ يَلْبَسُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ

تھا، اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی کرتے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے بلوائے گا تمام مخلوق کے سامنے' اس کو اختیار دیا جائے گا ایمان کے لباس میں کہ جس کو چاہے پہن لے۔

1498 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِي أَبُو مَرْحُومٍ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ الْجُهَنِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ أَعْطَى لِلَّهِ، وَمَنَعَ لِلَّهِ، وَأَحَبَّ لِلَّهِ، وَأَبْغَضَ لِلَّهِ، وَأَنْكَحَ لِلَّهِ فَقَدِ اسْتَكْمَلَ إِيمَانَهُ

حضرت انس جہنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں: رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے اللہ کی رضا کے لیے دیا اور اللہ کی رضا کے لیے منع کیا اور اللہ کی رضا کے لیے پیار کیا اور اللہ کی رضا کے لیے بغض رکھا اور اللہ کی رضا کے لیے نکاح کیا' پس تحقیق اس کا ایمان مکمل ہو گیا۔

مُسْنَدُ عَرْفَجَةَ بْنِ أَسْعَدَ

مسند عرفجہ بن اسعد رضی اللہ عنہ

1499 - حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ أَبُو عَامِرٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو الْأَشْهَبِ جَعْفَرُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ طَرْفَةَ بْنِ عَرْفَجَةَ بْنِ أَسْعَدَ بْنِ مِنْقَرٍ، - قَالَ أَبُو عَامِرٍ: هَؤُلَاءِ أَخْوَالُ بَنِي سَعْدٍ - ، أَنَّ جَدَّهُ عَرْفَجَةَ أُصِيبَ أَنْفُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ يَوْمَ الْكُلَابِ، فَاتَّخَذَ أَنْفًا مِنْ وَرِقٍ، فَأَنْتَنَ عَلَيْهِ، فَذَكَرَ

حضرت عبدالرحمٰن بن طرفہ بن عرفجہ بن اسعد بن منقر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ سارے نبی سعد کے خالو تھے۔ فرماتے: عرفجہ کے دادا کی ناک پر زمانہ جاہلیت میں کلاب کے دن چوٹ لگی' انہوں نے چاندی کی ناک بنا لی۔ اس سے بدبو پھیل گئی تو اس بات کا ذکر حضور اکرم ﷺ کے سامنے کیا گیا' آپ ﷺ نے حکم دیا کہ وہ

1498- انظر تخريج الحديث رقم: **1483** .

1499- أخرجه أحمد جلد **5** صفحه **23** . وأبو داؤد في الخاتم' باب: ما جاء في ربط الأسنان بالذهب . والترمذي في اللباس' باب: ما جاء في شد الأسنان بالذهب . والنسائي في الزينة' باب: من أصيب أنفه هل يتخذ أنفًا من ذهب؟ .

ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَهُ أَنْ يَتَّخِذَ أَنْفًا مِنْ ذَهَبٍ، قَالَ أَبُو عَامِرٍ حَوْثَرَةُ: وَزَعَمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ أَنَّهُ قَدْ رَأَى أَنْفَ جَدِّهِ

سونے کی ناک بنوا لیں۔ عبدالرحمٰن کا خیال ہے کہ انہوں نے اپنے دادا کی ناک دیکھی تھی۔

1500 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْأَشْهَبِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ طَرَفَةَ بْنِ عَرْفَجَةَ، وَزَعَمَ أَنَّهُ رَأَى عَرْفَجَةَ جَدَّهُ قَالَ أُصِيبَ أَنْفُ عَرْفَجَةَ يَوْمَ الْكُلَابِ، فَاتَّخَذَ أَنْفًا مِنْ وَرَقٍ فَأَنْتَنَ عَلَيْهِ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَّخِذَ أَنْفًا مِنْ ذَهَبٍ"

ہمیں حضرت عبدالرحمٰن بن طرفہ بن عرفجہ نے حدیث بیان کی' ان کا خیال ہے کہ اُنہوں نے عرفجہ کے دادا کو دیکھا ہے' فرماتے ہیں: کلاب کے دن عرفجہ کی ناک پر چوٹ لگی' پس اُنہوں نے چاندی کی ناک بنوائی تو اس سے بدبو پھیل گئی' پس نبی اکرم ﷺ نے حکم ارشاد فرمایا کہ وہ سونے کی ناک بنوالے۔

مُسْنَدُ أَبِى الْعُشَرَاءِ الدَّارِمِىُّ

مسند ابوالعشراء دارمی رضی اللہ عنہ

1501 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَعَبْدُ الْأَعْلَى النَّرْسِيُّ، وَحَوْثَرَةُ بْنُ أَشْرَسَ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، قَالُوا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي الْعُشَرَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَمَا تَكُونُ الذَّكَاةُ إِلَّا مِنَ اللَّبَّةِ أَوِ الْحَلْقِ؟ قَالَ: لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا لَأَجْزَأَ، عَنْكَ

حضرت ابی العشراء رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ذبح لبہ یا حلق سے ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر تُو نے تیر مارا اس کی ران میں تو تیرے لیے کافی ہے۔

زَادَ حَوْثَرَةُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت حوثرہ نے یہ زیادہ کیا ہے: پس رسول

1500- أخرجه أحمد جلد5صفحه23 . وأبو داؤد في الخاتم' باب: ما جاء في ربط الأسنان بالذهب .

1501- أخرجه أحمد جلد4صفحه334 . والترمذي في الأطعمة' باب: ما جاء في الذكاة في الحلق واللبة . وأبو داؤد في الأضاحي' باب: ما جاء في ذبيحة المتردية . والنسائي في الضحايا' باب: المتردية في البئر التي لا يوصل الى حلقها . وابن ماجه في الذبائح' باب: زكاة الناذ من البهائم . والدارمي في الأضاحي' باب: في ذبيحة المتردية في البئر . والبيهقي في السنن جلد9صفحه246 .

وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ طَعَنْتَ فِي فَخِذِهَا لَأَجْزَأَ عَنْكَ

اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے! اگر تو اس کی ران میں نیزہ مارتا تو تیرے لیے کافی تھا۔

مُسْنَدُ عِتْبَانَ

مسند عتبان رضی اللہ عنہ

1502 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، حَدَّثَنِي مَحْمُودُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَلَقِيتُ عِتْبَانَ بْنَ مَالِكٍ، فَقُلْتُ: حَدِيثٌ بَلَغَنِي عَنْكَ، قَالَ: أَصَابَنِي فِي بَصَرِي شَيْءٌ فَبَعَثْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أُحِبُّ أَنْ تَأْتِيَنِي فَتُصَلِّيَ فِي مَنْزِلِي فَأَتَّخِذَهُ مُصَلًّى، قَالَ: فَأَتَانِي النَّبِيُّ فِيمَنْ شَاءَ اللَّهُ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَدَخَلَ عَلَيَّ فَهُوَ يُصَلِّي فِي مَنْزِلِي، وَأَصْحَابُهُ يَتَحَدَّثُونَ بَيْنَهُمْ، ثُمَّ أَسْنَدُوا عُظْمَ ذَلِكَ وَكِبْرَهُ إِلَى مَالِكِ بْنِ دُخْشُمٍ، قَالَ: وَدُّوا أَنَّهُ دَعَا عَلَيْهِ فَهَلَكَ، وَدُّوا أَنَّهُ أَصَابَهُ سَقَمٌ فَقَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّلَاةَ، فَقَالَ: أَلَيْسَ يَشْهَدُ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ قَالُوا: إِنَّهُ

حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں مدینہ شریف آیا، میں عتبان بن مالک سے ملا۔ میں نے کہا مجھے آپ کے حوالہ سے حدیث پہنچی ہے۔ حضرت عتبان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میری آنکھ میں کوئی بیماری لگ گئی۔ میں نے حضور ﷺ کی طرف پیغام بھیجا کہ میں پسند کرتا ہوں کہ آپ ﷺ میرے گھر تشریف لائیں۔ میرے گھر میں نماز پڑھیں۔ میں اس جگہ کو نماز کی جگہ بنا لوں گا۔ فرماتے ہیں: حضور اقدس ﷺ تشریف لائے۔ جب اللہ نے چاہا آپ ﷺ اپنے صحابہ کے ساتھ میرے پاس آئے' آپ ﷺ میرے کمرے میں داخل ہو کر میری جگہ نماز پڑھنے لگے' صحابہ کرام آپس میں باتیں کرنے لگے۔ اُنہوں نے مالک بن دخشم کو تکبر اور بڑے پن سے منسوب کیا' اُنہوں نے خیال کیا کہ حضور ﷺ ان کے خلاف دعا کریں' وہ ہلاک ہو جائے' اُنہوں نے

1502- أخرجه مسلم في الايمان باب: الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعًا . وأحمد جلد **4** صفحه **44** وجلد **5** صفحه **450,449** . والبخاري في الصلاة' باب: اذا دخل بيتًا يصلي حيث شاء' وفي الأذان باب: الرخصة في المطر والعلة أن يصلي في رحله' وباب: اذا زار الامام قومًا فأمهم' وباب: يسلم حين يسلم الامام' وباب: من لم يرد السلام على الامام واكتفى بتسليم الصلاة' وفي التهجد باب: صلاة النوافل جماعة' وفي المغازي باب: شهود الملائكة بدرًا' وفي الأطعمة باب: الخزيرة' وفي الرقاق باب: العمل الذي يبتغى فيه وجه الله' وفي استتابة المرتدين باب: ما جاء في المتأولين .

يَقُولُ ذَلِكَ وَمَا هُوَ فِي قَلْبِهِ، قَالَ: لَا يَشْهَدُ أَحَدٌ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللهِ فَيَدْخُلَ النَّارَ أَوْ تَطْعَمُهُ النَّارُ قَالَ: فَأَعْجَبَنِي هَذَا الْحَدِيثُ فَقُلْتُ: لِابْنِي اكْتُبْهُ فَكَتَبَهُ

خیال کیا کہ اس کو بیماری لگ جائے' حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو آپ نے فرمایا: کیا وہ توحید و رسالت کی گواہی نہیں دیتا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: وہ توحید و رسالت کی گواہی دل سے نہیں دیتا ہے۔ آپ نے فرمایا: جولا الٰہ الا اللہ انی رسول اللہ کی گواہی نہیں دیتا ہے وہ جہنم میں داخل ہوگا' جہنم اس کو کھائے گی۔ راوی فرماتے ہیں. مجھے یہ حدیث پسند آئی تو میں نے اپنے بیٹے سے کہا: اس کو لکھو! تو اُس نے لکھا۔

1503 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ، نَحْوًا مِنْهُ وَزَادَ فِيهِ، وَأَصْحَابُهُ يَتَحَدَّثُونَ بَيْنَهُمْ، وَيَذْكُرُونَ مَا يَلْقَوْنَ مِنَ الْمُنَافِقِينَ، ثُمَّ أَسْنَدُوا عُظْمَ ذَلِكَ إِلَى مَالِكِ بْنِ دُخْشُمٍ، قَالَ: وَدُّوا أَنَّهُ دَعَا عَلَيْهِ يَحْمِلُونَهُ عَلَيْهِ فَقَضَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ نَحْوًا مِنْهُ

حضرت عتبان بن مالک سے اسی طرح روایت ہے لیکن اس میں کچھ اضافہ ہے کہ صحابہ کرام آپس میں گفتگو کر رہے تھے اور ذکر کر رہے تھے جو منافقین کی طرف سے ان کو پہنچتی ہے' پھر اس بڑے کام کی نسبت حضرت مالک بن دخشم کی طرف کی' اُنہوں نے چاہا کہ آپ اس کے خلاف دعا کریں' وہ اس کے خلاف ہنگامہ کر رہے تھے' اس کے بعد حضور ﷺ نے نماز پوری کی' وہی کہا جو اوپر حدیث میں ذکر ہوا ہے۔

1504 - حَدَّثَنَا أَبُو حَمْزَةَ هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ أَنَسٍ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ عِتْبَانَ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: لَقِيتُ عِتْبَانَ بَعْدَ ذَلِكَ فَحَدَّثَنِي بِحَدِيثٍ أَعْجَبَنِي، فَقُلْتُ لِابْنِي:

حضرت عتبان بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عتبان سے ملا' اس کے بعد اُنہوں نے مجھے حدیث بیان کی تو مجھے پسند آئی' میں نے اپنے بیٹے سے کہا: اس کو لکھو! اُنہوں نے لکھا: وہ یہ حدیث تھی کہ ان کی آنکھ کی بینائی چلی گئی' میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اگر

1503- أخرجه مسلم في الايمان' باب: الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعًا .

1504- أخرجه أحمد جلد 4 صفحه 186 و 187 و 238 و 239 . والترمذي في الوصايا' باب: ما جاء لا وصية لوارث . والنسائي في الوصايا' باب: ابطال الوصية للوارث .

اكْتُبْهُ فَكَتَبَهُ، قَالَ: وَقَدْ كَانَ ذَهَبَ بَصَرُهُ، قَالَ: قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، لَوْ أَتَيْتَنِي فَصَلَّيْتُ، عِنْدِي فِي مَكَانٍ أَتَّخِذُهُ مَسْجِدًا، قَالَ: فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يُصَلِّي، وَجَعَلَ أَصْحَابُهُ يَتَحَدَّثُونَ، قَالَ: فَذَكَرُوا مَا يَلْقَوْنَ مِنَ الْمُنَافِقِينَ مِنَ الْأَذَى، فَحَمَلُوا عُظْمَ ذَلِكَ عَلَى مَالِكِ بْنِ الدُّخْشُمِ، فَكَانَ يُعْجِبُهُمْ أَنْ يَحْمِلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَدْعُو عَلَيْهِ فَيَهْلَكَ، فَقَالُوا: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، إِنَّ مِنْ أَمْرِهِ كَذَا وَكَذَا، قَالَ: فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَيْسَ يَشْهَدُ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ قَالُوا: إِنَّمَا يَقُولُ ذَلِكَ بِلِسَانِهِ، وَلَيْسَ لَهُ حَقِيقَةٌ فِي قَلْبِهِ، قَالَ: فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَشْهَدُ أَحَدٌ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ فَيُدْخِلُهُ اللَّهُ النَّارَ- أَوْ قَالَ- فَتَطْعَمُهُ النَّارُ أَبَدًا قَالَ الْمُعْتَمِرُ: قَالَ: إِنِّي سَمِعْتُهُ مِنْ أَنَسٍ وَمَا حَدَّثَ بِهِ أَحَدًا

آپ میرے پاس آئیں اور میرے مکان میں نماز پڑھیں تو میں اس کو مسجد بنالوں گا۔ فرماتے ہیں کہ اس کے بعد آپ ﷺ تشریف لائے' آپ نماز پڑھنے لگے' صحابہ کرام گفتگو کرنے لگے' اُنہوں نے ذکر کیا جو ان کو منافقوں کی طرف سے تکلیف پہنچی تھی' اُنہوں نے اس کی نسبت حضرت مالک بن دخشم کی طرف کی' وہ پسند کرتے تھے کہ حضور ﷺ ان کے لیے خلاف دعا کریں اور یہ ہلاک ہو جائے۔ اُنہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ اس اس طرح کے کام کرتا ہے' اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: کیا یہ لا الٰہ الا اللہ وانّ محمد رسول اللہ کی گواہی دیتا ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کی: زبان سے دیتا ہے لیکن دل سے انکار کرتا ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: ایسا نہیں ہوسکتا ہے کہ کوئی آدمی لا الٰہ الا اللہ انی رسول اللہ کی گواہی دیتا ہو وہ اس کے بعد جہنم میں داخل ہو جائے' یا فرمایا: جہنم کی آگ اس کو ہمیشہ کھائے۔ معتمر فرماتے ہیں: میرے والد نے بیان کیا کہ میں نے حضرت انس سے سنا اور انہوں نے اسے کسی ایک سے بیان نہیں کیا۔

مُسْنَدُ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ

مسند عمرو بن خارجہ رضی اللہ عنہ

1505 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ، قَالَ: خَطَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى نَاقَةٍ، وَأَنَا تَحْتَ جِرَانِهَا، وَهِيَ تَقْصَعُ بِجَرَّةٍ،

حضرت عمرو بن خارجہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے خطبہ دیا اس حالت میں کہ آپ ﷺ اونٹنی پر سوار تھے۔ میں اس کے نیچے کھڑا تھا وہ جگالی کر رہی تھی۔ اس کا لعاب میرے دونوں کندھوں کے درمیان گر رہا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! بے

وَلِعَابُهَا يَسِيلُ بَيْنَ كَتِفَيَّ، فَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، إِنَّ اللّٰهَ أَعْطَى كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ، فَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ، وَالْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ، وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ، وَمَنِ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ أَبِيهِ، أَوِ انْتَمَى إِلَى غَيْرِ مَوَالِيهِ رَغْبَةً عَنْهُمْ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَلَا عَدْلًا

شک اللہ عزوجل نے ہر صاحب حق کو اس کا حق دے دیا ہے لہٰذا وارث کے لیے وصیت جائز نہیں ہے۔ بچہ بستر والے کا ہے، زانی کے لیے پتھر ہیں۔ جس نے اپنی نسبت اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف کی یا اپنے آقا کے علاوہ کسی اور آقا کی طرف اس سے بے رغبت ہوتے ہوئے اس پر اللہ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو۔ اس کے نہ فرض اور نہ نفل دونوں قبول نہ ہوں گے۔

مُسْنَدُ عُمَارَةَ بْنِ أَوْسٍ

مسند عمارہ بن اوس رضی اللہ عنہ

1506 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ أَوْسٍ، وَقَدْ كَانَ صَلَّى الْقِبْلَتَيْنِ جَمِيعًا، قَالَ: إِنِّي لَفِي مَنْزِلِي إِذَا مُنَادٍ يُنَادِي عَلَى الْبَابِ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ حَوَّلَ الْقِبْلَةَ فَأَشْهَدُ عَلَى إِمَامِنَا، وَالرِّجَالِ، وَالنِّسَاءِ، وَالصِّبْيَانِ لَقَدْ صَلُّوا إِلَى هَاهُنَا - يَعْنِي بَيْتَ الْمَقْدِسِ - وَإِلَى هَاهُنَا- يَعْنِي الْكَعْبَةَ-

حضرت عمارہ بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کو دو قبلوں کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ فرماتے ہیں کہ میں اپنے گھر تھا۔ جب آواز دینے والے نے آواز دی میرے دروازے پر کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قبلہ شریف کی جانب منہ پھیر لیا ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں اپنے آگے والوں اور مردوں اور عورتوں اور بچوں کو جو بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہے تھے کہ وہ کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھیں۔

مُسْنَدُ سَعْدِ

مسند سعد بن

1506- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2صفحه13-14 . للمصنف والطبراني في الكبير . وأخرجه مالك في القبلة' باب: ما جاء في القبلة . والبخاري في الصلاة' باب: ما جاء في القبلة . ومسلم في المساجد' باب: تحويل القبلة من القدس الى الكعبة . وأبي داؤد في الصلاة' باب: من صلى لغير القبلة ثم علم .

بْنِ الْأَطْوَلِ

الاطول رضی اللہ عنہ

1507 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ أَبُو جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ الْأَطْوَلِ، أَنَّ رَجُلًا، مَاتَ وَتَرَكَ ثَلَاثَ مِائَةِ دِرْهَمٍ وَعِيَالًا، قَالَ: فَأَرَدْتُ أَنْ أُنْفِقَهَا عَلَى عِيَالِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَخَاكَ مَحْبُوسٌ بِدَيْنِهِ فَاقْضِ، عَنْهُ فَقَضَى، عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ قَضَيْتُ، عَنْهُ إِلَّا امْرَأَةً ادَّعَتْ دِينَارَيْنِ، وَلَيْسَ لَهَا بَيِّنَةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَعْطِهَا فَإِنَّهَا صَادِقَةٌ

حضرت سعد بن الاطول رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی فوت ہوا۔ اس نے تین سو تیرہ درہم بطور وراثت چھوڑے اور بچے۔ میں نے ارادہ کیا کہ یہ ان کی اولاد پہ خرچ کر دوں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا بھائی قرض چھوڑ کر مرا ہے تو اس کی طرف سے قرض ادا کر۔ عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے اس کی طرف سے قرض ادا کر دیا ہے۔ مگر ایک عورت دو دینار کا دعویٰ کرتی ہے اس کے پاس گواہ نہیں ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو اس کو دے دو کیونکہ وہ سچی ہے۔

1508 - حَدَّثَنَا ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ بَدْرِ بْنِ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ الْأَطْوَلِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرِ بْنِ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ الْأَطْوَلِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ الْأَطْوَلِ، قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ يَخْرُجُ إِلَى أَصْحَابِهِ بِتُسْتَرٍ يَزُورُهُمْ فَيُقِيمُ يَوْمَ دُخُولِهِ، وَالثَّانِي، وَيَخْرُجُ فِي الثَّالِثِ فَيَقُولُونَ لَهُ: لَوْ أَقَمْتَ، فَيَقُولُ: سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ: نَهَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ التَّنَاءَةِ، فَمَنْ أَقَامَ بِبَلَدِ الْخَرَاجِ فَقَدْ تَنَأَ فَأَنَا أَكْرَهُ أَنْ أُقِيمَ

حضرت سعد بن الاطول رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سعد رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کی طرف تستر گئے اُن کی ملاقات کرنے کے لیے۔ آپ جس دن آئے اس دن اور دوسرے دن مقیم ہو گئے۔ تیسرے دن نکلے انہوں نے آپ سے عرض کی کہ اگر قیام کریں (تو بہتر ہے) آپ نے فرمایا: میں نے اپنے باپ سے سنا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے منع کیا مقیم ہونے سے جو خراج والی جگہ میں قیام کرے بے شک اس میں مقیم ہونے سے منع کیا ہے۔ میں ناپسند کرتا ہوں مقیم ہونے کو۔

1507- أخرجه أحمد جلد4صفحه136 و جلد5صفحه7 . وابن ماجه في الصدقات' باب: أداء الدين عن الميت .

1508- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد5صفحه254 للمصنف اذن ولا سبب .

1509 - حَدَّثَنَا ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ، حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ مُوسَى الْقُرَشِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ سَعْدِ بْنِ الْأَطْوَلِ، أَنَّ أَبَاهُ مَاتَ وَتَرَكَ ثَلَاثَ مِائَةِ دِرْهَمٍ وَعِيَالًا وَدَيْنًا فَأَرَدْتُ أَنْ أُنْفِقَ عَلَى عِيَالِهِ، فَقَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبَاكَ مَحْبُوسٌ بِدَيْنِهِ فَاقْضِ، عَنْهُ قُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ قَضَيْتُ، عَنْهُ مَا خَلَا امْرَأَةً ادَّعَتْ دِينَارَيْنِ، وَلَيْسَ لَهَا بَيِّنَةٌ، قَالَ: أَعْطِهَا فَإِنَّهَا صَادِقَةٌ فَأَعْطَيْتُهَا

حضرت سعد بن الاطول رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ان کے والد فوت ہوئے۔ اس نے تین سو تیرہ درہم بطور وراثت چھوڑے اور بچے اور قرض چھوڑا' میں نے ارادہ کیا کہ یہ ان کی اولاد پہ خرچ کر دوں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرا باپ قرض کی وجہ سے روک لیا گیا' تُو اس کی طرف سے قرض ادا کر۔ عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے اس کی طرف سے قرض ادا کر دیا ہے۔ مگر ایک عورت دو دینار کا دعویٰ کرتی ہے اس کے پاس گواہ نہیں ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو اس کو دے دو کیونکہ وہ سچی ہے' میں نے اس کو دے دیا۔

1510 - حَدَّثَنَا ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ مُوسَى، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ

ابونضرہ' حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کسی آدمی سے اسی طرح روایت کرتے ہیں۔

أَبُو مَرْثَدٍ الْغَنَوِيُّ

مسند ابو مرثد الغنوی رضی اللہ عنہ

1511 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ بُسْرَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ، وَقَالَ مَرَّةً: عَنْ بُسْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ

حضرت ابو مرثد الغنوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قبروں پر نہ بیٹھو نہ اُن کی طرف منہ کر کے نماز پڑھو۔

1511- أخرجه أحمد جلد 4 صفحه 135 . ومسلم في الجنائز' باب: النهي عن الجلوس على القبر والصلاة عليه . والترمذي في الجنائز' باب: ما جاء في كراهية المشي على القبور والجلوس عليها . وأبو داؤد في الجنائز' باب: في كراهية القعود على القبر . والنسائي في القبلة' باب: النهي عن الصلاة الى القبر .

الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْأَسْقَعِ، عَنْ أَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَجْلِسُوا عَلَى الْقُبُورِ وَلَا تُصَلُّوا إِلَيْهَا

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَنْصَارِيُّ

مسند عبداللہ بن عبد الرحمٰن الانصاری رضی اللہ عنہ

1512 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا فَضَالَةُ بْنُ حَصِينٍ الْعَطَّارُ، قَالَ: سَمِعْتُ الْخَطَّابَ بْنَ سَعِيدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الرَّاسِخَاتُ فِي الْوَحْلِ، الْمُطْعِمَاتُ فِي الْمَحْلِ، مَنْ بَاعَهَا فَإِنَّ ثَمَنَهَا بِمَنْزِلَةِ الرَّمَادِ عَلَى شَاهِقَةٍ هَبَّتْ لَهُ رِيحٌ فَقَذَفَتْهُ

حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن الانصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیچڑ میں گڑی ہوئی اور محل میں کھائی جانے والی چیزوں کو جس نے بیچا' تو ان کی قیمت اس راکھ کی مانند ہے' جو بلند جگہ پر ہو' تھوڑی سی تیز ہوا چلے اور اس کو اُٹھا کر کہیں: (دریا' سمندر' کس وغیرہ) میں پھینک دے۔

1513 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبدالرحمٰن! حکومت کا سوال نہ

1512- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه68 للمصنف .

1513- أخرجه مسلم في الايمان' باب: ندب من حلف يمينًا فرأى غيرها خيرًا منها أن يأتي الذيهو خير منه ويكفر عن يمينه . وأحمد جلد5صفحه63,62 . والبخاري في الأيمان' باب: قوله تعالى: (لا يؤاخذكم الله باللغو في أيمانكم)' وفي الكفارات باب: الكفارة قبل الحنث وبعده . وفي الأحكام باب: من لم يسأل الامارة أعانه الله عليها' وباب: من سأل الامارة وكل اليها . وأبو داؤد في الخراج والاماء ة والفيء' باب: ما جاء في طلب الامارة . والترمذي في النذور والأيمان' باب: ما جاء في من حلف على يمين فرأى غيرها خيرًا منها . والنسائي في آداب القضاة' باب: النهي عن مسألة الامارة .

بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ، لَا تَسْأَلِ الْإِمَارَةَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ

کرنا' اور حدیث ذکر فرمائی۔

الْمِقْدَادُ بْنُ عَمْرٍو الْكِنْدِيُّ

مسند مقداد بن عمرو کندی رضی اللہ عنہ

1514 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ عَمْرٍو الْكِنْدِيِّ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِي رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِي، فَطَلَبْنَا هَلْ يُضِيفُنَا أَحَدٌ؟ فَلَمْ يُضِفْنَا أَحَدٌ، فَأَتَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَصَابَنَا جُوعٌ وَجَهْدٌ، وَإِنَّا تَعَرَّضْنَا هَلْ يُضِيفُنَا أَحَدٌ؟ فَلَمْ يُضِفْنَا أَحَدٌ، فَدَفَعَ إِلَيْنَا أَرْبَعَةَ أَعْنُزٍ فَقَالَ: " يَا مِقْدَادُ، خُذْ هَذِهِ فَاحْتَلِبْهَا فَجَزِّئْهَا أَرْبَعَةَ أَجْزَاءٍ: جُزْءًا لِي، وَجُزْءًا لَكَ، وَجُزْءًا لِصَاحِبَيْكَ " فَكُنْتُ أَفْعَلُ ذَلِكَ، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ لَيْلَةٍ شَرِبْتُ جُزْئِي، وَشَرِبَ صَاحِبَايَ جُزْئَيْهِمَا وَجَعَلْتُ جُزْءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَعْبِ، وَأَطْبَقْتُ عَلَيْهِ، فَاحْتَبَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ لِي نَفْسِي: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ دَعَاهُ أَهْلُ

حضرت مقداد بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرے دو ساتھی آئے' قریب تھا کہ بھوک کی وجہ سے ہماری سماعت اور بصارت چلی جاتی' پس ہم نے مطالبہ کیا' کیا ہمیں کوئی اپنا مہمان بنائے گا؟ ان میں سے کسی نے بطور مہمان ہم کو قبول نہ کیا یہاں تک کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے' عرض کی: اے اللہ کے رسول! ہمیں بے حد بھوک لگی ہے' ہم نے اپنے آپ کو بطور مہمان پیش کیا؟ ہمیں کسی نے اپنا مہمان نہ بنایا' پس آپ نے ہمیں چار بکریاں دیں' فرمایا: اے مقداد! ان کو پکڑ کر ان کا دودھ نکال' اس کو چار حصوں میں تقسیم کر' ایک حصہ میرے لیے' ایک تیرے لیے اور ایک ایک حصہ تیرے دونوں ساتھیوں کے لیے' پس میں ایسے ہی کرتا رہا' پس جب ایک رات میں نے اپنے حصہ اور میرے دونوں دوستوں نے اپنا اپنا حصہ پی لیا' میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حصہ پیالے میں رکھ کر' اوپر سے ڈھک دیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو آنے میں دیر لگ گئی' میں نے اپنے

1514- أخرجه أحمد جلد 6صفحه2-5 . ومسلم فى الأشربة' باب: اكرام الضيف وفضل ايثاره . والترمذى فى الاستئذان' باب: كيف السلام .

بَيْتٍ مِنَ الْمَدِينَةِ، فَتَعَشَّى مَعَهُمْ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحْتَاجُ إِلَى هَذَا اللَّبَنِ. فَلَمْ تَزَلْ نَفْسِي تُدِيرُنِي حَتَّى قُمْتُ إِلَى الْقَعْبِ، فَشَرِبْتُ مَا فِيهِ، فَلَمَّا تَقَارَّ فِي بَطْنِي أَخَذَنِي مَا قَدُمَ، وَمَا حَدَثَ، فَقَالَتْ لِي نَفْسِي: يَجِيءُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَائِعٌ ظَمْآنُ، فَيَرْفَعُ الْقَعْبَ، فَلَا يَجِدُ فِيهِ شَيْئًا فَيَدْعُو عَلَيْكَ، فَتَسَجَّيْتُ كَأَنِّي نَائِمٌ، وَمَا كَانَ بِي نَوْمٌ، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ تَسْلِيمَةً أَسْمَعَ الْيَقْظَانَ، وَلَمْ يُوقِظِ النَّائِمَ، فَلَمَّا لَمْ يَرَ فِي الْقَعْبِ شَيْئًا رَفَعَ رَأْسَهُ إِلَى السَّمَاءِ، فَقَالَ: اللَّهُمَّ أَطْعِمْ مَنْ أَطْعَمَنَا وَاسْقِ مَنْ سَقَانَا قَالَ: فَاغْتَنَمْتُ دَعْوَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذْتُ الشَّفْرَةَ وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَذْبَحَ بَعْضَ تِلْكَ الْأَعْنُزِ فَأُطْعِمَهُ، فَضَرَبْتُ بِيَدِي فَوَقَعَتْ عَلَى ضَرْعِهَا، فَإِذَا هِيَ حَافِلٌ، ثُمَّ نَظَرْتُ إِلَيْهِنَّ جَمِيعًا، فَإِذَا هُنَّ حُفَّلٌ فَحَلَبْتُ فِي الْقَعْبِ حَتَّى امْتَلَأَ، ثُمَّ أَتَيْتُهُ وَأَنَا أَبْتَسِمُ، فَقَالَ: هِيهِ بَعْضَ سَوْآتِكَ يَا مِقْدَادُ فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اشْرَبْ، ثُمَّ أُخْبِرُ فَشَرِبَ، ثُمَّ شَرِبْتُ مَا بَقِيَ ثُمَّ أَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: يَا مِقْدَادُ، هَذِهِ بَرَكَةٌ كَانَ يَنْبَغِي لَكَ أَنْ تُعْلِمَنِي حَتَّى نُوقِظَ صَاحِبَيْنَا فَنَسْقِيَهُمَا مِنْ هَذِهِ الْبَرَكَةِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِذَا شَرِبْتَ أَنْتَ الْبَرَكَةَ وَأَنَا فَمَا أُبَالِي مَنْ أَخْطَأَتْ

دل میں کہا: بے شک رسول کریم ﷺ نے اپنے گھر والوں کو مدینہ سے بلا کر ان کے ساتھ شام کا کھانا کھایا ہے لہٰذا رسول کریم ﷺ کو اس دودھ کی ضرورت نہیں ہے یہ بات مسلسل میرے دل میں گھومتی رہی یہاں تک کہ میں اُٹھ کر اس پیالہ کے پاس گیا جتنا اس میں دودھ تھا' میں نے پی لیا' پس جب میں نے پی لیا تو مجھے ندامت ہوئی اور دل میں کہا کہ جو میں نے کہا (اگر) محمد ﷺ آئے اور آپ نے دودھ نہ پایا تو آپ تیرے خلاف کریں گے اور تُو ہلاک ہو جائے گا۔ مجھے نیند نہیں آ رہی تھی' اسی حال میں حضور ﷺ تشریف لائے' آپ ویسے ہی آئے آپ نے اس انداز میں سلام کیا کہ جاگنے والا سنے اور سونے والا نہ جاگے' پھر آپ نے پینے کے لیے دودھ دیکھا تو آپ نے برتن میں کوئی شی نہیں دیکھی' آپ نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف اُٹھایا' اس کے بعد حضور ﷺ نے عرض کی: اے اللہ! تُو اس کو کھلا جو مجھے کھلائے اور تُو اس کو پلا جو مجھے پلائے۔ میں نے چھری پکڑی تاکہ میں ایک بکری حضور ﷺ کے لیے ذبح کروں۔ میں نے اس بکری کی کھیری پر ہاتھ مار کر دیکھا اس کے اور سب بکریوں کے تھن دودھ سے بھرے ہوئے ہیں' میں نے پیالے میں دودھ دوھا یہاں تک کہ وہ برتن بھر گیا' پھر میں اس کو لے کر حضور ﷺ کے پاس آیا' اس حال میں کہ میں ہنس رہا تھا' آپ نے فرمایا: اے مقداد! اپنی غلطی سے' میں نے عرض کی: آپ پئیں! پھر میں خبر دینے لگا۔ آپ نے اس کو نوش کیا' پھر

مجھے پکڑایا تو میں نے اس کو پیا جو بچا ہوا تھا' پھر آپ نے مجھے فرمایا: اے مقداد! یہ برکت ہے' آپ کو چاہیے کہ مجھے بتائیں تا کہ ہم اپنے دونوں ساتھیوں کو جگا کر اس برکت سے ان کو بھی پلائیں۔ میں نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! جب میں نے اور آپ نے برکت کو پی لیا۔

عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شِبْلٍ الْأَنْصَارِيُّ

1515 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا أَبَانُ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي زَيْدُ، عَنْ أَبِي سَلَامٍ، عَنِ الْحُبْرَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شِبْلٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَءُوا الْقُرْآنَ، وَلَا تَغْلُوا فِيهِ، وَلَا تَجْفُوا، عَنْهُ، وَلَا تَأْكُلُوا بِهِ، وَلَا تَسْتَكْثِرُوا بِهِ

مسند عبدالرحمٰن بن شبل انصاری رضی اللہ عنہ

حضرت عبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ انہوں نے حضورِ انور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن پڑھو۔ اس میں غلو نہ کرو۔ اس سے بے وفائی نہ کرو۔ اس کو کھانے کا ذریعہ نہ بناؤ نہ اس کے ساتھ کثرت حاصل کرو (یعنی اس کے ذریعے مال جمع نہ کرو)۔

مُسْنَدُ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ

1516 - حَدَّثَنَا خَلَفُ الْبَزَّازُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيِّ، وَلَا أَعْلَمُهُ إِلَّا رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

مسند جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ

حضرت جندب بن ابن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے علم کے مطابق مرفوعاً حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کرتا ہوں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قرآن پڑھو جب تک دل

1515- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 444 . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 95 وجلد 7 صفحه 167-168 للمصنف والطبراني في الكبير والأوسط .

1516- أخرجه البخاري في فضائل القرآن' باب: اقرء وا القرآن ما ائتلفت عليه قلوبكم' وفي الاعتصام باب: كراهية الاختلاف . وأحمد جلد 4 صفحه 313 . ومسلم في العلم' باب: النهي عن اتباع متشابه القرآن .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اقْرَءُوا الْقُرْآنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَيْهِ قُلُوبُكُمْ، فَإِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ فَقُومُوا، عَنْهُ قَالَ: وَكُنْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا حَزَوَّرًا

تمہارا چاہے جب دل اُکتا جائے اس کو چھوڑ دو۔ جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں جوانی کے قریب تھا۔

1517 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُهَيْلُ، أَخُو حَزْمٍ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ فِي الْقُرْآنِ بِرَأْيِهِ فَأَصَابَ فَقَدْ أَخْطَأَ

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے قرآن میں اپنی رائے سے کچھ کہا وہ درست ہی کیوں نہ ہو بے شک اس نے غلطی کی۔

1518 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبٍ، وَغَيْرِهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسَى، فَقَالَ مُوسَى: أَنْتَ آدَمُ الَّذِي خَلَقَكَ اللَّهُ بِيَدِهِ وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، وَأَسْكَنَكَ جَنَّتَهُ فَأَخْرَجْتَ النَّاسَ مِنَ الْجَنَّةِ، فَقَالَ آدَمُ: أَنْتَ مُوسَى الَّذِي كَلَّمَكَ اللَّهُ نَجِيًّا، وَآتَاكَ التَّوْرَاةَ، تَلُومُنِي عَلَى أَمْرٍ قَدْ كُتِبَ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَنِي " ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت موسیٰ و آدم علیہما السلام کا مکالمہ ہوا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی کہ آپ آدم علیہ السلام ہیں۔ جس کو اللہ عزوجل نے اپنے دستِ قدرت سے پیدا کیا۔ تیرے لیے فرشتوں کو سجدہ کروایا تجھے اپنی جنت میں رکھا۔ پس آپ لوگوں کو جنت سے نکال لائے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: آپ وہ موسیٰ ہیں جن کے ساتھ اللہ نے کلام فرمایا اور تجھے تورات دی۔ آپ مجھے ملامت کرتے ہیں اس کام پر جو مجھ پر لکھا گیا تھا میرے پیدا ہونے سے پہلے۔ آدم علیہ السلام موسیٰ پہ غالب آگئے اور موسیٰ علیہ السلام پر غالب آگئے۔

1519 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ،

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ یہ بجیلہ کے ایک آدمی ہیں' فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا۔

1517- أخرجه أبو داؤد في العلم' باب: الكلام في كتاب الله بغير علم . والترمذي في التفسير' باب: ما جاء في الذي يفسر القرآن برأيه .

1518- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 191 للمصنف وأحمد بنحوه والطبراني .

1519- أخرجه أحمد جلد 5 صفحه 205 . ومسلم في الايمان' باب: تحريم قتل الكافر بعد أن قال: لا اله الا الله . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1 صفحه 27 . للمصنف والطبراني في الكبير .

حَدَّثَنِی عَبْدُ الْحَمِیدِ بْنُ بَهْرَامَ، حَدَّثَنَا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِی جُنْدُبُ بْنُ سُفْیَانَ، رَجُلٌ مِنْ بَجِیلَةَ قَالَ: إِنِّی، عَنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَهُ بَشِیرٌ مِنْ سَرِیَّةٍ بَعَثَهَا فَأَخْبَرَهُ، بِنَصْرِ اللّٰهِ الَّذِی نَصَرَ سَرِیَّتَهُ، وَبِفَتْحِ اللّٰهِ الَّذِی فَتَحَ لَهُمْ قَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَیْنَمَا نَحْنُ بِطَلَبِ الْعَدُوِّ وَقَدْ هَزَمَهُمُ اللّٰهُ، إِذْ لَحِقْتُ رَجُلًا بِالسَّیْفِ، فَلَمَّا أَحَسَّ أَنَّ السَّیْفَ قَدْ وَاقَعَهُ، الْتَفَتَ وَهُوَ یَسْعَی فَقَالَ: " إِنِّی مُسْلِمٌ، إِنِّی مُسْلِمٌ، فَقَتَلْتُهُ وَإِنَّمَا كَانَ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ مُتَعَوِّذًا، قَالَ: فَهَلَّا شَقَقْتَ، عَنْ قَلْبِهِ، فَنَظَرْتَ صَادِقٌ هُوَ أَوْ كَاذِبٌ؟ ، قَالَ: لَوْ شَقَقْتُ، عَنْ قَلْبِهِ مَا كَانَ یُعْلِمُنِی الْقَلْبُ، هَلْ قَلْبُهُ إِلَّا مُضْغَةٌ مِنْ لَحْمٍ؟ قَالَ: فَأَنْتَ قَتَلْتَهُ، لَا مَا فِی قَلْبِهِ عَلِمْتَ، وَلَا لِسَانَهُ صَدَّقْتَ ، قَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتَغْفِرْ لِی، قَالَ: لَا أَسْتَغْفِرُ لَكَ ، فَدَفَنُوهُ فَأَصْبَحَ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ قَوْمُهُ اسْتَحْیَوْا وَخَزَوْا مِمَّا لَقِیَ، فَحَمَلُوهُ فَأَلْقَوْهُ فِی شِعْبٍ مِنْ تِلْكَ الشِّعَابِ"

اچانک ایک خوشخبری دینے والا سریہ سے آیا جس کو آپ نے بھیجا تھا۔ اس نے خبر دی اللہ کی مدد سے جو اللہ نے اس سریہ میں کی' اور اللہ کی طرف سے فتح 'اللہ عزوجل نے اس سریہ والوں میں فتح دی۔ ان کو انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اس درمیان ہم دشمن کو تلاش کر رہے تھے۔ اللہ عزوجل نے اُن کو شکست دی۔ اچانک میں نے آدمی پر پیچھے سے تلوار کا وار کیا۔ جب اس نے محسوس کیا کہ تلوار اس پر گرنے والی ہے۔ وہ دوڑا' اس نے کہا: میں مسلمان ہوں میں مسلمان ہوں میں نے اس کو قتل کر دیا۔ اے اللہ کے نبی! وہ بچنا چاہتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے اس کا دل چیر لیا تھا کہ تو نے دیکھ لیا تھا کہ وہ سچا ہے یا جھوٹا ہے؟ فرماتے ہیں میں نے عرض کی اگر میں دل چیر بھی لیتا تو مجھے کیا معلوم تھا کہ اس کے دل میں کیا ہے؟ دل گوشت کا ٹکڑا ہے' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے اس کو قتل کیا تیرے لیے نہیں کہ تو اس کے دل کو جانتا اور اس کے دل کو جانتا اور اس کی زبان کے متعلق معلوم کرتا کہ وہ سچی ہے۔ عرض کی: یا رسول اللہ! میرے لیے بخشش طلب کریں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے لیے بخشش نہیں طلب کروں گا۔ اس کو دفن کیا گیا تو صبح کے وقت زمین کے اوپر پڑا ہوا تھا انہوں نے تین مرتبہ دفن کیا۔ جب اس کی قوم نے دیکھا تو اُن کو حیاء آئی اور ذلیل ہوئے اس کو اٹھایا اور اس کو گھاٹیوں میں سے کسی گھاٹی میں پھینک دیا۔

1520 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ جو قبیلہ بجیلہ کے

عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، حَدَّثَنَا شَهْرُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنِي جُنْدُبُ بْنُ سُفْيَانَ، رَجُلٌ مِنْ بَجِيلَةَ قَالَ: إِنِّي لَعِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ جَاءَهُ بَشِيرٌ مِنْ سَرِيَّةٍ بَعَثَهَا، فَأَخْبَرَهُ بِنَصْرِ اللّٰهِ الَّذِي نَصَرَ سَرِيَّتَهُ، وَبِفَتْحِ اللّٰهِ الَّذِي فَتَحَ لَهُمْ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَزَادَ فِيهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِنْدَ ذَلِكَ: سَتَكُونُ بَعْدِي فِتَنٌ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ تَصْدِمُ كَصَدْمِ الْحَيَّاتِ، وَفُحُولِ الثِّيرَانِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيهَا مُسْلِمًا، وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي فِيهَا مُسْلِمًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ: فَكَيْفَ نَصْنَعُ، عِنْدَ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ادْخُلُوا بُيُوتَكُمْ وَأَخْمِلُوا ذِكْرَكُمْ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ: أَفَرَأَيْتَ إِنْ دَخَلَ عَلَى أَحَدِنَا فِي بَيْتِهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِيُمْسِكْ بِيَدِهِ، وَلْيَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْمَقْتُولَ، وَلَا يَكُنْ عَبْدَ اللّٰهِ الْقَاتِلَ، فَإِنَّ الرَّجُلَ يَكُونُ فِي قُبَّةِ الْإِسْلَامِ فَيَأْكُلُ مَالَ أَخِيهِ، وَيَسْفِكُ دَمَهُ، وَيَعْصِي رَبَّهُ، وَيَكْفُرُ بِخَالِقِهِ، وَتَجِبُ لَهُ جَهَنَّمُ

1804- أخرجه مالك في الحج' باب: الرمل في الطواف . وأحمد جلد3صفحه340-373 . ومسلم في الحج' باب: استحباب الرمل في الطواف والعمرة . والنسائي في المناسك' باب: كيف يطوف أول ما يقدم' وباب: الرمل من الحجر الى الحجر' وباب: القول بعد ركعتي الطواف . وابن ماجه في المناسك' باب: الرمل حول البيت . والترمذي في الحج' باب: ما جاء كيف الطواف؟ وباب: ما جاء في الرمل من الحجر الى الحجر . والدارمي في المناسك' باب: من رمل ثلاثًا ومشى أربعًا .

1805 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرِيضًا وَأَنَا مَعَهُ فَرَآهُ يُصَلِّي وَيَسْجُدُ عَلَى وِسَادَةٍ فَنَهَاهُ، وَقَالَ: إِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَسْجُدَ عَلَى الْأَرْضِ فَاسْجُدْ، وَإِلَّا فَأَوْمِ إِيمَاءً، وَاجْعَلِ السُّجُودَ أَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوعِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک مریض کی عیادت کے لیے تشریف لائے۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا وہ تکیہ پر سجدہ کر رہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو منع کیا اور فرمایا: اگر تو طاقت رکھتا ہے تو زمین پر سجدہ کرنے کی تو زمین پر سجدہ کر۔ ورنہ اشارہ کے ساتھ کر اور سجدہ رکوع سے جھک کر کیا کر۔

1806 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا سَلَّامٌ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى مَا يُنْجِيكُمْ مِنْ عَدُوِّكُمْ وَيَدِرُّ لَكُمْ أَرْزَاقَكُمْ؟ تَدْعُونَ اللَّهَ فِي لَيْلِكُمْ وَنَهَارِكُمْ، فَإِنَّ الدُّعَاءَ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں جس کی وجہ سے تم دشمن سے نجات پاؤ اور تمہارے رزق میں برکت ہو۔ تم اللہ سے دن و رات دعا کیا کرو بے شک دعا مومن کا اسلحہ ہے۔

1807 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " عَسَى أَنْ يُكَذِّبَنِي رَجُلٌ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى أَرِيكَتِهِ يَبْلُغُهُ الْحَدِيثُ عَنِّي، فَيَقُولُ: مَا قَالَ ذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ ایک آدمی مجھے جھٹلائے وہ تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے ہوگا اس کو میری حدیث بیان کی جائے گی، وہ کہے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا: اس کو چھوڑ دو وہ لاؤ جو قرآن میں ہے۔

1805- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه148 للمصنف والبزار .

1806- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه147 للمصنف .

1807- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه155 للمصنف .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَعْ هٰذَا وَهَاتِ مَا فِي الْقُرْآنِ "

1808 - قَالَ اِسْمَاعِيلُ: فَحَدَّثْتُ بِهِ عَمْرَو بْنَ عُبَيْدٍ فَقَالَ: لَا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قُلْتُ: فَانْطَلِقْ بِنَا اِلَى الْحَسَنِ، فَأَتَيْنَا الْحَسَنَ فَسَأَلْنَاهُ عَنِ الْحَدِيثِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ

حضرت اسماعیل فرماتے ہیں کہ مجھے عمرو بن عبید نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: نہیں! کیا ہم کو حسن نے بیان کی' انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے۔ میں نے کہا: ہم کو حسن کے پاس لے چلو' ہم حسن کے پاس آئے۔ ہم نے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا: مجھے یزید رقاشی نے بیان کی' انہوں نے محمد بن منکدر سے' انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بیان کی۔

1809 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْكَبُوا الْهَدْيَ بِالْمَعْرُوفِ حَتَّى تَجِدُوا ظَهْرًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قربانی کے جانور پر سوار ہو جاؤ، بھلائی کے ساتھ یہاں تک کہ تم پالو کوئی اور سواری۔

1810 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ طَرْقِ الْفَحْلِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا نر کو مادہ پر کُدوانے کی مزدوری لینے سے۔

1811 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا فالتو پانی کی بیع کرنے سے

1809- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 317-324 . ومسلم في الحج' باب: جواز ركوب البدنة . وأبو داؤد في المناسك' باب: في ركوب البدن . والنسائي في المناسك' باب: ركوب البدن بالمعروف . والبيهقي في الحج' باب: ركوب البدنة اذا اضطر اليه .

1810- أخرجه مسلم في المساقاة' باب: تحريم فضل بيع الماء . والبيهقي في البيوع' باب: النهي عن عسب الفحل . والنسائي في البيوع' باب: بيع ضراب الجمل .

1811- أخرجه مسلم في المساقاة' باب: تحريمبيع الماء . وابن ماجه في الرهون' باب: النهي عن بيع الماء . والبيهقي في البيوع' باب: النهي عن عسب الفحل . والنسائي في البيوع' باب: بيع الماء .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ مَنْعِ فَضْلِ الْمَاءِ لِيَمْنَعَ بِهِ الْكَلَأَ

تا کہ اس کے ساتھ گھاس اُگے۔

1812 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنِ الذَّيَّالِ بْنِ حَرْمَلَةَ الْأَسَدِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: اجْتَمَعَتْ قُرَيْشٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَقَالُوا: انْظُرُوا أَعْلَمَكُمْ بِالسِّحْرِ وَالْكَهَانَةِ، وَالشِّعْرِ، فَلْيَأْتِ هَذَا الرَّجُلَ الَّذِي قَدْ فَرَّقَ جَمَاعَتَنَا، وَشَتَّتَ أَمْرَنَا، وَعَابَ دِينَنَا، فَلْيُكَلِّمْهُ وَلْيَنْظُرْ مَا يَرُدُّ عَلَيْهِ، قَالُوا: مَا نَعْلَمُ أَحَدًا غَيْرَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ، قَالُوا: أَنْتَ يَا أَبَا الْوَلِيدِ، فَأَتَاهُ عُتْبَةُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، أَنْتَ خَيْرٌ أَمْ عَبْدُ اللّٰهِ، فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: أَنْتَ خَيْرٌ أَمْ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ، فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَإِنْ كُنْتَ تَزْعُمُ أَنَّ هَؤُلَاءِ خَيْرٌ مِنْكَ فَقَدْ عَبَدُوا الْآلِهَةَ الَّتِي عِبْتَ، وَإِنْ كُنْتَ تَزْعُمُ أَنَّكَ خَيْرٌ مِنْهُمْ فَتَكَلَّمْ حَتَّى نَسْمَعَ قَوْلَكَ، إِنَّا وَاللّٰهِ مَا رَأَيْنَا سَخْلَةً قَطُّ أَشْأَمَ عَلَى قَوْمِكَ مِنْكَ، فَرَّقْتَ جَمَاعَتَنَا، وَشَتَّتَ أَمْرَنَا، وَعِبْتَ دِينَنَا، فَفَضَحْتَنَا فِي الْعَرَبِ، حَتَّى لَقَدْ طَارَ فِيهِمْ أَنَّ فِي قُرَيْشٍ سَاحِرًا، وَأَنَّ فِي قُرَيْشٍ كَاهِنًا، وَاللّٰهِ مَا نَنْتَظِرُ إِلَّا مِثْلَ صَيْحَةِ الْحُبْلَى بِأَنْ يَقُومَ بَعْضُنَا إِلَى بَعْضٍ بِالسُّيُوفِ حَتَّى نَتَفَانَى أَيُّهَا الرَّجُلُ، إِنْ كَانَ إِنَّمَا بِكَ الْحَاجَةُ جَمَعْنَا حَتَّى تَكُونَ أَغْنَى قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قریش ایک دن نبی کریم ﷺ کی خاطر اکٹھے ہوئے' اُنہوں نے کہا: اپنے میں سے کوئی ایسا آدمی دیکھو جو تم سب سے زیادہ جادو' کہانت اور شعر کو جاننے والا ہو' پس وہ اس آدمی (نبی کریم ﷺ) کے پاس جائے' جس نے ہماری اجتماعیت کو ختم کر دیا ہے' ہمارے معاملے کو بکھیر کر رکھ دیا ہے اور ہمارے دین کو معیوب قرار دیا ہے' پس وہ اس سے کلام کرے اور عذر کرے' یہ کیا جواب دیتا ہے۔ انہوں نے کہا: عتبہ بن ربیعہ کے علاوہ ہم کسی کو ایسا نہیں جانتے' انہوں نے کہا ہے: اے ابوالولید! تُو ہی ہے' پس وہ آپ کے پاس آیا' اس نے کہا: اے محمد! کیا تُو بہتر ہے یا (آپ کا باپ) عبداللہ؟ آپ خاموش رہے' پھر اُس نے کہا: آپ بہتر ہیں یا عبدالمطلب؟ رسول کریم ﷺ پھر بھی جواب دینے سے چپ رہے' پس اگر آپ گمان کرتے ہیں کہ یہ سارے آپ سے بہتر ہیں تو یہ ان معبودوں کی عبادت کرتے رہے ہیں جن پر عیب لگاتے ہیں' پس اگر آپ کا گمان ہے کہ آپ ان سے بہتر ہیں تو پھر بولیں تا کہ ہم بھی آپ کی بات سنیں۔ قسم بخدا! ہم نے کسی پیدا ہونے والے کو نہیں دیکھا ہے جو آپ کی قوم پر آپ سے زیادہ بھاری ہو۔ آپ نے ہماری جمعیت کو تتر بتر کر دیا' ہمارے امر کو بکھیر

1812- أخرجه وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**6**صفحه**20** للمصنف .

رَجُلًا، وَإِنْ كَانَ إِنَّمَا بِكَ الْبَاءَةُ فَاخْتَرْ أَيَّ نِسَاءِ قُرَيْشٍ شِئْتَ فَنُزَوِّجُكَ عَشْرًا، قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ: أَفَرَغْتَ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ (حم تَنْزِيلٌ مِنَ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ) (فصلت:2)، حَتَّى بَلَغَ (فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ) (فصلت:13)"، فَقَالَ عُتْبَةُ: حَسْبُكَ حَسْبُكَ، مَا عِنْدَكَ غَيْرُ هَذَا؟ قَالَ: لَا، فَرَجَعَ إِلَى قُرَيْشٍ، فَقَالُوا: مَا وَرَاءَكَ؟ قَالَ: مَا تَرَكْتُ شَيْئًا أَرَى أَنَّكُمْ تُكَلِّمُونَهُ بِهِ إِلَّا كَلَّمْتُهُ، قَالُوا: هَلْ أَجَابَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَالَّذِي نَصَبَهَا بَنِيَّةً، مَا فَهِمْتُ شَيْئًا مِمَّا قَالَ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: (أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ) (فصلت:13)، قَالُوا: وَيْلَكَ يُكَلِّمُكَ رَجُلٌ بِالْعَرَبِيَّةِ لَا تَدْرِي مَا قَالَ، قَالَ: لَا، وَاللَّهِ مَا فَهِمْتُ شَيْئًا مِمَّا قَالَ غَيْرَ ذِكْرِ الصَّاعِقَةِ

دیا اور ہمارے دین کو عیب لگایا' سو آپ نے تو ہمیں پورے عرب میں رسوا کر دیا حتیٰ کہ اب ان میں یہ خبر عام ہوگئی ہے کہ قریشیوں میں ایک جادوگر ہے' ایک کاہن ہے۔قسم بخدا! ہمیں حاملہ عورت کی چیخ کی مقدار انتظار ہے' تلوار لے کر ہم ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہوں گے یہاں تک کہ فنا ہو جائیں گے۔اے صاحب! اگر تو آپ کو کوئی مالی ضرورت ہے تو ہم آپ کو اتنا مال اکٹھا کر کے دیتے ہیں کہ آپ تمام قریش سے زیادہ مالدار بن جائیں گے' اگر آپ شادی کرنا چاہتے ہیں تو قریش کی جس عورت کو پسند کریں' ہم آپ کی دس شادیاں کر دیتے ہیں۔رسول کریم ﷺ نے اس سے ارشاد فرمایا: کیا تُو نے اپنی بات کر لی ہے؟ اس نے کہا: جی ہاں! رسول کریم ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے' حٰم' رحمان و رحیم کی طرف سے نازل کیا گیا ہے' آپ تلاوتِ آیات کرتے رہے حتیٰ کہ اس آیت پہ پہنچے: پس اگر وہ اعراض کریں تو فرما دیجئے! میں تمہیں قوم عاد و ثمود جیسی کڑک سے ڈراتا ہوں۔عتبہ نے کہا: کافی ہے' کافی ہے' اس کے علاوہ بھی آپ کے پاس کچھ جواب ہے؟ آپ نے فرمایا: نہیں! وہ قریشیوں کی طرف واپس ہوگیا۔انہوں نے کہا: تیرے پیچھے کیا ہے؟ اس نے کہا: میں نے پیچھے کوئی گنجائش نہیں چھوڑی ہے' جو باتیں تم ان سے کہہ سکتے تھے' میں نے کہہ دی ہیں' اُنہوں نے کہا: کیا اُنہوں نے آپ کو جواب دیا؟ اس نے کہا: جی ہاں! اس ذات کی قسم جس

نے بنیاد ڈالی ہے' میں صرف ایک بات کے علاوہ کچھ نہیں سمجھا' اُنہوں نے کہا: میں تمہیں عاد وثمود جیسی کڑک سے ڈراتا ہوں' انہوں نے کہا: تیرے لیے ہلاکت ہو' ایک آدمی آپ سے عرب میں کلام کرتا ہے اور تُو سمجھتا نہیں' اس نے کیا کہا۔ اس نے کہا: یہ بات نہیں' یہ قسم ہے۔ اس نے جو کہا: صاعقہ کے ذکر کے علاوہ مجھے کوئی چیز سمجھ نہیں آئی۔

1813 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ أُتِيَ بِأَبِي قُحَافَةَ وَرَأْسُهُ وَلِحْيَتُهُ كَأَنَّهُمَا ثَغَامَةٌ، فَقَالَ: غَيِّرُوا الشَّيْبَ، وَاجْتَنِبُوا السَّوَادَ

حضرت جابر بن عبداللہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ جب مکہ شریف تشریف لائے آپ کے پاس ابوقحافہ کو لایا گیا ان کے سر کے بال اور داڑھی شریف کے بال ایسے جیسے بالکل سفید تھے۔ حضور ﷺ سفیدی کو بدلو اور سیاہی سے بچو' یعنی سیاہ خضاب سے۔

1814 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَادِ يَا عُمَرُ فِي النَّاسِ، أَنَّهُ مَنْ مَاتَ يَعْبُدُ اللّٰهَ مُخْلِصًا مِنْ قَلْبِهِ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، وَحَرَّمَ عَلَيْهِ النَّارَ، قَالَ: فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَفَلَا أُبَشِّرُ النَّاسَ؟ قَالَ: لَا، لَا يَتَّكِلُوا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے عمر! لوگوں کو آواز دے دو جو اللہ کی عبادت کرتا ہے خلوص دل کے ساتھ اللہ اس کو جنت میں داخل کرے گا اور جہنم اس پر حرام کر دے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا میں لوگوں کو خوشخبری دوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! لوگ اس پر بھروسہ نہ کر لیں۔

1813- أخرجه أحمد جلد3صفحه316-322 . وابن ماجه في اللباس' باب: الخضاب بالسواد . والنسائي في الزينة' باب: النهي عن الخضاب بالسواد . وأبو داؤد في الترجل' باب: في الخضاب . ومسلم في اللباس' باب: استحباب خضاب الشيب بصفرة أو حمرة .

1814- أخرجه مسلم في الايمان' باب: من مات لا يشرك بالله شيئًا دخل الجنة . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه17 للمصنف .

1815 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي بَكْرٍ: مَتَى تُوتِرُ؟ ، قَالَ: مِنْ أَوَّلِ اللَّيْلِ بَعْدَ الْعَتَمَةِ، ثُمَّ قَالَ لِعُمَرَ: مَتَى تُوتِرُ؟ ، قَالَ: مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ، قَالَ لِأَبِي بَكْرٍ: أَخَذْتَ بِالْحَزْمِ ، وَقَالَ لِعُمَرَ: أَخَذْتَ بِالْقُوَّةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم وتر کب پڑھتے ہو؟ عرض کی: اوّل رات کو عشاء کے بعد۔ پھر حضرت عمر سے پوچھا: تم کب پڑھتے ہو؟ عرض کی: رات کے آخری حصہ میں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تو نے یقین کو پکڑا' اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا: تو نے قوت کو پکڑا۔

1816 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ بِيَدِ مَجْذُومٍ فَوَضَعَهَا مَعَهُ فِي الْقَصْعَةِ، فَقَالَ: كُلْ بِسْمِ اللّٰهِ ثِقَةً بِاللّٰهِ، وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جذام کی بیماری والے کے ہاتھ کو پکڑا اس کا ہاتھ اپنے ساتھ پیالے میں رکھ' اور فرمایا: کھا اللہ کا نام لے کر، اللہ پر یقین اور اس پر بھروسہ کرتے ہوئے کھاؤ۔

1817 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا مُجَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي الشَّعْبِيُّ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ امْرَأَتَيْنِ مِنْ هُذَيْلٍ قَتَلَتْ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَى، وَلِكُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا زَوْجٌ وَوَلَدٌ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ دو عورتیں قبیلہ ہذیل سے تھیں۔ ان میں سے ایک نے دوسری کو مارا۔ ان میں سے ہر ایک کا شوہر اور اولاد بھی تھی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مقتول کی دیت قاتلہ کے ورثاء پر مقرر فرمائی' اس عورت کے شوہر اور اس کی اولاد کو اس سے بری قرار

1815- أخرجه أحمد جلد 3صفحه330 . وابن ماجه في الاقامة' باب: ما جاء في الوتر أول الليل . وأبو داؤد في الصلاة' باب: في الوتر قبل النوم .

1816- أخرجه ابن ماجه في الطب' باب: الجذام . وأبو داؤد في الطب' باب: في الطيرة . والترمذي في الأطعمة' باب: ما جاء في الأكل مع المجذوم . والبيهقي في النكاح' باب: لا يورد ممرض على مصح .

1817- أخرجه أبو داؤد في الديات' باب: دية الجنين . وابن ماجه في الديات' باب: عقل المرأة على عصبتها وميراثها لولدها . والبخاري في الديات' باب: جنين المرأة . ومسلم في القسامة . باب: دية الجنين . والنسائي في القسامة' باب: دية جنين المرأة . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد6صفحه299 للمصنف .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةَ الْمَقْتُولِ عَلَى عَاقِلَةِ الْقَاتِلَةِ، وَبَرَّأَ زَوْجَهَا وَوَلَدَهَا، قَالَ: فَقَالَ عَاقِلَةُ الْمَقْتُولِ: مِيرَاثُهَا لَنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، مِيرَاثُهَا لِزَوْجِهَا وَوَلَدِهَا، قَالَ: وَكَانَتْ حُبْلَى، فَقَالَتْ عَاقِلَةُ الْمَقْتُولَةِ: إِنَّهَا كَانَتْ حُبْلَى، وَأَلْقَتْ جَنِينًا، قَالَ: فَخَافَ عَاقِلَةُ الْقَاتِلَةِ أَنْ يُضَمِّنَهُمْ، قَالَ: فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَا شَرِبَ، وَلَا أَكَلَ، وَلَا صَاحَ، فَاسْتَهَلَّ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَسَجْعَ الْجَاهِلِيَّةِ؟، فَقَضَى فِي الْجَنِينِ غُرَّةً عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ

دیا۔ مقتول کے ورثاء کہنے لگے: اس کی وراثت ہمارے لیے ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: آپ کے لیے نہیں' اس کی وراثت اس کے شوہر اور اولاد کے لیے ہے' وہ عورت حاملہ تھی' مقتولہ کے ورثاء کہنے لگے: وہ حاملہ تھی اور اس نے کچا بچہ جن دیا ہے۔ قاتلہ کے ورثاء نے کہا کہ اس کی ضمان بھی لے جائے گی۔ اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! نہ اس نے پیا نہ کھایا' نہ چیخ ماری' وہ ایسے ہی مر گیا ہے۔ اس کے بعد حضور ﷺ نے فرمایا: کیا جاہلیت والی باتیں کرتے ہو؟ آپ نے ایک غلام یا لونڈی آزاد کرنے کی دیت مقرر کی۔

1818 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، سَمِعَ عَمْرٌو، جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، فَكَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ الْأَنْصَارِيُّ: يَا لِلْأَنْصَارِ، فَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لِلْمُهَاجِرِينَ، فَسَمِعَ ذَلِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں تھے' مہاجرین میں سے ایک آدمی نے انصار کے ایک آدمی کو کہا' انصاری نے کہا: اے انصاری! مہاجر نے کہا: اے مہاجرین! یہ بات حضور ﷺ نے سنی تو آپ نے فرمایا: کیا جاہلیت والے دعوے ہیں۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! مہاجرین میں سے ایک آدمی نے انصاری کو کہا ہے' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو چھوڑو کیونکہ یہ بُرا ہے۔

1818- أخرجه مسلم في البر' باب: انصر الأخ ظالمًا أو مظلومًا' وأحمد جلد 3 صفحه 392-393 . والبخاري في المناقب' باب: ما ينهٰى من دعوى الجاهلية' وباب: قوله تعالٰى: (سواء عليهم استغفرت لهم أم لم تستغفر لهم)' وفي التفسير' باب: قوله تعالٰى: (يقولون لئن رجعنا الى المدينة ليخرجن الأعز منها الأذل ولله العزة ولرسوله وللمؤمنين) . والترمذي التفسير' باب: ومن سورة المنافقين .

1819 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، سَمِعَ عَمْرٌو، جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاعَ مُدْبِرًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدبر غلام کوفروخت کیا۔

1820 - وَبِهِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگ دھوکہ ہے۔

1821 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، سَمِعَ عَمْرٌو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ مُعَاذٌ يُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَرْجِعُ فَيَؤُمُّ قَوْمَهُ فَأَخَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً الصَّلَاةَ، فَجَاءَ فَقَرَأَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے پھر واپس جا کر اپنی قوم کو امامت کرواتے تھے۔ ایک رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مؤخر کی۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ آئے' انہوں نے سورۃ بقرہ پڑھنا شروع کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم

1819- أخرجه أحمد جلد3صفحه301-308 . والترمذى فى البيوع' باب: ما جاء فى بيع المدبر . وابن ماجه فى البيوع' باب: المدبر' وفى العتق باب: المدبر . والنسائى فى البيوع' باب: بيع المدبر . ومسلم فى الأيمان' باب: جواز بيع المدبر . والبخارى فى البيع' باب: بيع المزايدة' باب: بيع المدبر' وفى الاستعراض باب: من باع مال المفلس أو المعدم . فقسمه بين الغرماء' وفى الخصومات باب: من باع على الضعيف ونحوه' وفى العتق باب: عتق المدبر' وفى الكفارات باب: عتق المدبر' وفى الاكراه باب: اذا أكره حتى وهب عبدًا أو باعه لم يجز' وفى الأحكام باب: بيع الامام على الناس أموالهم وضياعهم .

1820- أخرجه أحمد جلد3صفحه297-303 . والبخارى فى الجهاد' باب: الحرب خدعة . ومسلم فى الجهاد' باب: جواز الخداع فى الحرب . وأبو داؤد فى الطهارة' باب: المنكر فى الحرب . والترمذى فى الجهاد' باب: الرخصة فى الكذب والخديعة فى الحرب .

1821- أخرجه أحمد جلد 3صفحه308-369 . ومسلم فى الصلاة' باب: القرأة فى العشاء . وأبو داؤد فى الصلاة' باب: امامة من يصلى بقوم وقد صلّى تلك الصلاة' وباب: خروج الرجل من صلاة الامام وفراغه من صلاته فى ناحية المسجد' وباب: اختلاف نية الامام والمأموم . والترمذى فى الصلاة' باب: ما جاء فى الذى يصلى الفريضة ثم يؤم الناس بعد ما صلّى . والبخارى فى الأذان' باب: اذا طول الامام وكان للرجل حاجة فخرج فصلّى' وباب: من شكا امامه اذا طول' وباب: اذا صلّى ثم أم قومًا' وفى الأدب باب: من لم ير اكفار من قال ذٰلك متأولًا أو جاهلًا .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفَتَّانٌ يَا مُعَاذُ؟

نے ان کو فرمایا: اے معاذ! کیا آپ لوگوں میں فتنہ ڈالنا چاہتے ہیں؟

1822 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، سَمِعَ عَمْرٌو، جَابِرًا قَالَ: أَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - يَعْنِي عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ أُبَيٍّ - بَعْدَمَا أُدْخِلَ حُفْرَتَهُ فَأَمَرَ بِهِ فَأُخْرِجَ، فَنَفَثَ عَلَيْهِ مِنْ رِيقِهِ وَأَلْبَسَهُ قَمِيصَهُ، وَاللّٰهُ أَعْلَمُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن ابی کے پاس تشریف لائے۔ اس کو قبر میں داخل کرنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا اس کو نکالنے کا، ان کو نکالا گیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کفن پر اپنا لعاب لگایا اور اس کو قمیض پہنائی۔ اللہ زیادہ جانتا ہے۔

1823 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، سَمِعَ عَمْرٌو، جَابِرًا قَالَ: لَمَّا أُنْزِلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ) (الأنعام: 65)، قَالَ: أَعُوذُ بِوَجْهِكَ، (أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ) (الأنعام: 65)، قَالَ: أَعُوذُ بِوَجْهِكَ، (أَوْ يُلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ) (الأنعام: 65)، قَالَ: هَاتَانِ أَهْوَنُ أَوْ أَيْسَرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل ہوئی: ''اے حبیب! فرمادیں کہ اللہ عزوجل قادر ہے تم پر تمہارے اوپر سے عذاب لانے پر'' (انعام: ۶۵) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تیری رضا کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں' ''یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے''۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضا کے ساتھ ''او یلبسکم شیعًا ویذیق بعضکم باس بعضٍ'' فرمایا: یہ دونوں ہلکی اور آسان بھی ہیں۔

1824 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی مسجد

1822- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 371-381 . والبخارى فى الجنائز' باب: الكفن فى القميص الذى يكف أو لا يكف' وباب: هل يخرج الميت من القبر واللحد لعلة؟ وفى الجهاد' باب: الكسوة للأسارىٰ' وفى اللباس باب: لبس القميص . ومسلم فى صفات المنافقين فى صدر الكتاب . والنسائى فى الجنائز' باب: القميص فى الكفن' وباب: اخراج الميت من اللحد بعد أن يوضع فيه .

1823- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 309 . والترمذى فى التفسير' باب: ومن سورة الأنعام . والبخارى فى التفسير' باب: قوله تعالىٰ: (قل هو القادر علىٰ أن يبعث عليكم عذابًا من فوقكم)' وفى الاعتصام باب: قوله تعالىٰ: (أو يلبسكم شيعًا)' وفى التوحيد باب: قوله تعالىٰ: (كل شىء هالك الا وجهه) .

1824- أخرجه البخارى فى الجمعة' باب: من جاء والامام يخطب صلّى ركعتين خفيفين' وفى التهجد باب: ما جاء فى

سَمِعَ عَمْرٌو، جَابِرًا دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ: أَصَلَّيْتَ؟، قَالَ: لَا: قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

میں داخل ہوا اس حال میں کہ حضور ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے' آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تُو نے نماز پڑھ لی ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: دو رکعتیں پڑھ لے۔

1825 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، سَمِعَ عَمْرٌو، عَنْ جَابِرٍ، سَمِعَ أُذُنَايَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَخْرُجُ أَقْوَامٌ مِنَ النَّارِ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دونوں کانوں سے سنا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایک قوم کو جہنم سے نکالا جائے گا اور (اس کے بعد) اُن کو جنت میں داخل کیا جائے گا۔

1826 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، سَمِعَ عَمْرٌو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَطْعَمَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ہم کو گھوڑے کا گوشت کھلایا اور ہم کو پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا۔

1827 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ،

حضرت سفیان فرماتے ہیں کہ میں نے عمرو سے

التطوع مثنٰی مثنٰی ۔ ومسلم فی الجمعة' باب: تخفیف الصلاة والخطبة ۔ وابن ماجه فی الاقام' باب: ما جاء فیمن دخل المسجد والامام یخطب ۔ وأحمد جلد 3صفحه363,297 ۔ والنسائی فی الجمعة' باب: الصلاة یوم الجمعة لمن جاء والامام یخطب ۔ وأبو داؤد فی الصلاة' باب: اذا دخل الرجل والامام یخطب ۔ والترمذی فی الصلاة رقم الحدیث:510' باب: ما جاء فی الرکعتین اذا جاء الرجل والامام یخطب ۔

1825- أخرجه أحمد جلد 3صفحه381 ۔ ومسلم فی الایمان' باب: أدنٰی أهل الجنة منزلة' و(191) (318) ۔ والبخاری المعرفة والتاریخ والبخاری فی الرقاق' باب: صفة الجنة والنار ۔

1826- أخرجه الترمذی فی الأطعمة' باب: ما جاء فی أکل لحوم الخیل ۔

1827- أخرجه أحمد جلد3صفحه308-350 ۔ والبخاری فی الصلاة' باب: یؤخذ بنصول النبل اذا مر بالمسجد' وفی الفتن باب: قوله صلی الله علیه وسلم: من حمل علینا السلاح فلیس منا ۔ ومسلم فی البر' باب: أمر من مر بسلاح فی مسجد أو سوق..... أن یأخذ بنصالها ۔ والنسائی فی المساجد' باب: اظهار السلاح فی المسجد ۔ وابن ماجه فی الأدب' باب: من کان معه سهام فلیأخذ بنصالها ۔ والدارمی فی المقدمة' باب: فی العرض' وفی الصلاة باب: النهی عن حمل السلاح فی المسجد ۔ وأبو داؤد فی الجهاد' باب: فی النبل یدخل به المسجد ۔

قَالَ: قُلْتُ لِعَمْرٍو: أَسَمِعْتَ جَابِرًا يَقُولُ: مَرَّ رَجُلٌ بِسِهَامٍ فِي الْمَسْجِدِ، فَأَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُمْسِكَ بِنِصَالِهَا؟ ، قَالَ: نَعَمْ

کہا: کیا آپ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ ایک آدمی تیر لے کر مسجد کے پاس سے گزر رہا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کو اپنی کمان میں بند کر! انہوں نے کہا: جی ہاں۔

1828 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، سَمِعَ عَمْرٌو، جَابِرًا، نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع مخابرہ سے منع کیا۔

1829 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، أَنَّ طَارِقًا قَضَى بِالْعُمْرَى لِلْوَارِثِ ، عَنْ قَوْلِ جَابِرٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے طارق نے آباد کردہ زمین کا فیصلہ وارث کے لیے فرمایا' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کردہ حدیث کی وجہ سے۔

1830 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تم میں

1828- انظر تخريج الحديث رقم: 1800 .

1829- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 303-319 . ومسلم في الهبة' باب: العمرىٰ . ومالك في الأقضية' باب: القضاء في العمرىٰ . البخاري في الهبة' باب: ما قيل في العمرىٰ والرقبىٰ . وأبو داؤد في البيوع' باب: العمرىٰ' وباب: في الرقبىٰ . والترمذي في الأحكام' باب: ما جاء في العمرىٰ . والنسائي في العمرىٰ' باب: ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر جابر في العمرىٰ' وباب: ذكر الاختلاف على الزهري به' وباب: اختلاف يحيىٰ بن أبي كثير' ومحمد بن عمرو .

1830- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 307-310 . والنسائي في البيوع' باب: بيع المشاع' باب: الشركة في النخيل' باب: الشركة في الرباع' وباب: ذكر الشفعة وأحكامها . ومسلم في المساقاة' باب: الشفعة . والترمذي في الأحكام' باب: اذا حدث الحدود' وباب: الشفعة للغائب' وفي البيوع باب: ما جاء في أرض المشترك يريد بعضهم بيع نصيب بعض . وأبو داؤد في البيوع' باب: في الشفعة . والبخاري في البيوع' باب: بيع الشريكمن شريكه' وباب: بيع الأرض والدور والعروض مشاعًا غير مقسوم' وفي الشفعة باب: الشفعة فيما لم يقسم فاذا وقعت الحدود فلا شفعة' وفي الشركة باب: الشركة في الأرضين وغيرها' وباب: اذا قسم الشركاء الدور أو غيرها' وفي الحيل باب: الهبة والشفعة .

عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّكُمْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ أَوْ نَخْلٌ فَلَا يَبِعْهَا حَتَّى يَعْرِضَهَا عَلَى شَرِيكِهِ

سے جس کی زمین ہو یا کھجوریں ہوں وہ اس کو نہ فروخت کرے یہاں تک کہ اپنے شریک کو دکھا نہ دے۔

1831 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِلَعْقِ الصَّحْفَةِ وَلَعْقِ الْأَصَابِعِ، فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ ذَلِكَ الْبَرَكَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا پیالہ صاف کرنے کا اور انگلیاں صاف کرنے کا۔ (اور فرمایا:) وہ نہیں جانتا کہ کس لقمہ میں برکت ہے۔

1832 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَطْفِئُوا الْمَصَابِيحَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنے چراغ (رات) کو بجھا دیا کرو۔

1833 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَمْ نُبَايِعِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمَوْتِ، إِنَّمَا بَايَعْنَاهُ عَلَى أَنْ لَا نَفِرَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی موت پر اور ہم نے بیعت کی اس بات پر کہ ہم نہیں بھاگیں گے۔

1834 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ شہری دیہاتی کے لیے بیع کرے۔

1831- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 331,301 . ومسلم في الأشربة' باب: استحباب لعق الأصابع والقصعة . والترمذي في الأطعمة' باب: ما جاء في اللقمة تسقط .

1832- أخرجه مسلم في الأشربة' باب: الأمر بتغطية الاناء...... واطفاء السراج والنار عند النوم .

1833- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 355-381 . ومسلم في الامارة' باب: استحباب مبايعة الامام الجيش عند ارادة القتال . والنسائي في البيعة' باب: البيعة على ألا نفر . والدارمي في السير' باب: في بيعة ألا يفروا . والترمذي في السير' باب: ما جاء في بيعة النبي صلى الله عليه وسلم .

1834- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 307-312 . ومسلم في البيوع' باب: تحريم بيع الحاضر للبادي . والترمذي في البيوع' باب: ما جاء لا يبيع حاضر لباد . وابن ماجه في التجارات' باب: النهي أن يبيع حاضر لباد . وأبو داؤد في الاجازة باب: النهي أن يبيع حاضر لباد . والنسائي في البيوع' باب: بيع الحاضر للبادي .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَبِيعَ حَاضِرٌ لِبَادٍ

1835 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأَيْتُ كَأَنَّ عُنُقِي ضُرِبَتْ، أَوْ رَأْسِي انْقَطَعَ، قَالَ: لِمَ يُخْبِرُ أَحَدُكُمْ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطَانِ؟

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے عرض کی: میں نے دیکھا گویا میری ناک ماری گئی ہے یا میرا سر کاٹ دیا گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی کیوں بتاتا ہے کہ شیطان اس کے ساتھ کھیلا ہے۔

1836 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ پھلوں کی بیع کی جائے یہاں تک کہ اس کا پھل پک جائے۔

1837 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِالْقَتْلَى، قَتْلَى أُحُدٍ أَنْ يُرَدُّوا إِلَى مَصَارِعِهِمْ، وَكَانَ قَدْ نُقِلَ بَعْضُهُمْ إِلَى الْمَدِينَةِ، أَوْ مَنْ شَاءَ اللّٰهُ مِنْهُمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اُحد کے شہیدوں کے متعلق حکم دیا کہ ان کو اس جگہ دفن کیا جائے' ان میں بعض کو مدینہ منتقل کیا گیا تھا' یا ان میں سے جس کو اللہ نے چاہا۔

1835- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 315-350 . ومسلم في الرؤيا' باب: من رآني بالمنام فقد رآني . وابن ماجه في تعبير الرؤيا' باب: من لعب به الشيطان في منامه فلا يحدث به الناس .

1836- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 372-381 . والنسائي في البيوع' باب: بيع الثمر قبل أن يبدو صلاحه . والبيهقي في البيوع' باب: الوقت الذي يحل فيه بيع الثمار . وأبو داؤد في البيوع' باب: بيع الثمر قبل أن يبدو صلاحها . ومسلم في البيوع' باب: النهي عن بيع الثمار قبل بُدُو صلاحها بغير شرط القطع . والبخاري في الزكاة' باب: من باع ثماره أو نخله أو أرضه أو زرعه' وفي البيوع باب: بيع الثمر على رءُوس النخل بالذهب أو الفضة' وباب: بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها' وفي المساقاة باب: الرجل يكون له ممر أو شرب في حائط أو في نخل .

1837- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 308-397 . وأبو داؤد في الجنائز' باب: في الميت يحمل من أرض الى أرضة وكراهة ذلك . والنسائي في الجنائز' باب: أين يدفن الشهيد؟ . وابن ماجه في الجنائز' باب: ما جاء في الصلاة على الشهداء ودفنهم . والترمذي في الجهاد' باب: ما جاء في دفن القتيل في مقتله . والدارمي في المقدمة' باب: ما أكرم به النبي صلى الله عليه وسلم في بركة طعامه .

1838 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ تَطْرُقُوا النِّسَاءَ لَيْلًا ، قَالَ جَابِرٌ: ثُمَّ طَرَقْنَاهُنَّ بَعْدُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ عورتوں کے پاس رات کو جائے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: پھر اس کے بعد ان کے پاس جاتے تھے۔

1839 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ حُمَيْدٍ الْأَعْرَجِ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ السِّنِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع السنین سے منع کیا۔

1840 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَالْمُخَابَرَةِ، وَعَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتَّى يَبْدُوَ صَلَاحُهُ، وَأَنْ لَا يُبَاعَ إِلَّا بِالدَّنَانِيرِ وَالدَّرَاهِمِ إِلَّا الْعَرَايَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع محاقلہ مزابنہ مخابرہ سے منع کیا اور منع کیا پھلوں کو فروخت کرنے سے یہاں تک کہ وہ پک جائیں اور درہم اور دینار کو فروخت کرنے سے منع کیا مگر عرایا کو۔

1841 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے

1838- أخرجه أحمد جلد 3صفحه298-299 . والترمذي في الاستئذان' باب: كراهة طروق الرجل أهله ليلًا . والبيهقي في الحج' باب: لا يطرق أهله ليلًا ولكن يقدم غدوة أو عشية . وأبو داؤد في الجهاد' باب: في الطروق . والدارمي في الاستئذان' باب: كيف الاستئذان؟ . والبخاري في النكاح' باب: لا يطرق أهله ليلًا . ومسلم في الامارة' باب: كراهية الطروق .

1839- أخرجه أحمد جلد 3صفحه309-314 . ومسلم في المساقاة' باب: وضع الحوائج' وفي البيوع باب النهي عن المحاقلة والمزابنة وعن المخابرة وبيع الثمرة قبل بدو صلاحها . وأبو داؤد في البيوع' باب: بيع السنين . والنسائي في البيوع' باب: بيع ثمر السنين . وابن ماجه في التجارات' باب: بيع الثمار سنين والجائحة . والبيهقي في البيوع' باب: النهي عن بيع السنين . والدارمي في البيوع' باب: النهي عن بيع الأرض سنتين .

1840- أخرجه البخاري في المساقاة' باب الرجل يكون له ممر أو شرب في حائط أو نخل . وأبو داؤد في البيوع رقم الحديث: 3373' باب: بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها . وابن ماجه في التجارات' باب: النهي عن بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها .

قَالَ: سَمِعَ جَعْفَرٌ، أَبَاهُ يُحَدِّثُهُ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَغْرِفُ عَلَى رَأْسِهِ ثَلَاثًا، يَعْنِي: فِي الْغُسْلِ

سر پر غسل کرتے وقت تین دفعہ پانی ڈالتے تھے۔

1842 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس کو اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالینا چاہیے۔

1843 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا لَا يَبِيتَنَّ رَجُلٌ عِنْدَ امْرَأَةٍ فِي بَيْتٍ، إِلَّا أَنْ يَكُونَ نَاكِحًا أَوْ ذَا مَحْرَمٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار کوئی آدمی کسی عورت کے پاس رات نہ گزارے مگر اس کے ساتھ اس کا نکاح ہوا ہو یا اس کا محرم ہو۔

1844 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبَا وَمُوكِلَهُ، وَكَاتِبَهُ وَشَاهِدَيْهِ، وَقَالَ: هُمْ سَوَاءٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی سود کھانے والے، کھلانے والے، لکھنے والے، گواہ بننے والے پر اور فرمایا: گناہ میں سب برابر ہیں۔

1845 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا سَيَّارٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: خَرَجْنَا فِي غَزَاةٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں نکلے۔ جب ہم واپس پلٹے تو میں جلدی سے اپنے اونٹ پر سوار ہوا' وہ

1842- أخرجه ابن ماجه في المقدمة' باب: التغليظ في تعمد الكذب على رسول الله صلى الله عليه وسلم . وأحمد جلد3صفحه303 . والدارمي في المقدمة' باب: اتقاء الحديث عن النبي صلى الله عليه وسلم والتثبيت فيه .

1843- أخرجه مسلم في السلام' باب: تحريم الخلوة بالأجنبية والدخول عليها .

1844- أخرجه مسلم في المساقاة' باب: لعن آكل الربا ومؤكله . وأحمد جلد3صفحه304 . والبيهقي في البيوع' باب: ما جاء في التشديد في تحريم الربا .

1845- أخرجه أحمد جلد3صفحه303 . والبخاري في النكاح' باب: تزويج البنات . ومسلم في الرضاع' وفي الامارة .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلَمَّا قَفَلْنَا تَعَجَّلْتُ عَلَى بَعِيرٍ لِي قَطُوفٍ، قَالَ: فَلَحِقَنِي رَاكِبٌ مِنْ خَلْفِي فَنَخَسَ بَعِيرِي بِعَنَزَةٍ كَانَتْ مَعَهُ، فَسَارَ بَعِيرِي كَأَجْوَدِ مَا أَنْتَ رَاءٍ مِنَ الْإِبِلِ، فَالْتَفَتُّ، فَإِذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا يُعْجِلُكَ؟ ، قَالَ: قُلْتُ: إِنِّي حَدِيثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ، قَالَ: بِكْرًا تَزَوَّجْتَ أَمْ ثَيِّبًا؟ ، قَالَ: قُلْتُ: ثَيِّبًا، قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ ، قَالَ: فَلَمَّا رَجَعُوا، قَالَ: أَمْهِلُوا حَتَّى نَدْخُلَ لَيْلًا عِشَاءً كَيْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ، وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيبَةُ

کمزور تھا، مجھے پیچھے سے ایک سوار ملا، اُس نے اپنا نیزہ میرے اونٹ کو مارا تو وہ بہت تیز ہو گیا اس حالت سے جس پر وہ تھا۔ آپ نے فرمایا: تمہیں جلدی کیوں ہے؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میری شادی نئی نئی ہوئی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے کنواری سے کی ہے یا بیوہ سے؟ میں نے عرض کی: میں نے ثیب سے کی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے کنواری سے کیوں نہیں کی کہ وہ تیرے ساتھ پیار سے کھیلتی اور تُو اس کے ساتھ کھیلتا؟ فرمایا: جب واپس جاؤ تو ٹھہرنا یہاں تک کہ ہم رات کو داخل ہوں تاکہ وہ اپنے آپ کو سنوار لیں اور زیر ناف بال صاف کر لیں۔

1846 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعُمْرَى جَائِزَةٌ لِأَهْلِهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آباد کردہ زمین اپنے اہل خانہ کے لیے جائز ہے۔

1847 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا لَيْثٌ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَيْثُ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَاتٍ: أَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمُ السَّكِينَةُ وَالْوَقَارُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا جب عرفات سے واپس پلٹے: اے لوگو! تم پر سکون اور وقار لازم ہے اور ایک دوسرے کو قتل نہ کرو۔

1846- أخرجه أبو داؤد في البيوع' باب: في الرقبٰى . والترمذي في الأحكام' باب: ما جاء في الرقبٰى . والنسائي في العمرىٰ' باب: ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر جابر في العمرىٰ . وابن ماجه في الهبات رقم الحديث: **2383**' باب: العمرىٰ .

1847- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **332-367** . وأبو داؤد في المناسك' باب: بالتعجيل من جمع . والترمذي في الحج' باب: ما جاء في الافاضة من عرفات . والنسائي في المناسك . وابن ماجه في المناسك' باب: الوقوف بجمع . ومسلم في الحج' باب: استحباب كون حصٰى الحجار بقدر حصٰى الخذف .

وَلَا يَقْتُلُ بَعْضُكُمْ بَعْضًا

1848 - حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَلَا أُخْبِرُكُمْ عَلَى مَنْ تُحَرَّمُ النَّارُ غَدًا؟ عَلَى كُلِّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ قَرِيبٍ سَهْلٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو نہ بتاؤں جس پر کل جہنم حرام کر دی جائے گی؟ ہر آسانی اور نرمی کرنے والے قریب' آسان طبیعت پر۔

1849 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ جُنَادٍ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْإِيمَانِ؟ قَالَ: الصَّبْرُ وَالسَّمَاحَةُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایمان کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبر اور درگزر۔

1850 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سِقْلَابٍ، أَخْبَرَنَا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَمِنَ لِي مَا بَيْنَ لَحْيَيْهِ، وَمَا بَيْنَ رِجْلَيْهِ ضَمِنْتُ لَهُ الْجَنَّةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مجھے دو چیزوں کی ضمانت دے اس کی جو دو جبڑوں کے اندر ہے یعنی زبان اور دو ٹانگوں کی درمیان والی چیز کی (شرمگاہ) میں اس کو جنت کی ضمانت دیتا ہوں۔

1851 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے

1848- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه75 . للمصنف والطبراني في الأوسط .

1849- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 1صفحه59 . للمصنف والطبراني في الأوسط وعزاه أحمد جلد 4 صفحه385 .

1850- أخرجه البخاري في الرقاق' باب: حفظ اللسان' وفي الحدود باب: فضل من ترك الفواحش . والترمذي في الزهد' باب: ما جاء في حفظ اللسان . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10صفحه300 للطبراني في الأوسط والصغير .

1851- أخرجه ابن ماجه في الاقامة' باب: في فرض الجمعة . وعزاه الحافظ الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه169-170 للطبراني في الأوسط .

حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ عِمْرَانَ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَنِي الْوَلِيدُ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْخَيْرِ وَالصَّلَاحِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَهُوَ عَلَى مِنْبَرِهِ يَوْمَ جُمُعَةٍ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ تُوبُوا اِلَى اللّٰهِ قَبْلَ أَنْ تَمُوتُوا، وَبَادِرُوا بِالْأَعْمَالِ الصَّالِحَةِ، وَصِلُوا الَّذِي بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ رَبِّكُمْ بِكَثْرَةِ ذِكْرِكُمْ اِيَّاهُ، وَبِكَثْرَةِ صَدَقَتِكُمْ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ تُؤْجَرُوا، وَتُنْصَرُوا، وَتُرْزَقُوا، وَاعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْكُمُ الْجُمُعَةَ فَرِيضَةً مَفْرُوضَةً فِي يَوْمِي هَذَا، وَمَقَامِي هَذَا، فِي شَهْرِي هَذَا، فِي عَامِي هَذَا، اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَمَنْ تَرَكَهَا فِي حَيَاتِي أَوْ بَعْدَ مَوْتِي جُحُودًا بِهَا، أَوِ اسْتِخْفَافًا بِهَا، فَلَا جَمَعَ اللّٰهُ لَهُ شَمْلَهُ، وَلَا بَارَكَ لَهُ فِي أَمْرِهِ، أَلَا وَلَا صَلَاةَ لَهُ، أَلَا وَلَا زَكَاةَ لَهُ، أَلَا وَلَا حَجَّ لَهُ، وَلَا صَوْمَ لَهُ، أَلَا وَلَا بِرَّ لَهُ، فَمَنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، وَلَا تَؤُمَّنَّ امْرَأَةٌ رَجُلًا، وَلَا يَؤُمَّنَّ أَعْرَابِيٌّ مُهَاجِرًا، وَلَا يَؤُمَّنَّ فَاجِرٌ بَرًّا اِلَّا سُلْطَانٌ يُخَافُ سَيْفُهُ وَسَوْطُهُ

حضور ﷺ سے سنا' آپ ﷺ جمعہ کے دن منبر پر فرما رہے تھے کہ اے لوگو! اللہ کی طرف رجوع کرو مرنے سے پہلے اور اعمال صالحہ کی طرف جلدی کرو جوڑو اس کو جو تمہارے درمیان اللہ کے درمیان ہیں۔ ان کو کثرت سے ذکر کرو اور کثرت سے صدقہ دو علانیہ اور سراً تم کو اجر دیا جائے گا اور تمہاری مدد کی جائے گی اور تم کو رزق دیا جائے گا۔ اور جان لو بے شک اللہ نے تم پر جمعہ فرض کیا ہے۔ اس دن میں اور اس جگہ میں اور اس شہر میں اور اس سال میں قیامت تک جس نے اس کو چھوڑ دیا میری زندگی میں ہو یا میرے وصال کے بعد یا اس کا انکار کیا یا اس کو ہلکا جانا۔ اس کے لیے اس کے کام میں برکت نہیں ہوگی۔ خبردار اس کی نہ نماز اور نہ اس کی زکوٰۃ، نہ اس کا حج، نہ اس کا روزہ، نہ اس کی نیکی قبول ہوگی جس نے توبہ کی اللہ اس کی توبہ قبول کرے گا۔ کوئی عورت مرد، کوئی دیہاتی مہاجر کی کوئی فاجر نیک کے لیے امامت نہ کروائے مگر بادشاہ اس کی تلوار اور کوڑے کا خوف ہو۔

1852 - حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ سَالِمٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے بتائیں اگر میں جہاد کروں اللہ کی راہ

1852- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 325-352 . ومسلم في الامارة' باب: من قتل في سبيل الله كفرت خطاياه الا الدين . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد للبزار .

وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ إِنْ جَاهَدْتُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ صَابِرًا، مُحْتَسِبًا، مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ، حَتَّى أُقْتَلَ؟ أَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: نَعَمْ، إِلَّا أَنْ يَكُونَ عَلَيْكَ دَيْنٌ، لَيْسَ عِنْدَكَ لَهُ وَفَاءٌ

میں صبر اور ثواب کی نیت سے آگے بڑھتے ہوئے پیچھے نہ ہٹتے ہوئے یہاں تک میں قتل ہو جاؤں تو کیا میں جنت میں داخل ہو جاؤں گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! مگر اس پر قرض ہو اور اس کو اُتارنے کے لیے پیسے نہ ہوں۔

1853 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي رَأَيْتُ كَأَنَّ رَأْسِي قُطِعَتْ، أَوْ عُنُقِي ضُرِبَتْ، فَقَالَ: لِمَ يُخْبِرُ أَحَدُكُمْ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطَانِ؟

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور اکرم ﷺ کے سامنے عرض کی: میں نے دیکھا گویا میری ناک ماری گئی ہے یا میرا سر کاٹ دیا گیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی کیوں بتاتا ہے کہ شیطان اس کے ساتھ کھیلا ہے۔

1854 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا هُشَيْمُ بْنُ بَشِيرٍ، أَخْبَرَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ: لَا يَبِيتَنَّ رَجُلٌ عِنْدَ امْرَأَةٍ فِي بَيْتٍ إِلَّا أَنْ يَكُونَ نَاكِحًا، أَوْ ذَا مَحْرَمٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: خبردار کوئی آدمی کسی عورت کے پاس رات نہ گزارے مگر اس کے ساتھ اس کا نکاح ہوا ہو یا اس کا محرم ہو۔

1855 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ حَرَامِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوحِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: ابْتَعْنَا بَقَرَةً فِي عَهْدِ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَشْتَرِكَ عَلَيْهَا، فَانْفَلَتَتْ مِنَّا، فَامْتَنَعَتْ عَلَيْنَا، فَعَرَضَ لَهَا مَوْلًى لَنَا يُقَالُ لَهُ: ذَكْوَانُ بِسَيْفٍ فِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے گائے خریدی حضور ﷺ کے زمانہ میں تاکہ ہم اس پر شریک ہو جائیں' وہ ہم سے بھاگ گئی تو ہم اس کو روکنے سے عاجز آ گئے' اس کو ہمارے غلام نے روکا' اس کو ذکوان کہا جاتا تھا' وہ گائے بلند جگہ گھوم رہی تھی' سو اس غلام نے ٹیلے کے ساتھ پناہ لی' سو جب گائے اُس کے پاس سے گزرنے لگی تو اُس نے گائے کی گردن کی جڑ میں یا

1853- انظر تخريج الحديث رقم: 1835 .

1854- انظر تخريج الحديث رقم: 1843 .

1855- أخرجه البيهقي في الصيد والذبائح' باب: ما جاء في زكاة ما لا يقدر على ذبحه الا برمي أو سلاح . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه34-35 للمصنف .

يَدِهِ وَهِيَ تَجُولُ بِالصِّمَادِ، فَضَبَا إِلَى تَلٍّ، فَلَمَّا مَرَّتْ بِهِ ضَرَبَهَا بِالسَّيْفِ فِي أَصْلِ عُنُقِهَا، أَوْ عَلَى عُنُقِهَا، فَخَرَقَهَا بِالسَّيْفِ وَوَقَعَتْ، فَلَمْ يُدْرِكْ ذَكَاتَهَا، فَخَرَجْتُ أَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ ثَابِتِ بْنِ الْجِذْعِ، فَلَقِينَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا لَهُ شَأْنَهَا، فَقَالَ: كُلُوا إِذَا فَاتَكُمْ مِنْ هَذِهِ الْبَهَائِمِ شَيْءٌ، فَاحْبِسُوهُ بِمَا تَحْبِسُونَ بِهِ الْوَحْشَ

گردن پر (راوی کو شک ہے) تلوار ماری' سوتلوار کے ساتھ اُسے پھاڑ دیا' وہ گر پڑی سو وہ اسے شرعی طریقہ سے ذبح نہ کر سکا۔ سو میں اور حضرت عبداللہ بن ثابت بن جذع نکلے' سو رسول کریم ﷺ ہمیں مل گئے' سو ہم نے اس گائے کا معاملہ ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا گوشت کھاؤ (وہ حلال ہے) تمہارے پالتو جانوروں میں سے جب کوئی بھاگ جائے تو اسے روکنے کی کوشش کرو' اسی طریقے سے جس طرح تم جنگلی جانوروں کو روکتے ہو۔

1856 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَهْلٍ أَبِي لَيْلَى، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: خَرَجَ مَرْحَبُ بْنُ الْحَارِثِ الْيَهُودِيُّ وَهُوَ يَقُولُ:

(البحر الرجز)

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّي مَرْحَبُ
شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ
أَطْعَنُ أَحْيَانًا وَحِينًا أَضْرِبُ
إِذَا اللُّيُوثُ أَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ
وَأَحْجَمَتْ عَنْ صَوْلَةِ الْمُجَرَّبُ
كَانَ حِمَايَ الْحِمَى لَا يُقْرَبُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مرحب بن حارث یہودی نکلا وہ پڑھ رہا تھا:

''خیبر جانتا ہے میں مرحب ہوں' ہمیشہ ہتھیار پہنے رکھتا ہوں' جوانمرد ہوں' تجربہ کار ہوں' کبھی نیزہ چلاتا ہوں اور کبھی تلوار کے وار کرتا ہوں کیونکہ کئی شیر دل جوان آگے بڑھے غصے سے اور بہت جلد ان کا غصہ ٹھنڈا ہو گیا اور میں ایسے حملہ کرتا ہوں جیسے ایک تجربہ کار' میری چراگاہ کے قریب کوئی نہیں بھٹکتا''۔

ہے کوئی جنگ کرنا والا؟ حضور ﷺ نے فرمایا: قسم بخدا! میں ایک ایسا شخص ہوں جو مقتول (بھائی) کا بدلہ لینے کی طاقت نہیں رکھتا لیکن خون کا مطالبہ کرنے والا ہوں' کل انہوں نے میرے بھائی کو قتل کیا۔ آپ ﷺ

1856- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 385 . والبيهقي في السير' باب: في المبارزة . ومسلم في صحيحه في الجهاد والسير' باب: غزوة ذي قرد وغيرها . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 6 صفحه 149-150 للمصنف .

هَلْ مِنْ مُبَارِزٍ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لِهٰذَا؟ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَنَا وَاللّٰهِ الْمَوْتُورُ الثَّائِرُ، قَتَلُوا أَخِي بِالْأَمْسِ، فَقَالَ: قُمْ إِلَيْهِ اللّٰهُمَّ أَعِنْهُ فَلَمَّا دَنَا أَحَدُهُمَا مِنْ صَاحِبِهِ عَرَضَتْ بَيْنَهُمَا شَجَرَةٌ، فَطَفِقَ أَحَدُهُمَا يَلُوذُ بِهَا مِنْ صَاحِبِهِ، فَكُلَّمَا لَاذَ بِهَا مِنْهُ اقْتَطَعَ بِسَيْفِهِ مَا دُونَهُ حَتَّى رَأَيْتُهَا وَإِنَّهَا كَالرَّجُلِ الْقَائِمِ، حَتَّى خَلَصَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا إِلَى صَاحِبِهِ، فَشَدَّ عَلَيْهِ مَرْحَبٌ فَضَرَبَهُ وَاتَّقَاهُ بِالدَّرَقَةِ، فَوَقَعَ سَيْفُهُ فِيهَا، فَنَشِبَ، وَعَضَّتْ لَهُ الدَّرَقَةُ، فَأَمْسَكَتْهُ فَضَرَبَهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ فَقَتَلَهُ

نے فرمایا: اُٹھ کھڑا ہو! اس کی طرف جا' اے اللہ! اس کی مدد فرمانا۔ جب دونوں ایک دوسرے کے قریب ہوئے تو دونوں کے درمیان ایک درخت آڑے آ گیا۔ دونوں میں ہر ایک نے دوسرے کے وار سے بچنے کے لیے اس کو اپنی پناہ گاہ بنانا شروع کر دیا' سو جب بھی ان میں سے کوئی اس درخت کو اپنی پناہ گاہ بناتا تو دوسرے کے وار اُسی پر ہوتا جو سامنے ہوتی حتیٰ کہ میں نے اس درخت کو اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ اُن دونوں میں کھڑے آدمی کی مانند معلوم ہوتا یہاں تک کہ اُن میں سے ہر ایک دوسرے وار سے بچ جاتا' مرحب نے اُن پر سخت حملہ کیا چمڑے کی ڈھال سے' اُنہوں نے اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کی تو مرحب کی تلوار اُس میں پیوست ہوگئی اور اُسی میں پھنس کے رہ گئی' چمڑے کی ڈھال میں اس کی پکڑ کا سبب بن گئی اور اُسے وہیں روک لیا' سو حضرت محمد بن مسلمہ نے اُس پر تلوار کا وار کر کے قتل کر دیا۔

1857 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ أَبِيهِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَعْلَمُ بِخَبْءِ الْقَوْمِ الَّذِي خَبَّئُوا لَنَا فَاسْتَقْبَلْنَا وَادِيَ حُنَيْنٍ فِي

حضرت ابی الصہباء فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس تھا۔ ہم نے ذکر کیا کہ جو نماز کو چیزیں توڑ دیتی ہیں (وہ کیا ہیں؟)۔ فرمایا: گدھا، عورت۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں اور بنی عبدالمطلب کا ایک غلام گدھے پر سوار ہو کر آئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے۔ جنگل میں ہم نے گدھے کو ان کے آگے چھوڑ دیا پھر ہم دونوں آ گئے یہاں تک کہ ان کے درمیان نماز میں شامل ہو گئے۔ مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں۔ بے شک حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھا رہے تھے صحابہ کرام کو۔ بنی عبدالمطلب کی دو بچیاں آئیں دونوں لڑ رہی تھیں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں میں سے دوسری کو کھینچا اور جدا کر دیا مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں۔

2742 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَيَّاشِ بْنِ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے جبرائیل امین علیہ السلام نے دو مرتبہ خانہ کعبہ کے پاس امامت کروائی۔ ظہر کی نماز پڑھائی، جس وقت سورج زائل ہو گیا تھا۔

2741- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **235** رقم الحديث: **2095** قال: حدثنا وكيع . وفي جلد **1** صفحه **341** رقم الحديث: **3167** قال: حدثنا محمد بن جعفر' وعفان . والنسائي جلد **2** صفحه **65** وفي الكبرى رقم الحديث: **741** قال: أخبرنا أبو الأشعث' قال: حدثنا خالد . وابن خزيمة رقم الحديث: **836** قال: حدثنا محمد بن عثمان العجلي' قال: حدثنا عبيد الله .

2742- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **333** رقم الحديث: **3081** قال: حدثنا عبد الرزاق . وفي جلد **1** صفحه **333** رقم الحديث: **3082** قال: حدثني أبو نعيم . وفي جلد **1** صفحه **354** رقم الحديث: **3322** مختصرًا' قال: حدثنا وكيع وعبد بن حُميد: **703** قال: حدثنا قبيصة .

مُطْعِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " أَمَّنِي جِبْرِيلُ عِنْدَ الْبَيْتِ مَرَّتَيْنِ، فَصَلَّى الظُّهْرَ حِينَ زَالَتِ الشَّمْسُ عَلَى مِثْلِ قَدْرِ الشِّرَاكِ، ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِينَ كَانَ ظِلُّ كُلِّ شَيْءٍ قَدْرَ ظِلِّهِ، ثُمَّ صَلَّى بِيَ الْمَغْرِبَ حِينَ أَفْطَرَ الصَّائِمُ، ثُمَّ صَلَّى بِيَ الْعِشَاءَ حِينَ غَابَ الشَّفَقُ، ثُمَّ صَلَّى الْفَجْرَ حِينَ حُرِّمَ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ عَلَى الصَّائِمِ، ثُمَّ صَلَّى الظُّهْرَ مِنَ الْغَدِ حِينَ كَانَ كُلُّ شَيْءٍ قَدْرَ ظِلِّهِ، ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ حِينَ كَانَ كُلُّ شَيْءٍ مِثْلَيْ ظِلِّهِ، ثُمَّ صَلَّى بِيَ الْمَغْرِبَ حِينَ أَفْطَرَ الصَّائِمُ لِوَقْتٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ صَلَّى الْعِشَاءَ حِينَ ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْأَوَّلِ، ثُمَّ صَلَّى الْفَجْرَ لَا أَدْرِي أَيَّ شَيْءٍ قَالَ، ثُمَّ الْتَفَتَ إِلَيَّ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، هَذَا وَقْتُ الْأَنْبِيَاءِ قَبْلَكَ، الْوَقْتُ فِيمَا بَيْنَ هَذَيْنِ الْوَقْتَيْنِ "

اشراق کی مثل پھر عصر کی نماز پڑھائی جس وقت ہر شئی کا سایہ اس کے سایہ کی مثل ہو گیا۔ پھر مجھے مغرب کی نماز پڑھائی جس وقت روزہ دار روزہ افطار کرتا ہے۔ پھر مجھے عشاء کی نماز پڑھائی جس وقت شفق غائب ہو گئی۔ پھر مجھے فجر کی نماز پڑھائی جس وقت کھانا اور پینا روزہ دار کے لیے حرام ہو جاتا ہے پھر دوسرے دن ظہر کی نماز پڑھائی۔ جس وقت ہر شئی کا سایہ ایک مثل ہو گیا پھر عصر کی نماز پڑھائی۔ جس وقت ہر شئی کا سایہ دو مثل ہو گیا۔ پھر مجھے مغرب کی نماز پڑھائی جس وقت روزہ دار روزہ افطار کرتا ہے ایک وقت کے لیے پھر عشاء کی نماز پڑھائی جس وقت رات کا اول حصہ چلا گیا۔ پھر فجر کی نماز پڑھائی۔ میں نہیں جانتا ہوں کہ کیا شئی تھی' فرمایا: حضرت جبرائیل علیہ السلام میری طرف متوجہ ہوئے اور عرض کی: اے محمد! یہ وقت پہلے انبیاء علیہم السلام کا ہے۔ آپ کے لیے ان دونوں وقتوں کے درمیان وقت ہے۔

2743 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ حَنَشٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَمَعَ بَيْنَ صَلَاتَيْنِ مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ، فَقَدْ أَتَى بَابًا مِنَ أَبْوَابِ الْكَبَائِرِ، وَمَنْ - يَعْنِي - كَتَمَ الشَّهَادَةَ اجْتَاحَ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ، أَوْ سَفَكَ بِهَا دَمَهُ فَقَدْ أَوْجَبَ النَّارَ أَوْ كَمَا قَالَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جس نے دو نمازیں بغیر عذر کے جمع کیں۔ اس نے کبیرہ گناہوں کے دروازے پر دستک دی۔ اور جس نے یعنی اس نے گواہی کو چھپایا۔ اس کے ساتھ اس نے مسلمان کا مال چرایا ہے۔ اس کے ساتھ خون بہا ہے اس پر جہنم واجب ہو گئی' یا جس طرح آپ نے فرمایا۔

2743- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **188** قال: حدثنا أبو سلمة يحيى بن خلف البصري' قال: حدثنا المعتمر ابن سليمان' عن أبيه' عن حنش' عن عكرمة' فذكره .

2744 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ بَارِقٍ الْحَنَفِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ جَدَّهُ سِمَاكًا الْحَنَفِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا عَائِشَةُ، مَنْ كَانَ لَهُ فَرَطَانِ مِنْ أُمَّتِي دَخَلَ بِهِمَا الْجَنَّةَ قَالَتْ: بِأَبِي فَمَنْ كَانَ لَهُ فَرَطٌ؟ قَالَ: وَمَنْ كَانَ لَهُ فَرَطٌ يَا مُوَفَّقَةُ قَالَتْ: بِأَبِي فَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ فَرَطٌ مِنْ أُمَّتِكَ، قَالَ: فَأَنَا فَرَطُ أُمَّتِي، لَمْ يُصَابُوا بِمِثْلِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! جس کے لیے میری امت سے دوخوشیاں ہوں وہ جنت میں داخل ہو جائے گا ان دونوں کی وجہ سے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میرے باپ آپ پر قربان! جس کے لیے ایک خوشی ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے لیے ایک خوشی ہو' اے موفّقہ! حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: جس کے پاس آپ کی امت سے کوئی خوشی نہ ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اس کے لیے خوشی ہوں اپنی امت کے لیے وہ میری مثل نہیں پائیں گے۔

2745 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ الْأَخْنَسِ، حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَيْهِ أَسْوَدَ أَفْحَجَ يَقْتَلِعُهَا حَجَرًا حَجَرًا يَعْنِي الْكَعْبَةَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی نگاہ سے اس منظر کو دیکھ رہا ہوں کہ جو شخص کعبہ شریف کا ایک ایک پتھر اکھیڑ دے گا وہ کالا سیاہ اور کشادہ ٹانگوں والا ہوگا۔

2746 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَكْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ (لَعَمْرُكَ) (الحجر: 72) قَالَ:

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس ارشاد باری تعالیٰ کا معنی بیان کرتے ہیں: "لَعَمْرُكَ" سے مراد ہے: آپ کی زندگی کی قسم۔

2744- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 1062 . والبيهقي جلد 4 صفحه 68 من ثلاثة طرق عن عبد ربه بن بارق بهذا السند .

2745- الحديث سبق برقم: 2531 فراجعه .

2746- الحديث في المقصد العلي برقم: 1185 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 46 وقال: رواه أبو يعلى واسناده جيد . وأخرجه الطبري في التفسير جلد 14 صفحه 44 . وأبو نعيم في التفسير: 21 من طريق سعيد بن زيد ابن درهم' عن عمرو بن مالك .

بِحَيَاتِكَ

2747 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِي نَهِيكٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَأَلَكُمْ بِوَجْهِ اللّٰهِ فَأَعْطُوهُ، وَمَنِ اسْتَعَاذَكُمْ بِاللّٰهِ فَأَعِيذُوهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو تم سے اللہ کے لیے مانگے اس کو دے دو، جو اللہ کے لیے پناہ مانگے اس کو دے دو۔

مُسْنَدُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ مَا أَسْنَدَهُ الْحَسَنُ بْنُ أَبِي الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

مسند حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ جس کو روایت کر کے، حسن بن ابوحسن نے ان کی طرف منسوب کیا ہے

2748 - أخبرنا أبو يعلى أحمد بن على بن المثنى التميمي الموصلي حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ إِلَى جَنْبِ خَشَبَةٍ يُسْنِدُ ظَهْرَهُ إِلَيْهَا، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ، قَالَ: ابْنُوا لِي مِنْبَرًا فَبَنَوْا لَهُ مِنْبَرًا لَهُ عَتَبَتَانِ، فَلَمَّا قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ أَنَسٌ: وَإِنِّي فِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ جمعہ کے دن لکڑی کے ایک تنے کے ساتھ اپنی پشت مبارک کو ٹیک دے کر خطبہ ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ پھر جب لوگ زیادہ ہو گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: میرے لیے منبر بناؤ۔ تو لوگوں نے آپ ﷺ کے لیے ایک منبر بنایا، جس کی دو سیڑھیاں تھیں (یعنی تیسری پر آپ ﷺ جلوہ افروز ہوتے) تو جب آپ ﷺ منبر پر خطبہ ارشاد فرمانے کے لیے کھڑے ہوئے تو لکڑی کے اس تنے نے رسول اللہ ﷺ

2747- الحديث سبق برقم: 2530 فراجعه .

2748- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 226 قال: حدثنا هاشم . وابن خزيمة رقم الحديث: 1776 قال: حدثنا على بن خشرم، قال: أخبرنا عيسٰى بن يونس .

الْمَسْجِدِ فَسَمِعَتِ الْخَشَبَةَ حِينَ حَنَّتْ حَنِينَ الْوَالِهِ، فَمَا زَالَتْ تَحِنُّ حَتَّى نَزَلَ إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاحْتَضَنَهَا، فَسَكَنَتْ، قَالَ: فَكَانَ الْحَسَنُ إِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيثِ بَكَى ثُمَّ قَالَ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ الْخَشَبَةُ تَحِنُّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَوْقًا إِلَيْهِ لِمَكَانِهِ مِنَ اللّٰهِ، فَأَنْتُمْ أَحَقُّ أَنْ تَشْتَاقُوا إِلَى لِقَائِهِ

کے فراق میں رونا شروع کر دیا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اس وقت مسجد میں ہی تھا تو میں نے سنا کہ وہ لکڑی کا تنا اس طرح رو رہا ہے جس طرح بچہ اپنی ماں کی جدائی میں شدید گھبرا کر روتا ہے، وہ مسلسل روتا ہی رہا حتیٰ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے منبر شریف سے نیچے تشریف لائے اس کے پاس گئے اور اس کو اپنی گود میں لے لیا (اس کے ساتھ پیار فرمایا) تو پھر وہ تنا سکون میں ہوا۔ راوی کہتے ہیں: (اس جگہ راوی سے مراد مبارک بن فضالہ رحمۃ اللہ علیہ ہیں) کہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ (راوی حدیث) نے جب یہ حدیث مبارک پڑھائی تو آپ رحمۃ اللہ علیہ رو پڑے، آپ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: اے اللہ کے بندو! لکڑی کا ایک تنا حب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عشق ومحبت میں روتا ہے اس وجہ سے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کی بارگاہ میں ایک خاص مقام ملا تھا تو تم اس بات کے زیادہ حقدار ہو کہ تم آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کا شوق رکھو۔

2749 - حَدَّثَنَا أَبُو إِبْرَاهِيمَ التَّرْجُمَانِيُّ، حَدَّثَنَا صَالِحٌ الْمُرِّيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يُحَدِّثُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَرْوِي عَنْ رَبِّهِ، قَالَ: أَرْبَعُ خِصَالٍ، وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ لِي، وَوَاحِدَةٌ لَكَ، وَوَاحِدَةٌ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَكَ، وَوَاحِدَةٌ فِيمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ عِبَادِي، فَأَمَّا الَّتِي لِي فَتَعْبُدُنِي لَا تُشْرِكُ بِي شَيْئًا،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس روایت میں راوی ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے رب سے روایت کرتے ہیں۔ اللہ تبارک تعالیٰ فرماتا ہے: (اے ابن آدم!) چار خصلتیں ہیں ان میں سے ایک میرے لیے ہے اور ایک تیرے لیے ہے اور ان میں سے ایک میرے اور تیرے بندوں کے درمیان ہے بہر حال ان میں سے وہ جو صرف میرے بارے میں ہے وہ یہ ہے کہ

2749- الحديث في المقصد العلي برقم: **22** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **51** وقال: هذا لفظ أبي يعلى ورواه البزار وفي اسناده صالح المري وهو ضعيف وتدليس الحسن أيضًا .

وَأَمَّا الَّتِي لَكَ عَلَيَّ فَمَا عَمِلْتَ مِنْ خَيْرٍ جَزَيْتُكَ بِهِ، وَأَمَّا الَّتِي بَيْنِي وَبَيْنَكَ فَمِنْكَ الدُّعَاءُ وَعَلَيَّ الْإِجَابَةُ، وَأَمَّا الَّتِي بَيْنَكَ وَبَيْنَ عِبَادِي فَارْضَ لَهُمْ مَا تَرْضَى لِنَفْسِكَ

تو صرف میری عبادت کر، میرے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرا۔ رہی وہ جو تیرے لیے ہے' میرے ذمہ کرم پہ ہے وہ یہ ہے کہ تو نے جو بھی اچھا عمل کیا میں اس کی جزا دوں گا، بہرحال وہ جو میرے اور تیرے درمیان ہے تو وہ تیری طرف سے دعا ہے اور میری طرف سے اس کو قبول کرنا ہے اور وہ خصلت جو تیرے اور میرے بندوں کے مابین ہے تو وہ یہ ہے کہ تو ان کے لیے وہ پسند کر جو تو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

2750 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكٌ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا إِنَّهَا قَائِمَةٌ، فَمَاذَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا كَبِيرًا، إِلَّا أَنِّي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَأَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ، وَلَكَ مَا احْتَسَبْتَ ثُمَّ قَالَ: تَسْأَلُونِي عَنِ السَّاعَةِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا عَلَى الْأَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوسَةٌ الْيَوْمَ تَأْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ قَالَ فَصَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: أَيْنَ السَّائِلُ عَنِ السَّاعَةِ فَجِيءَ بِالرَّجُلِ تُرْعَدُ فَرَائِصُهُ، فَنَظَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى غُلَامٍ مِنْ دَوْسٍ يُقَالُ لَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یا رسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ تو جواباً نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! بے شک وہ آنے والی ہے، تو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے اس کے لیے کوئی زیادہ تیاری تو نہیں کی مگر میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو پھر تو اسی کے ساتھ ہوگا، جس سے تو محبت کرتا ہے اور تیرے لیے وہی ہوگا جو تو نے گمان کیا ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم مجھ سے قیامت کے بارے سوال کرتے ہو؟ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! کوئی بھی ایسی جان نہیں جو زمین پر آج سانس لے رہی ہو' سو سال تک اس زمین پر رہے۔

2750- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **213** قال: حدثنا عبد الصمد' قال: حدثنا عمران القطان . وفي جلد **3** صفحه **283** قال: حدثنا عفان' قال: حدثنا مبارك بن فضالة . كلاهما (عمران' ومبارك) عن الحسن' فذكره . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **192** قال: حدثنا بهز' وحدثنا عفان .

سَعْدُ، فَقَالَ: إِنْ يَعِشْ هَذَا لَا يَهْرَمُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ قَالَ أَنَسٌ: وَأَنَا يَوْمَئِذٍ قَدْرُ الْغُلَامِ

راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے نماز ادا فرمائی' پھر فرمایا: قیامت کے بارے میں سوال کرنے والا کہاں ہے؟ تو اس آدمی کو لایا گیا وہ بہت گھبرایا ہوا تھا، نبی اکرم ﷺ نے دوس قبیلہ کے ایک بچے کی طرف نظر فرمائی اس کو سعد کہا جاتا تھا پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اگر یہ زندہ رہا تو بوڑھا نہ ہوگا یہاں تک کہ قیامت آ جائے گی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس دن میں بچے جتنا تھا۔

2751 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَاللَّفْظُ لِلْحَسَنِ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَزْمُ بْنُ مِهْرَانَ الْقُطَعِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ لِبَعْضِ مَخَارِجِهِ وَمَعَهُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَانْطَلَقُوا يَسِيرُونَ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَنَزَلَ الْقَوْمُ فَلَمْ يَجِدُوا مَاءً يَتَوَضَّئُونَ بِهِ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا نَجِدُ مَا نَتَوَضَّأُ بِهِ، وَرَأَى فِي وُجُوهِ أَصْحَابِهِ الْكَرَاهِيَةَ فَانْطَلَقَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَجَاءَ بِقَدَحٍ مِنْ مَاءٍ يَسِيرٍ، فَأَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَوَضَّأَ مِنْهُ، ثُمَّ أَمَرَّ أَصَابِعَهُ الْأَرْبَعَ عَلَى الْقَدَحِ، ثُمَّ قَالَ لِلْقَوْمِ: هَلُمُّوا قَالَ: فَجَاءَ الْقَوْمُ فَتَوَضَّئُوا حَتَّى أَبْلَغُوا فِيمَا يُرِيدُونَ مِنَ الْوُضُوءِ، فَقِيلَ: كَمْ بَلَغَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ ایک دن نبی اکرم ﷺ اپنے کسی کام کے لیے نکلے اس وقت آپ ﷺ کے اصحاب میں سے بھی کچھ لوگ ساتھ تھے، وہ سارے چل رہے تھے اتنے میں نماز کا وقت ہو گیا تو ساری قوم اتری ان کے پاس اتنا پانی نہیں تھا جس سے سارے وضو کر سکتے، تو اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے پاس اتنا پانی بھی موجود نہیں جس سے ہم وضو کر سکیں اور آپ نے اپنے صحابہ کے چہروں میں پریشانی سی دیکھی۔ پھر قوم میں سے ایک آدمی چلا اور وہ ایک پیالے میں تھوڑا سا پانی لے کر آیا، نبی کریم ﷺ نے وہ پیالہ پکڑا اور اس سے وضو کیا پھر آپ ﷺ نے اپنی چاروں انگلیاں پیالے پر پھیریں پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: آؤ۔ راوی کہتے ہیں:

2751- اخرجه أحمد جلد **3** صفحه **216** قال: حدثنا يونس . والبخاري جلد **4** صفحه **233** قال: حدثنا عبد الرحمن ابن مبارك . كلاهما (يونس' وعبد الرحمن) قالا: حدثنا حزم (ابن مهران القُطَعي) قال: سمعت الحسن' فذكره .

الْقَوْمُ؟ قَالَ: سَبْعِينَ رَجُلًا، أَوْ نَحْوَ ذَلِكَ وَاللَّفْظُ لِلْعَسْكَرِيِّ

ساری قوم آ گئی سب نے وضو کیا حتی کہ انہوں نے خوب مبالغہ کر کے وضو کیا جتنا ان کا ارادہ تھا اتنا مبالغہ کر کے وضو کیا۔ راوی سے کہا گیا: اس دن قوم کے کتنے لوگ تھے؟ (تعداد کیا تھی؟) حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ستر آدمی تھے اور اس جتنے (جانور وغیرہ بھی) یہ الفاظ عسکری کے ہیں۔

2752 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا مَيْمُونُ بْنُ نَجِيحٍ أَبُو الْحَسَنِ النَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَتَى رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي أَشْتَهِي الْجِهَادَ وَلَا أَقْدِرُ عَلَيْهِ، قَالَ: هَلْ بَقِيَ مِنْ وَالِدَيْكَ أَحَدٌ؟ قَالَ: أُمِّي، قَالَ: فَأَبْلِ اللَّهَ فِي بِرِّهَا، فَإِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ فَأَنْتَ حَاجٌّ وَمُعْتَمِرٌ وَمُجَاهِدٌ، فَإِذَا رَضِيَتْ عَنْكَ أُمُّكَ فَاتَّقِ اللَّهَ وَبِرَّهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میں جہاد کا شوق رکھتا ہوں مگر اس پر قدرت نہیں رکھتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تیرے والدین میں سے کوئی زندہ ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! میری ماں زندہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اپنی ماں سے اچھا سلوک کرنے میں اللہ کی اطاعت کر جب تو نے یہ کر لیا تو حاجی بھی ہے معتمر بھی (عمرہ کرنے والا بھی) اور مجاہد بھی ہے، جب تیری ماں تجھ سے راضی ہو گئی تو اللہ سے ڈر اور اس سے بھی اچھا برتاؤ کر۔

2753 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ أَبُو حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عبید اللہ بن زیاد کے پاس حوض کوثر کا ذکر کیا گیا تو اس

2752- الحديث في المقصد العلي برقم: 999 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 138 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الصغير والأوسط ورجالهما رجال الصحيح غير ميمون بن نجيح ووثقه ابن حبان . وأخرجه الطبراني في الصغير جلد 1 صفحه 81,80 من طريق ابراهيم بن هاشم البغوي' حدثنا ابراهيم بن الحجاج السامي بهذا السند .

2753- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 230 قال: حدثنا يونس' وحسن بن موسىٰ (ح) وعفان ثلاثتهم عن حماد بن سلمة' عن علي بن زيد' عن الحسن فذكره . أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 225 . والترمذي رقم الحديث: 2442 قال: حدثنا محمد بن يحيىٰ .

الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ ذَكَرَ عِنْدَ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ الْحَوْضَ، فَكَأَنَّهُ أَنْكَرَهُ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ أَنَسًا، فَقَالَ: لَا جَرَمَ لَأَسُوءَنَّهُ، فَأَتَاهُ فَقَالَ: مَا أَنْكَرْتُمْ مِنَ الْحَوْضِ؟ قَالَ: وَهَلْ سَمِعْتَهُ يَا أَبَا حَمْزَةَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، أَكْثَرَ مِنْ كَذَا وَكَذَا مَرَّةً سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا بَيْنَ طَرَفَيْ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ أَيْلَةَ وَمَكَّةَ، أَوْ بَيْنَ صَنْعَاءَ وَمَكَّةَ، وَإِنَّ آنِيَتَهُ لَأَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ نُجُومِ السَّمَاءِ

نے گویا کہ اس کا انکار کر دیا۔ یہ بات حضرت انس رضی اللہ عنہ تک پہنچائی گئی تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یقیناً میں ضرور اس کو برا کہوں گا۔(ملامت کروں گا) تو آپ رضی اللہ عنہ اس کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: تو نے حوضِ کوثر سے کیوں انکار کیا؟ اس نے کہا: اے ابوحمزہ! کیا آپ نے اس سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ سنا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہاں! ایک بار نہیں کئی مرتبہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے کہ میرے حوض کوثر کی دونوں اطراف اتنے فاصلے پر ہیں جتنا کہ ایلہ اور مکہ کے مابین صنعاء اور مکہ کے مابین ہے یا اور اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی تعداد سے بھی زیادہ ہیں۔

2754 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ أَصْحَابِي مَثَلُ الْمِلْحِ فِي الطَّعَامِ، لَا يَصْلُحُ الطَّعَامُ إِلَّا بِالْمِلْحِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے صحابہ کی مثال ایسے ہے جس طرح کھانے کے اندر نمک ہوتا ہے کہ کھانا صرف نمک کے ساتھ ہی نہ کھایا جا سکتا ہے۔

2755 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَسُوقُ بَدَنَةً حَافِيًا، فَقَالَ: ارْكَبْهَا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: ارْكَبْهَا فَرَكِبَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کے پاس سے گزرے وہ ایک بدنہ (قربانی کے بڑے جانور اونٹ وغیرہ کو کہا جاتا ہے) کو ہانک رہا تھا اور خود ننگے پاؤں تھا تو اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اس پر سوار ہو جا۔ اس نے عرض

2754- الحديث في المقصد العلى برقم: **1452** . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **4207** .

2755- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**231** قال: حدثنا أبو قطن . وفي جلد**3**صفحه**234** قال: حدثنا عبد الوهاب . وابن ماجة رقم الحديث: **3104** قال: حدثنا على بن محمد' قال: حدثنا وكيع . وأخرجه أحمد جلد**3**صفحه**173** قال: حدثنا أسود بن عامر .

کی: یا رسول اللہ! یہ (بدنہ) قربانی کا جانور ہے۔ فرمایا: اس پر سوار ہو۔ وہ اس پر سوار ہو گیا۔

2756 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ نُوحٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَقُولُ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: إِنِّي لَأَسْتَحْيِي مِنْ عَبْدِي وَأَمَتِي يَشِيبَانِ فِي الْإِسْلَامِ، فَتَشِيبُ لِحْيَةُ عَبْدِي وَرَأْسُ أَمَتِي فِي الْإِسْلَامِ أُعَذِّبُهُمَا فِي النَّارِ بَعْدَ ذَلِكَ"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اللہ تبارک و تعالیٰ فرماتا ہے کہ مجھے اپنے بندے اور اپنی بندی سے کہ جو اسلام میں بوڑھے ہو گئے حیاء آتی ہے میرے بندے کی داڑھی اور میری باندی کا سر اسلام میں سفید ہو جائے اور اس کے بعد بھی میں ان کو دوزخ کا عذاب دوں۔

2757 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ نُوحِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنَ السَّرَفِ أَنْ تَأْكُلَ كُلَّ مَا اشْتَهَيْتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ بھی فضول خرچی میں سے ہے کہ جو چیز تیرا نفس خواہش کرے، تُو اسے کھالے۔

2758 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، وَقَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبَايَعُوا الْغَرَرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دھوکہ سے بیع وشراء نہ کرو۔

2756- الحديث في المقصد العلي برقم: **1769** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **159** وقال: رواه أبو يعلى وفيه نوح بن صفوان وغيره من الضعفاء . وأخرجه أبو نعيم في الحلية جلد **2** صفحه **387** من طريق محمد بن عبد الله' حدثنا مالك بن دينار' عن أنس .

2757- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3352** قال: حدثنا هشام بن عمار' وسويد بن سعيد' ويحيى بن عثمان' قالوا: حدثنا بقية بن الوليد' قال: حدثنا يوسف بن أبي كثير' عن نوح بن ذكوان' عن الحسن' فذكره .

2758- في اسناده: محمد بن مسلم المكي' وهو ضعيف . وانظر الحديث التالي برقم: **2759** .

2759 - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَرْعَرَةُ بْنُ الْبِرِنْدِ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلَامَسُوا، وَلَا تَنَاجَشُوا، وَلَا تَبَايَعُوا الْغَرَرَ، وَلَا يَبِيعَنَّ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَمَنِ اشْتَرَى مُحَفَّلَةً فَلْيَحْلُبْهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ، فَإِنْ رَدَّهَا فَلْيَرُدَّهَا بِصَاعٍ مِنْ تَمْرٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کپڑے کو چھو کر بیع نہ کرو، نہ ہی بھاؤ میں اضافے کے لیے بولی لگاؤ اور نہ ہی دھوکے سے بیع کرو اور نہ ہی شہری دیہاتی کے لیے بیع کرے اور جو شخص کسی جانور کو دودھ بھرا ہوا خرید لے اس کو چاہیے کہ تین دن اس کو دھوئے پھر اگر اس کو وہ واپس کرنا چاہے تو ساتھ میں کھجوروں کا ایک صاع بھی دے۔

2760 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنِ الْحَسَنِ، وَقَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، " أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُلَبِّي: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان الفاظ کے ساتھ تلبیہ کہتے تھے: ''حاضر ہوں میں اے اللہ! میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوں، اے اللہ! میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں، بے شک تمام خوبیاں اور نعمتیں سب تیری ہیں اور تیری ہی بادشاہی ہے تیرا کوئی شریک و ہمسر نہیں ہے۔

2761 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے

2759- الحديث في المقصد العلى برقم: **659** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**81** وقال: رواه أبو يعلى وفيه: اسماعيل بن مسلم المكى وهو ضعيف . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **1336** . وأخرجه البيهقي في السنن الكبرىٰ جلد**5**صفحه**319** .

2760- الحديث في المقصد العلى برقم: **557** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3**صفحه**223** وقال: رواه أبو يعلى من رواية عبد الله بن نمير عن اسماعيل ولم ينسبه، فان كان ابن أبي خالد فهو من رجال الصحيح، وان كان اسماعيل ابن ابراهيم بن مهاجر فهو ضعيف، وكلاهما روى عنه . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **1201** .

2761- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**141** من طريقين من المبارك به . وأخرجه البخاري رقم الحديث: **4462** من طريق سليمان بن حرب، حدثنا حماد، عن ثابت، عن أنس . وأخرجه البخاري رقم الحديث: **4462** من طريق

الْعَلاءِ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَ بِرَسُولِ اللّٰهِ الْمَوْتُ قَالَتْ فَاطِمَةُ: وَاكَرْبَاهُ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بُنَيَّةُ، لَا كَرْبَ عَلَى أَبِيكِ بَعْدَ الْيَوْمِ

ہیں کہ جب نبی اکرم ﷺ پر موت نازل ہوئی تو حضرت فاطمۃ الزہرا ﷞ نے کہا: ہائے اتنی تکلیف! تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اے میری بیٹی! آج کے بعد تیرے باپ پر کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔

2762 - حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُسَاوِرٍ الْعِجْلِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمْ يُرِدْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفَرًا قَطُّ إِلَّا قَالَ حِينَ يَنْهَضُ مِنْ جُلُوسِهِ: اللَّهُمَّ بِكَ انْتَشَرْتُ، وَإِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ، وَبِكَ اعْتَصَمْتُ، اللَّهُمَّ أَنْتَ ثِقَتِي، وَأَنْتَ رَجَائِي، اللَّهُمَّ اكْفِنِي مَا أَهَمَّنِي وَمَا لَا أَهْتَمُّ بِهِ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّي وَزَوِّدْنِي التَّقْوَى وَاغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَجِّهْنِي لِلْخَيْرِ حَيْثُ مَا تَوَجَّهْتُ قَالَ: ثُمَّ يَخْرُجُ

حضرت انس بن مالک ﷜ سے مروی ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کبھی بھی سفر کے لیے ارادہ نہیں کرتے مگر جب بھی آپ ﷺ اپنی جگہ سے اٹھتے تو آپ ﷺ کہتے: اے اللہ! تیرے نام سے میں نے اپنے سفر کا آغاز کیا اور تیری ہی طرف میں متوجہ ہوا، تیری ہی رسی کو میں نے مضبوطی سے تھاما، اے اللہ! تو میری آس ہے اور تو ہی میری امید ہے، اے اللہ! تو مجھے کافی ہے جس کا میں نے ارادہ کیا اور جس کا نہیں کیا اور جس کو تو بہتر جانتا ہے اور تو میرے تقویٰ کو بڑھا دے اور میری وجہ سے سب کے گناہ بخش دے میں جہاں بھی توجہ کروں تو بھلائی کی طرف متوجہ کرنا مجھے۔ پھر آپ ﷺ نکلتے۔

2763 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَبَانَ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ

حضرت انس بن مالک ﷜ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کی دنیا میں دو

سليمان بن حرب، حدثنا حماد، عن ثابت، عن أنس .

2762- الحديث في المقصد العلي برقم: **1659** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**130** وقال: رواه أبو يعلى وفيه: عمر بن المساور وهو ضعيف .

2763- الحديث في المقصد العلي برقم: **1985** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **8**صفحه**95** وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه المقدام بن داؤد وقد ضعف ورواه البزار بنحوه، وأبو يعلى وفيه: اسماعيل بن مسلم وهو ضعيف . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **2666** .

الْحَسَنِ، وَقَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ لِسَانَانِ فِي الدُّنْيَا جَعَلَ اللَّهُ لَهُ لِسَانَيْنِ مِنْ نَارٍ

زبانیں ہوں اللہ تعالیٰ اس کی آگ کی دوزبانیں بنادے گا۔

2764 - حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ السَّامِيُّ، عَنْ عَرْعَرَةَ بْنِ الْبِرِنْدِ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ الْمَكِّيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، وَقَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ لِسَانَانِ فِي الدُّنْيَا جَعَلَ، اللَّهُ لَهُ لِسَانَيْنِ فِي نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کی دنیا میں دو زبانیں ہوں گی اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے لیے آگ سے دوزبانیں بنادے گا۔

2765 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، وَحَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْقُرْآنَ غِنًى لَا فَقْرَ بَعْدَهُ وَلَا غِنًى دُونَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک قرآن غنی کرنے والا ہے، قرآن کے بعد فقر نہیں اور نہ ہی اس کے علاوہ کوئی غنی ہے۔

2766 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ مُبَارَكٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: غَلَا السِّعْرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَوْ سَعَّرْتَ لَنَا، فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْقَابِضُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک میں اشیاء کے نرخ بہت مہنگے ہو گئے، لوگوں نے کہا: یا رسول اللہ! کیا آپ نے ہمارے لیے نرخ مقرر فرمائے ہیں؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ ہی رزق کو تنگ کرنے

2764- الحديث سبق برقم: **2763** فراجعه .

2765- الحديث في المقصد العلي برقم: **1225** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **7** صفحه **158** وقال: رواه أبو يعلى وفيه يزيد بن أبان الرقاشي وهو ضعيف . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: **3511** . وأخرجه الطبراني في الكبير رقم الحديث: **738** من طريق محمد بن عباد بهذا السند .

2766- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **286**' وأبو داؤد رقم الحديث: **3451** قال: حدثنا عثمان بن أبي شيبة كلاهما (ابن حنبل' وعثمان) قالا: حدثنا عفان . وأخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **2200** قال: حدثنا محمد بن المثنى . والترمذي رقم الحديث: **1314** قال: حدثنا محمد بن بشار .

الْبَاسِطُ إِنِّي لَأَمْنَعُكُمْ وَلَا أُعْطِيكُمُوهُ، إِنِّي لَأَرْجُو، أَنْ أَلْقَى اللّٰهَ وَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْكُمْ يَطْلُبُنِي بِمَظْلِمَةٍ ظَلَمْتُهَا إِيَّاهُ فِي نَفْسٍ وَلَا مَالٍ

والا اور وہی اس کو پھیلانے والا ہے۔ بے شک نہ ہی میں نے وہ تم سے روکا ہے اور نہ ہی تم کو وہ دیا ہے میں تو اس بات کی امید رکھتا ہوں کہ میں اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملوں کہ تم میں سے کوئی ایک بھی مجھ سے کسی بھی زیادتی کا مطالبہ نہ کرے جو کہ میں نے اس پر کی ہو نہ ہی کسی کی ذات میں اور نہ ہی کسی کے مال میں۔

2767 - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْحَلَبِيُّ، عَنْ تَمَّامِ بْنِ نَجِيحٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَا مِنْ حَافِظَيْنِ رَفَعَا إِلَى اللّٰهِ مَا حَفِظَا، فَيَرَى اللّٰهُ فِي أَوَّلِ الصَّحِيفَةِ خَيْرًا أَوْ فِي آخِرِهَا إِلَّا قَالَ اللّٰهُ لِمَلَائِكَتِهِ: اشْهَدُوا أَنِّي قَدْ غَفَرْتُ لِعَبْدِي مَا بَيْنَ طَرَفَيِ الصَّحِيفَةِ"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: حافظین (کراماً کاتبین) جو بھی محفوظ کرتے ہیں وہ اس کو محفوظ کر کے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بھیج کر دیتے ہیں جو بھی انہوں نے محفوظ کیا ہوتا ہے۔ صحیفے کے اول میں اور اس کے آخر میں اللہ تعالیٰ بھلائی دیکھے تو اللہ تعالیٰ ملائکہ سے فرماتا ہے: گواہ ہو جاؤ میں نے اپنے بندے کے صحیفے کی دونوں طرفوں کے جو کچھ بھی مابین ہے اس کو بخش دیا۔

2768 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ أَبُو هَمَّامٍ الْأَهْوَازِيُّ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَإِنْ كَانَ أَخَاهُ أَوْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی بھی شہری کسی دیہاتی کے لیے بیع نہ کرے اگرچہ وہ اس کا بھائی ہو یا اس کا باپ۔

2767- أخرجه الترمذي رقم الحديث: **981** من طريق زياد بن أيوب' حدثنا مبشر بن اسماعيل بهذا السند ۔ وانظر: مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **208** ۔ وتفسير ابن كثير جلد **4** صفحه **482** ۔ والعلل المتناهية لابن الجوزي (**1320,28**) ۔ والمجروحين جلد **1** صفحه **204** ۔

2768- أخرجه ابو داؤد رقم الحديث: **3440** قال: حدثنا زهير بن حرب ۔ والنسائي جلد **7** صفحه **256** قال: أخبرنا محمد بن بشار ۔ كلاهما (زهير' ومحمد) عن محمد بن الزبرقان' قال: حدثنا يونس بن عبيد' عن الحسن فذكره بلفظه ۔ وأخرجه البخاري جلد **3** صفحه **94** ۔ ومسلم جلد **5** صفحه **6** قالا: حدثنا محمد بن المثنیٰ' قال: حدثنا معاذ بن معاذ ۔

أَبَاهُ

2769 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمَرْءَ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی اسی کے ساتھ جنت میں ہوگا جس سے وہ محبت کرتا ہے۔

2770 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَحَبُّ الْأَسْمَاءِ إِلَى اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ وَالْحَارِثُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے نزدیک پسندیدہ ترین نام عبداللہ، عبدالرحمٰن اور حارث ہیں۔

2771 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " ثَلَاثَةٌ تَشْتَاقُ إِلَيْهِمُ الْجَنَّةُ: عَلِيٌّ، وَعَمَّارٌ، وَسَلْمَانُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تین ایسے شخص ہیں جن کی جنت مشتاق ہے: علی، عمار اور سلمان رضی اللہ عنہم۔

2772 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت مشتاق ہے تین

2769- الحديث سبق برقم: 2750 فراجعه . وقد أخرجه الترمذى جلد 3 صفحه 281 وحسنه' وزاد عليه: وله ما اكتسب .

2770- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1083 . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 49 وقال: رواه أبو يعلىٰ' وفيه: اسماعيل بن مسلم المكى وهو ضعيف . وأورده ابن حجر فى المطالب العالية برقم: 2802 .

2771- أخرجه الترمذى رقم الحديث: 3798 من طريق سفيان بن وكيع' حدثنا أبى' عن الحسن بن صالح بهذا السند . وأورده الهيثمى مطولًا فى مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 118,117 وقال: روى الترمذى منه طرفًا' رواه البزار وفيه: النفر بن حميد الكندى وهو متروك .

2772- الحديث سبق برقم: 2771 فراجعه .

عَنْ أَبِي رَبِيعَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْجَنَّةُ تَشْتَاقُ إِلَى ثَلَاثَةٍ: عَلِيٍّ وَعَمَّارٍ وَسَلْمَانَ"

آدمیوں کی: علی، عمار اور سلمان رضی اللہ عنہم کی۔

2773 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری مبارک پر نماز پڑھتے تھے۔

2774 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ، حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ، أَخْبَرَنَا مُبَارَكٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، وَرَسُولُ اللهِ عَلَى سَرِيرٍ شَرِيطٍ لَيْسَ بَيْنَ جَنْبِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الشَّرِيطِ شَيْءٌ، قَالَ: وَكَانَ أَرَقَّ النَّاسِ بَشَرَةً، فَانْحَرَفَ انْحِرَافَةً وَقَدْ أَثَّرَ الشَّرِيطُ بِبَطْنِ جِلْدِهِ أَوْ بِجَنْبِهِ فَبَكَى عُمَرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُبْكِيكَ؟ قَالَ: أَمَا وَاللهِ مَا أَبْكِي يَا رَسُولَ اللهِ أَنْ لَا أَكُونَ أَعْلَمُ أَنَّكَ أَكْرَمُ عَلَى اللهِ مِنْ قَيْصَرَ وَكِسْرَى، إِنَّهُمَا يَعِيثَانِ فِيمَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم چارپائی پر جلوہ افروز تھے اور وہ کھجور کے چھال کی بٹی ہوئی رسی سے بنی ہوئی تھی۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو مبارک اور ان رسیوں کے مابین کوئی چیز بھی نہیں تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے نرم جلد والے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھوڑا سا پہلو تبدیل فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جلد مبارک یا پہلو مبارک (راوی کو شک ہے) پر اس رسی کے نشانات واضح تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے

2773- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 126 من طريق عبد الصمد حدثنا بكار بن ماهان، حدثنا أنس بن سيرين، عن أنس بن مالك: أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يصلي على ناقته تطوعًا في السفر لغير القبلة . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 203 . وأبو داؤد رقم الحديث: 1225 . والبيهقي جلد 2 صفحه 5 من طرق عن ربعي بن عبد الله بن الجارود قال: حدثني عمرو بن أبي الحجاج، عن جدي الجارود، عن أنس .

2774- الحديث في المقصد العلي برقم: 2026 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 326 وقال: رواه أحمد وأبو يعلى، ورجال أحمد رجال الصحيح غير مبارك بن فضالة وقد وثقه جماعة وضعفه جماعة . وأخرجه أبو الشيخ في أخلاق النبي صلى الله عليه وسلم: 162 من طريق أبي يعلى .

يَعِيشَانِ فِيهِ مِنَ الدُّنْيَا وَأَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ بِالْمَكَانِ الَّذِي أَرَى؟ فَقَالَ: يَا عُمَرُ، أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ لَنَا الْآخِرَةُ وَلَهُمُ الدُّنْيَا؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَإِنَّهُ كَذَلِكَ

عمر! تجھے کس شے نے رُلایا؟ عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! مجھے اس شے نے رلایا کہ میں جانتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے نزدیک قیصرِ روم اور کسریٰ ایران سے کئی گناہ زیادہ عزت والے ہیں اور وہ دونوں اس دنیا میں دنیا کی اعلیٰ ترین آسائشوں میں زندگی گزار رہے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور اس مکان میں زندگی شریف بسر فرما رہے ہیں جس کو میں دیکھ رہا ہوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عمر! کیا تو اس بات پر راضی نہیں کہ ہمارے لیے آخرت ہو اور ان کے لیے دنیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیوں نہیں! یارسول اللہ! جی ہاں! میں اس پر خوش ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو پھر معاملہ اسی طرح ہے۔

2775 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ الْمُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلَى سَرِيرٍ وَهُوَ مُرْمَلٌ بِشَرِيطٍ، قَالَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِهِ، قَالَ: وَدَخَلَ عُمَرُ، فَانْحَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا الشَّرِيطُ قَدْ أَثَّرَ بِجَنْبِهِ، فَبَكَى عُمَرُ وَقَالَ: وَاللّٰهِ لَنَعْلَمُ أَنَّكَ أَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ كِسْرَى وَقَيْصَرَ وَهُمَا يَعِيشَانِ فِيمَا يَعِيشَانِ فِيهِ، قَالَ: أَمَا تَرْضَى أَنْ تَكُونَ لَهُمُ الدُّنْيَا وَلَنَا الْآخِرَةُ؟ قَالَ: بَلَى، قَالَ: فَسَكَتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک چارپائی پر جلوہ افروز تھے اور وہ کھجور کے پتوں کی بٹی ہوئی رسی سے بنی ہوئی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ داخل ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا پہلو مبارک تبدیل فرمایا' اس رسی نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی جلد مبارک میں نشان ڈال دیئے تھے تو (اس معاملے کو دیکھ کر) حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور کہنے لگے: اللہ کی قسم! ہم جانتے ہیں کہ اللہ کے نزدیک آپ صلی اللہ علیہ وسلم قیصر و کسریٰ سے بہت زیادہ عزت والے ہیں لیکن وہ دونوں دنیا کی آسائشوں میں زندگیاں گزار رہے ہیں جیسا کہ وہ گزار رہے ہیں۔ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو اس بات

2775- الحديث سبق برقم: 2774 فراجعه .

پر راضی نہیں کہ ان کے لیے دنیا اور ہمارے لیے آخرت؟ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں! کیوں نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر خاموش ہو جاؤ۔

2776 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ سَالِمٍ الْخَيَّاطِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا شَمَمْتُ مِسْكَةً، وَلَا عَنْبَرَةً أَطْيَبَ رَائِحَةً مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو مبارک سے زیادہ پاکیزہ اور زیادہ اچھی کبھی کوئی خوشبو اور نہ ہی کوئی عطر سونگھی ہے۔

2777 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ الْمَسْجِدَ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى أُسَامَةَ بِنِ زَيْدٍ، وَعَلَيْهِ ثَوْبُ قُطْنٍ مُتَوَشِّحًا بِهِ، فَصَلَّى بِهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، کہتے ہیں: (ایک مرتبہ) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے، اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سہارا لیا ہوا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مسجد کا ارادہ تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر ایک اونی کپڑا تھا جس کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی گردن مبارک سے لٹکایا ہوا تھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔

2778 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنْ عِمْرَانَ الْقَمِّيِّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں مسلسل اپنے رب کے حضور شفاعت کرتا رہوں

2776- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 227 قال: حدثنا يونس . وعبد بن حُميد: 1363 قال: حدثني سليمان بن حرب . والدارمي رقم الحديث: 63 قال: أخبرنا أبو النعمان . والبخاري جلد 4 صفحه 230 قال: حدثنا سليمان بن حرب . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 222 .

2777- اخرجه أحمد جلد 3 صفحه 262 . والبزار رقم الحديث: 593 . والطحاوي في شرح معاني الآثار جلد 1 صفحه 381 . من طريق حماد بن سلمة بهذا السند . وأورده ابن حجر في المطالب العالية: 336 .

2778- أخرجه البخاري رقم الحديث: 7510 . ومسلم رقم الحديث: 193 . والبيهقي جلد 10 صفحه 42 من طريق حماد بن زيد' حدثنا معبد بن هلال العنزي' حدثنا الحسن' حدثنا أنس . وأخرجه البخاري رقم الحديث: 6565 ومسلم رقم الحديث: 193 من طريق أبي عوانة' حدثنا قتادة' عن أنس .

قَالَ: " مَا زِلْتُ أَشْفَعُ إِلَى رَبِّي وَيُشَفِّعُنِي حَتَّى أَقُولَ: رَبِّ شَفِّعْنِي فِيمَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، قَالَ: فَيَقُولُ: لَيْسَتْ هَذِهِ لَكَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّمَا هِيَ لِي، أَمَا وَعِزَّتِي وَحِلْمِي وَرَحْمَتِي لَا أَدَعُ فِي النَّارِ أَحَدًا - أَوْ قَالَ: عَبْدًا- قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ"

گا اور میرا رب میری سفارش قبول فرماتا رہے گا حتیٰ کہ میں کہوں گا اے میرے رب تو میری اس بندے کے بارے میں بھی سفارش قبول فرما کہ جس نے بھی لا الہ الا اللہ کہا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے پیارے محمد! اس کیلئے آپ ﷺ کی سفارش کی ضرورت ہے مجھے میری عزت میرے حلم اور میری رحمت کی قسم میں آگ میں کسی ایک بھی ایسے کو نہ چھوڑوں گا کہ جس نے لا الہ الا اللہ کہا۔ یہ تو میرے ذمہ کرم پر ہے۔ اس میں راوی کو شک ہے کہ ''احدًا'' کہا تھا یا ''عبدًا''۔

2779 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا صَلَّيْتُ خَلْفَ أَحَدٍ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَمَّ صَلَاةً وَأَوْجَزَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی کے بھی پیچھے نماز نہیں پڑھی کہ جس کی نماز رسول اللہ ﷺ کی نماز سے زیادہ تام اور زیادہ مختصر ہو۔

2780 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ أَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ بَيْنَ الْقُبُورِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے قبروں کے درمیان نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے۔

2781 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے

2779- اخرجه أحمد جلد 3 صفحه 182 قال: حدثنا يحيٰى . وفي جلد 3 صفحه 207 قال: حدثنا روح . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 162 قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: حدثنا معمر عن ثابت' فذكره . وأخرجه عبد بن حميد: 1250 قال: أخبرنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا معمر' عن ثابت' وأبان' فذكره .

2780- أخرجه البزار رقم الحديث: 442 من طريق محمد بن المثنى بهذا السند . وأخرجه البزار رقم الحديث: 441 من طريق عبد اللّٰه بن سعيد' حدثنا عبد اللّٰه بن الأجلح' عن عاصم' عن أنس . وأخرجه البزار رقم الحديث: 443 من طريق أبي هاشم' حدثنا أبو معاوية' عن أبي سفيان السعدي' عن ثمامة' عن أنس .

عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ زَيْدٍ الْعَمِّيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَشَى اِلَى حَاجَةِ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا حَسَنَةً اِلَى أَنْ يَرْجِعَ مِنْ حَيْثُ فَارَقَهُ، فَاِنْ قُضِيَتْ حَاجَتُهُ خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ، وَاِنْ هَلَكَ فَيَا مِنْ هَالِكٍ دَخَلَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ

ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے مسلمان بھائی کی کسی حاجت کی طرف چلا۔ اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر قدم کے بدلے میں اس کے لیے ایک نیکی لکھتا ہے او یہ سلسلہ اس وقت تک چلتا رہتا ہے جب تک وہ جہاں سے چلے تھے وہاں واپس لوٹ آئیں پھر اگر اس کی حاجت پوری ہو جائے یعنی اس کا کام ہو جائے تو وہ گناہوں سے اس طرح نکل جاتا ہے جیسا کہ اس کو اس کی والدہ نے آج جنا ہو اور اگر وہ اس دوران میں ہلاک ہو جائے تو اس کو اللہ تعالیٰ بغیر حساب کے جنت میں داخل فرمادے گا۔

2782 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الشَّامِيُّ الْعَبَّادَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ نُوحِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ أَخِيهِ أَيُّوبَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَلَا أُخْبِرُكُمْ عَنِ الْأَجْوَدِ الْأَجْوَدِ؟: اللّٰهُ الْأَجْوَدُ الْأَجْوَدُ، وَأَنَا أَجْوَدُ وَلَدِ آدَمَ وَأَجْوَدُهُمْ مِنْ بَعْدِى رَجُلٌ عَلِمَ عِلْمًا فَنَشَرَ عِلْمَهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أُمَّةً وَاحِدَةً، وَرَجُلٌ جَادَ بِنَفْسِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَتَّى يُقْتَلَ" .

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں سب سے بڑے سخی سے بھی بڑے سخی کے بارے میں خبر نہ دوں؟ اللہ تعالیٰ سب سے بڑے سخی سے بھی بڑا سخی ہے اور میں اولادِ آدم میں سب سے بڑا سخی ہوں (جواد ہوں) اور میرے بعد لوگوں میں سب سے بڑا سخی وہ ہے جس نے علم حاصل کیا اور اپنے علم کو پھیلایا قیامت کے دن ان کو ایک گروہ کی صورت میں اٹھایا جائے گا اور وہ آدمی (سخی ہے) جس نے اللہ کی راہ میں اپنے مال اور اپنی جان سے اس قدر جہاد کیا حتیٰ کہ وہ اللہ کی راہ میں مار دیا گیا۔

2782- الحديث في المقصد العلي برقم: 1265,105 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه13 وقال: رواه أبو يعلٰى وفيه سويد بن عبد العزيز وهو متروك . وأورده ابن حجر في المطالب العالية: 3077 . والسيوطي في اللآلئ المصنوعة جلد 1صفحه 207,206 .

أَبُو قِلَابَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ الْجَرْمِيُّ، عَنْ أَنَسٍ

ابوقلابہ عبداللہ بن زید الجرمی' حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں

2783 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْتِي أُمَّ سُلَيْمٍ فَيَقِيلُ عِنْدَهَا، وَكَانَ يُصَلِّي عَلَى نِطْعٍ وَيَقِيلُ، وَكَانَ كَثِيرَ الْعَرَقِ فَتَتَبَّعُ الْعَرَقَ مِنَ النِّطْعِ فَتَجْعَلُهُ فِي قَوَارِيرِ الطِّيبِ، وَكَانَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

حضرت ابو قلابہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ وہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لاتے تھے اوران کے پاس قیلولہ کرتے تھے اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم چمڑے کی ایک جائے نماز پرنماز ادا فرماتے تھے پھر اسی پر قیلولہ فرماتے تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم قیلولہ فرماتے (دوپہر کے وقت آرام کرتے) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت زیادہ پسینہ مبارک آتا تھا تو حضرت اُم سلیم اس جائے نماز سے پسینہ جمع کرتیں اورخوشبو والی شیشیوں میں ڈال لیتی تھیں' چٹان پرنماز پڑھتے تھے۔

2784 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُمِرَ بِلَالٌ أَنْ يَشْفَعَ الْأَذَانَ وَيُوتِرَ الْإِقَامَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا گیا تھا کہ اذان میں کلمات کو دو بار پڑھیں اوراقامت میں طاق پڑھیں۔

2783- اخرجه أحمد جلد 3صفحه136' وعبد بن حُميد: 1268 . ومسلم جلد 7صفحه 81 قال: حدثني زهير بن حرب . وأخرجه البخارى جلد 8صفحه78 قال: حدثنا قتيبة بن سعيد' قال: حدثنا محمد بن عبد الله الأنصارى' قال: حدثني أبي' عن ثمامة' فذكره .

2784- أخرجه أحمد جلد 3صفحه103 قال: حدثنا عبد الوهاب . والدارمي رقم الحديث: 1197 . والبخارى جلد1صفحه157 قالا: حدثنا سليمان بن حرب' قال: حدثنا حماد بن زيد' عن سماك بن عطية . ومسلم جلد2 صفحه 3 قال: حدثنى عبيد الله بن عمر القواريرى' قال: حدثنا عبد الوارث بن سعيد' وعبد الوهاب بن عبد المجيد .

2785 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ وَكَانَ يُكَنَّى أَبَا الْمُنَازِلِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُمِرَ بِلَالٌ أَنْ يَشْفَعَ الْأَذَانَ وَيُوتِرَ الْإِقَامَةَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا گیا کہ اذان میں جفت کریں اور اقامت میں طاق کریں۔

2786 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَلَّى - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا، وَصَلَّى بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ فَسَمِعْتُهُمْ يَصْرُخُونَ بِهِمَا صُرَاخًا: بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ شریف میں ظہر چار رکعات پڑھیں اور ذوالحلیفہ میں دو(۲) رکعتیں پڑھیں۔ میں نے ان کو سنا ہے وہ بلند آواز سے کہہ رہے تھے حج اور عمرہ میں۔

2787 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِي أُمَّ سُلَيْمٍ فَيَقِيلُ عِنْدَهَا، وَكَانَ كَثِيرَ الْعَرَقِ، فَتَجْعَلُهُ فِي الْقَوَارِيرِ، وَكَانَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لاتے انہیں کے پاس قیلولہ (دوپہر کا آرام) فرماتے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت پسینہ مبارک آتا تو حضرت اُم سلیم شیشیوں میں ڈال لیتی تھیں اور اس کے شیشہ کے چمکتے ہوئے موتی بن جاتے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے پتوں کی چٹائی پر نماز ادا فرماتے۔

2788 - حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے

2785- الحديث سبق برقم: **2784** فراجعه .

2786- أخرجه البخارى جلد**2**صفحه**170** وجلد**4**صفحه**59** قال: حدثنا سليمان بن حرب' قال: حدثنا حماد بن زيد' عن أيوب' عن أبى قلابة' فذكره . وأخرجه البخارى جلد**2**صفحه**170** قال: حدثنا قتيبة' قال: حدثنا عبد الوهاب' قال: حدثنا أيوب' عن أبى قلابة' فذكره .

2787- الحديث سبق برقم: **2783** فراجعه .

2788- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**249** . والبخارى رقم الحديث: **5463** من طريق وهيب بهذا السند . وأخرجه الحميدى رقم الحديث: **1181** . وأحمد جلد**3**صفحه**110** . ومسلم رقم الحديث: **557** . والنسائى

حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا حَضَرَ الْعَشَاءُ وَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَءُوا بِالْعَشَاءِ

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب رات کا کھانا سامنے آجائے اور نماز کا وقت بھی ہو جائے تو پہلے کھانا کھاؤ (کھانے سے ابتداء کرو)۔

2789 - حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ وَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَءُوا بِالْعَشَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کھانا رکھ دیا جائے اور نماز بھی قائم ہو جائے تو پھر کھانے سے ابتداء کرو (پہلے کھانا کھائے تا کہ نماز میں کھانے کا خیال نہ آتا رہے اور نماز خشوع وخضوع سے ادا ہو)۔

2790 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَتَبَاهَى النَّاسُ فِي الْمَسَاجِدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ لوگ مسجدوں میں باہم فخر کیا کریں گے۔

2791 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اس کی مثل فرمایا۔

2792 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے

رقم الحديث: **854** . والترمذي رقم الحديث: **353** . والدارمي جلد **1** صفحه **293** . وأبو عوانة جلد **2** صفحه **14** من طرق عن سفيان' عن الزهري' عن أنس .

2789- الحديث سبق برقم: **2788** فراجعه .

2790- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **134** قال: حدثنا عبد الصمد وجلد **3** صفحه **145** قال: حدثنا أبو سعيد' وجلد **3** صفحه **152** قال: حدثنا عبد الصمد' وعفان . وجلد **3** صفحه **230** قال: حدثنا يونس' وحسن بن موسى . جلد صفحه **283** قال: حدثنا عفان .

2791- الحديث سبق برقم: **2790** فراجعه .

2792- أخرجه احمد جلد **3** صفحه **100** . والنسائي في الكبرى (تحفة الأشراف) رقم الحديث: **953** عن يعقوب بن

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ وَهُوَ يُصَلِّي فَلْيَنْصَرِفْ حَتَّى يَعْقِلَ مَا يَقُولُ

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو اونگھ آئے اس حال میں کہ وہ نماز پڑھ رہا ہو اسے چاہیے کہ وہ سو جائے یہاں تک کہ وہ جو کچھ کہہ رہا ہے وہ سمجھ لے۔

2793 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، قَالَ: قُرِءَ عَلَيْنَا كِتَابُ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَنْصَرِفْ حَتَّى يَعْلَمَ مَا يَفْعَلُ

حضرت ابوایوب سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم پر ابوقلابہ رحمہ اللہ کی کتاب پڑھی گئی اس میں تھا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ جب تم میں سے کسی کو اونگھ آجائے تو اسے چاہیے کہ وہ پھر جائے یہاں تک کہ وہ جان لے کہ وہ کیا کہہ رہا ہے۔

2794 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، رَفَعَهُ، قَالَ: إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلْيَنْصَرِفْ فَلْيَنَمْ

حضرت ابوقلابہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ وہ اس کو مرفوع کرتے ہیں، کہتے ہیں جب تم میں سے کسی ایک کو اونگھ آجائے نماز میں تو اسے چاہیے کہ وہ پھر جائے اور سو جائے۔

2795 - حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطُّفَاوِيُّ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا نَعَسَ أَحَدُكُمْ فِي الصَّلَاةِ فَلْيَنْصَرِفْ فَلْيَرْقُدْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو نماز میں اونگھ آجائے تو اسے چاہیے کہ وہ پھر جائے اور سو جائے۔

2796 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے

ابراهيم . وأخرجه أحمد جلد 3 صفحه 150,142 قال: حدثنا عبد الصمد . والبخاري جلد 1 صفحه 64 قال: حدثنا أبو معمر .

2793- الحديث سبق برقم: 2792 فراجعه .

2794- الحديث سبق برقم: 2793,2792 فراجعه .

2795- الحديث سبق برقم: 2794,2793,2792 فراجعه .

2796- الحديث سبق برقم: 2784 فراجعه .

عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أُمِرَ بِلَالٌ أَنْ يُثَنِّيَ، الْأَذَانَ، وَأَنْ يُوتِرَ الْإِقَامَةَ

ہیں کہ بلال کو حکم دیا گیا کہ اذان میں جفت کریں اور اقامت میں طاق کریں۔

2797 - حَدَّثَنِي مَخْلَدُ بْنُ أَبِي زُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِأَصْحَابِهِ، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ أَقْبَلَ عَلَيْهِمْ بِوَجْهِهِ فَقَالَ: أَتَقْرَءُونَ فِي صَلَاتِكُمْ خَلْفَ الْإِمَامِ وَالْإِمَامُ يَقْرَأُ؟ فَسَكَتُوا، فَقَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ قَائِلٌ - أَوْ قَالَ قَائِلُونَ - إِنَّا لَنَفْعَلُ، قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوا لِيَقْرَأْ أَحَدُكُمْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِي نَفْسِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو نماز پڑھائی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: کیا تم اپنی نمازوں میں امام کے پیچھے پڑھتے ہو اور امام بھی پڑھتا ہے؟ لوگ خاموش رہے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تین بار فرمایا تو پھر ایک کہنے والے نے کہا: یا زیادہ کہنے والوں نے کہا (راوی کو شک ہے) بے شک ہم ایسا کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اب ایسا نہ کرو تم میں سے ہر ایک کو چاہیے کہ وہ سورۃ فاتحہ کو اپنے دل میں پڑھ لے۔

2798 - حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْكَفَأَ إِلَى كَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ فَذَبَحَهُمَا بِيَدِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو سینگھوں والے سفید مائل بہ سیاہی مینڈھے لائے ان دونوں کو اپنے ہاتھوں سے ذبح کیا۔

2799 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ

2797- الحديث في المقصد العلي برقم: **271** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **110** وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الأوسط' ورجاله ثقات . وأخرجه الخطيب البغدادي في التاريخ جلد **13** صفحه **176** من طريق مخلد بن الحسن بهذا السند .

2798- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **268** قال: حدثنا عفان . والبخاري جلد **2** صفحه **170** قال: حدثنا موسى بن اسماعيل وفي جلد **2** صفحه **210** قال: حدثنا سهل بن بكار . وأبو داؤد رقم الحديث: **2793,1796** . قال: حدثنا أبو سلمنة موسى بن اسماعل . وابن خزيمة رقم الحديث: **2894** قال: حدثنا علي بن شعيب' قال: حدثنا أحمد بن اسحاق .

2799- الحديث سبق برقم: **2798** فراجعه .

الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

نبی اکرم ﷺ سے اسی مثل کی روایت کرتے ہیں۔

2800 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، وَأَبُو خَيْثَمَةَ قَالَا: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: قَالَ أَنَسٌ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينًا، وَإِنَّ أَمِينَنَا أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت ابوقلابہ رحمۃ اللہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ بے شک ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور بے شک اس امت کا ہمارا امین ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ ہے۔

2801 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي بَيْتِهِ وَكَانَ غُلَامُ رَسُولِ اللّٰهِ يُقَالُ لَهُ: أَنْجَشَةُ يَحْدُو، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْحَكَ يَا أَنْجَشَةُ، رُوَيْدًا سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيرِ قَالَ: قَالَ أَبُو قِلَابَةَ: يَعْنِي النِّسَاءَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی کریم ﷺ اپنے کاشانہ اقدس میں جلوہ افروز تھے اور آپ ﷺ کا ایک غلام تھا جس کو انجشہ کہا جاتا تھا وہ گانا شروع ہو گیا وہ حدی خواں تھا (یعنی وہ گیت جو اونٹوں کو ہانکنے کے وقت گاتے تھے) تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے انجشہ! تیرے لیے ہلاکت ہو! شیشوں کے چلانے میں آہستگی اختیار کر۔ حضرت ابوقلابہ فرماتے ہیں: یعنی عورتوں کو۔

2802 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى عَلَى أَزْوَاجِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اپنی ازواج کے پاس آئے' وہ آپ کی ازواج کو بازار لے جاتا تھا اس کو انجشہ کہا جاتا تھا۔ آپ نے فرمایا: تیرے

2800- أخرجه أحمد جلد3صفحه133 قال: حدثنا عبد الرحمٰن بن مهدي' قال: حدثنا شعبة . وفي جلد3 صفحه 189 قال: حدثنا اسماعيل . وفي جلد3صفحه245 قال: حدثنا عفان . والبخاري جلد5صفحه32 قال: حدثنا عمرو بن علي' قال: حدثنا عبد الأعلى .

2801- أخرجه أحمد جلد3صفحه186 . والبخاري جلد8صفحه44' وفي الأدب المفرد رقم الحديث: 264 قال: حدثنا مسدد . ومسلم جلد 7صفحه78 قال: حدثنا عمرو الناقد' وزهير بن حرب . وأخرجه أحمد جلد3 صفحه227 قال: حدثنا يونس .

2802- الحديث سبق برقم: 2801 فراجعه .

وَسَوَّاقٌ يَسُوقُ بِهِنَّ يُقَالُ لَهُ أَنْجَشَةُ فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا أَنْجَشَةُ، رُوَيْدَكَ سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيرِ قَالَ: قَالَ أَبُو قِلَابَةَ: تَكَلَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَلِمَةٍ لَوْ تَكَلَّمَ بِهَا بَعْضُكُمْ لَعِبْتُمُوهَا عَلَيْهِ

لیے ہلاکت ہو! شیشوں کے چلانے (عورتوں کو لے جانے) میں آہستگی کر۔ حضرت قلابہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے ایک بات کی اگر تم میں سے کوئی ایک وہ کلمہ اپنے منہ سے نکالتا تو تم اس پر ہنستے۔

2803 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا، وَصَلَّى الْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے ظہر مدینہ شریف میں چار رکعتیں پڑھیں اور عصر ذی الحلیفہ کے مقام پر دو رکعتیں پڑھیں۔

2804 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا، وَصَلَّى الْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے ظہر مدینہ میں چار رکعتیں پڑھیں اور عصر ذوالحلیفہ پر (۲) دو رکعتیں پڑھیں۔

2805 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَجَدَ بِهِنَّ حَلَاوَةَ الْإِيمَانِ: أَنْ يَكُونَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِمَّا سِوَاهُمَا، وَأَنْ يُحِبَّ الْمَرْءَ لَا يُحِبُّهُ إِلَّا لِلَّهِ، وَأَنْ يَكْرَهَ أَنْ يَعُودَ فِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تین چیزیں جس میں ہوں اس نے ایمان کی حلاوت کو پا لیا (۱) اللہ اور اس کے رسول ﷺ کو جمیع ما سواہما (ان دونوں کے علاوہ باقی سب سے) زیادہ محبت کرے (۲) آدمی کسی سے بھی محبت کرے تو صرف اللہ کے لیے (۳) آدمی کفر میں لوٹنا

2803- الحديث سبق برقم: 2786 فراجعه .

2804- الحديث سبق برقم: 2803 فراجعه .

2805- أخرجه أحمد بن حنبل جلد3صفحه103 . والبخارى جلد 1صفحه10 قال: حدثنا محمد بن المثنى . وفى جلد9صفحه25 قال: حدثنا محمد بن عبد الله بن حَوشب . ومسلم جلد 1صفحه48 قال: حدثنا اسحاق ابن ابراهيم، وابن أبى عمر، ومحمد بن بشار . والترمذى رقم الحديث: 2624 قال: حدثنا ابن أبى عمر .

الْكُفْرِ كَمَا يَكْرَهُ أَنْ تُوقَدَ لَهُ نَارٌ فَيُقْذَفَ فِيهَا"

اس طرح ناگوار جانے جس طرح کہ وہ اس بات کو ناپسند سمجھتا ہے کہ اس کو آگ میں ڈالا جائے آگ کو بھڑکا کر۔

2806 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: " كُنْتُ رِدْفَ أَبِي طَلْحَةَ وَأَنَّهُمْ لَيَصْرُخُونَ بِهِمَا: الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے سواری پر بیٹھا ہوا تھا جبکہ سارے لوگ حج وعمرہ کا تلبیہ بلند آواز سے پڑھ رہے تھے۔

2807 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي أَبُو رَجَاءٍ، مَوْلَى أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: قَالَ أَنَسٌ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينٌ، وَإِنَّ أَمِينَنَا أَيَّتُهَا الْأُمَّةُ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور ہماری اس امت کا امین ابوعبیدہ بن الجراح ہے۔

2808 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي أَبُو رَجَاءٍ، مَوْلَى أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ نَفَرًا مِنْ عُكْلٍ: ثَمَانِيَةً قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعُوهُ عَلَى الْإِسْلَامِ فَاسْتَوْخَمُوا الْأَرْضَ وَسَقِمَتْ أَجْسَامُهُمْ فَشَكَوْا ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت ابوقلابہ رحمہ اللہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ مجھے انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی کہ بے شک عکل کے آٹھ (۸) لوگوں کا ایک گروہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور آپ کے ہاتھ پر اسلام پر بیعت کی، ان کو زمین کی آب و ہوا موافق نہ آئی ان کے جسم بیمار پڑ گئے، انہوں نے اس بات کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم

2806- أخرجه أحمد جلد3صفحه164 قال: حدثنا عبد الرزاق، قال: أخبرنا معمر . والبخاري جلد4صفحه67 قال: حدثنا قتيبة بن سعيد، قال: حدثنا عبد الوهاب . كلاهما (معمر، وعبد الوهاب) عن ايوب، عن أبي قلابة، فذكره .

2807- الحديث سبق برقم: 2800 فراجعه .

2808- أخرجه أحمد جلد3صفحه161 قال: حدثنا عبد الرزاق، قال: أخبرنا سفيان . والبخاري جلد1صفحه67 قال: حدثنا سليمان بن حرب، قال: حدثنا حماد بن زيد . وفي جلد4صفحه75 قال: حدثنا مُعلى بن أسد، قال: حدثنا وُهَيب . وفي جلد9صفحه202 قال: حدثنا موسىٰ بن اسماعيل، عن وهيب .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَلَا تَخْرُجُونَ مَعَ رَاعِينَا فِي إِبِلِهِ فَتُصِيبُونَ مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا فَصَحُّوا فَقَتَلُوا الرَّاعِيَ فَطَرَدُوا الْإِبِلَ فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَعَثَ فِي آثَارِهِمْ فَأُدْرِكُوا، فَجِيءَ بِهِمْ فَأَمَرَ بِهِمْ، فَقُطِعَتْ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ، وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ ثُمَّ نُبِذُوا فِي الشَّمْسِ حَتَّى مَاتُوا

ہمارے چرواہے کے ساتھ بیت المال کے اونٹوں میں نہیں نکلتے کہ تم اونٹوں کا پیشاب اور دودھ لو اور ٹھیک ہو جاؤ؟ (صحابی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے ایسا کیا) تو وہ تندرست ہو گئے پھر بعد میں انہوں نے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹوں کو ہانک کر لے گئے۔ اس بات کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہنچائی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پیچھے لوگوں کو بھیجا تو وہ لوگ مل گئے (پا لیے گئے) ان سب کو لایا گیا ان کے بارے میں حکم دیا گیا کہ ان کے ہاتھوں اور پاؤں کو کاٹ دیا جائے اور آنکھوں کو پھوڑ دیا جائے پھر ان کو سورج کی دھوپ میں پھینک دیا گیا یہاں تک کہ وہ سارے مر گئے۔

2809 - حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ رُسْتُمٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: خَرَجْنَا مَعَهُ إِلَى الْحَرَمِ، فَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَقَالَ: أَلَا تَنْزِلُوا نُصَلِّي؟ فَقُلْتُ: لَوْ تَقَدَّمْتَ إِلَى هَذَا الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: أَيُّ مَسْجِدٍ؟ قِيلَ: مَسْجِدُ بَنِي فُلَانٍ، فَفَزِعَ وَقَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَأْتِي عَلَى أُمَّتِي زَمَانٌ يَتَبَاهَوْنَ بِالْمَسَاجِدِ وَلَا يَعْمُرُونَهَا إِلَّا قَلِيلًا

حضرت ابو قلابہ رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ وہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ ابو قلابہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ہم لوگ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مسجد حرام کی طرف نکلے تو نماز کا وقت ہو گیا تو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اترو گے نہیں کہ ہم نماز ادا کر لیں۔ ابو قلابہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا کہ اگر آپ رضی اللہ عنہ اس مسجد میں تشریف لے آئیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کون سی مسجد؟ آپ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا، بنی فلاں کی مسجد۔ تو آپ رضی اللہ عنہ گھبرا گئے اور فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے: میری امت پر ایک زمانہ آئے گا لوگ مسجدوں پر فخر کریں گے اور ان کو تعمیر (آباد) تھوڑے ہی کریں گے۔

2809- الحديث برقم: 2789 فراجعه.

2810 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ قَتَلَ جَارِيَةً مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى أَوْضَاحٍ لَهَا، ثُمَّ أَلْقَاهَا فِي قَلِيبٍ، فَرَضَخَ رَأْسَهَا بِالْحِجَارَةِ فَأُخِذَ، فَأُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَ بِهِ أَنْ يُرْجَمَ، فَرُجِمَ حَتَّى مَاتَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک ایک یہودی نے ایک بچی کو محض اس وجہ سے کہ اس پر برص کے داغ تھے قتل کر دیا اور پھر اس کو ایک پرانے کنویں میں پھینک دیا اس نے اس کا سر پتھروں سے کچلا بھی تھا تو اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کو رجم کر دیا جائے تو اس کو رجم کر دیا گیا۔

2811 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبَّادٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَذِنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ بَيْتٍ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنْ يُرْقُوا مِنَ الْحُمَةِ، وَأَذِنَ بِرُقْيَةِ الْعَيْنِ وَالنَّفْسِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بیت انصار کو بخار اور نظر بد کے دم کی اجازت عطا فرمائی۔

2812 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا رَيْحَانُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُورٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَيُدْرِكُ رِجَالٌ مِنْ أُمَّتِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عنقریب میری امت میں سے کچھ لوگ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کو پالیں اور دجال کے ساتھ لڑائی (جہاد) میں وہ موجود ہوں گے۔

2810- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 163 . ومسلم جلد 5 صفحه 104 قال: حدثنا عبد بن حُميد . وأبو داؤد رقم الحديث: 4528 قال: حدثنا أحمد بن صالح . وأخرجه مسلم جلد 5 صفحه 104 قال: حدثني اسحاق بن منصور، قال: أخبرنا محمد بن بكر .

2811- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 118,119 قال: حدثنا وكيع . وفي جلد 3 صفحه 118 قال: حدثنا أبو أحمد . وفي جلد 3 صفحه 127 قال: حدثنا يحيىٰ بن آدم . ومسلم جلد 7 صفحه 18 قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة، قال: حدثنا يحيىٰ بن آدم .

2812- الحديث في المقصد العلي برقم: 1819 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 7 صفحه 350 وقال: رواه الطبراني في الأوسط وفيه: معاوية ابن واهب ولم أعرفه . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: 4575 . وأخرجه الحاكم في المستدرك جلد 4 صفحه 544,545 وصححه، وقال الذهبي: منكر، وعباد ضعيف .

عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ، وَيَشْهَدُونَ قِتَالَ الدَّجَّالِ

2813 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الظُّهْرَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا، وَصَلَّى الْعَصْرَ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ، وَبَاتَ بِهَا حَتَّى أَصْبَحَ، فَلَمَّا صَلَّى الصُّبْحَ رَكِبَ رَاحِلَتَهُ، فَلَمَّا انْبَعَثَتْ بِهِ رَاحِلَتُهُ سَبَّحَ وَكَبَّرَ حَتَّى اسْتَوَتْ بِهِ عَلَى الْبَيْدَاءِ، ثُمَّ جَمَعَ بَيْنَهُمَا، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ أَمَرَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَحِلُّوا، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ أَهَلُّوا بِالْحَجِّ، وَنَحَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ بَدَنَاتٍ بِيَدِهِ قِيَامًا، وَضَحَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ وَاللَّفْظُ لِزُهَيْرٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر مدینہ شریف چار رکعتیں پڑھیں اور ذوالحلیفہ کے مقام پر عصر دو رکعتیں پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رات گزاری حتیٰ کہ صبح ہوگئی پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز ادا فرمائی تو اپنی سواری پر سوار ہوگئے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری مبارک تیز ہوگئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تسبیح و تکبیر کہی حتیٰ کہ وہ سواری بیداء کے مقام پر جا کر ٹھہر گئی۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور عمرہ کو جمع فرمایا۔ پھر جب ہم مکہ آئے تو صحابہ کرام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ احرام کھول دیں پھر آٹھویں ذوالحجہ کے دن انہوں نے حج کا احرام باندھا اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستِ نبوت مبارک سے کھڑے ہو کر ہی سات اونٹ نحر کیے (ذبح کیے) اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود دو موٹے تازے سینگھوں والے مینڈھے قربان کیے تھے (اور یہ الفاظ زہیر کے ہیں)۔

2814 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ أَمَرَهُمْ أَنْ يَحِلُّوا إِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ، قَالَ: وَنَحَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ بَدَنَاتٍ قِيَامًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ مکرمہ میں تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو حکم دیا کہ احرام کھول دیں مگر وہ نہ کھولے جس کے پاس ہدی ہو (قربانی کا جانور ہو) وہ پہلے قربانی کرے پھر احرام کھولے۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات اونٹ کھڑے ہو کر ہی

2813- الحديث سبق برقم: **2804,2803,2786** فراجعه .

2814- الحديث سبق برقم: **2804,2803,2786,2813** فراجعه .

ذبح فرمائے۔

2815 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ، عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: سَبْعٌ لِلْبِكْرِ، وَثَلَاثٌ لِلثَّيِّبِ، أَمَا اِنِّي لَوْ قُلْتُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَصَدَقْتُ، وَلٰكِنْ سُنَّةٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کنواری لڑکی کے ساتھ شادی کرنے کی صورت میں اس کے پاس سات دن ٹھہرنا ہے اور شادی شدہ کے پاس تین دن اگر میں یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے بیان کروں تو میں سچ کہوں گا' لیکن یہ سنت ہے۔

مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسٍ

وہ احادیث جو محمد بن سیرین سے حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں

2816 - حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ أَبِي مُسْلِمٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: أَوَّلُ لِعَانٍ كَانَ فِي الْإِسْلَامِ أَنَّ شَرِيكَ بْنَ سَحْمَاءَ قَذَفَهُ هِلَالُ بْنُ أُمَيَّةَ بِامْرَأَتِهِ، فَرُفِعَتْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا هِلَالُ أَرْبَعَةُ شُهُودٍ وَاِلَّا فَحَدٌّ فِي ظَهْرِكَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ لَيَعْلَمُ اِنِّي لَصَادِقٌ وَلَيُنْزِلَنَّ اللّٰهُ

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ وہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ بے شک اسلام میں سب سے پہلا لعان یہ تھا کہ شریک بن سحماء پر حضرت ہلال بن امیہ نے اپنی بیوی کے ساتھ غلط روابط کا الزام لگایا تو یہ معاملہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں لے جایا گیا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ہلال! چار گواہ لاؤ ورنہ تیری پیٹھ میں (کوڑوں کی) حد ہے (اس کے لیے تیار ہو جاؤ) انہوں

2815- أخرجه الدارمي رقم الحديث: 2215 قال: أخبرنا يعلى . وابن ماجة رقم الحديث: 1916 قال: حدثنا هناد بن السري' قال: حدثنا عبدة بن سليمان . أخرجه البخاري جلد7صفحه43 قال: حدثنا مسدد' قال: حدثنا بشر . ومسلم جلد4صفحه173 قال: حدثنا يحيىٰ بن يحيىٰ' قال: أخبرنا هُشيم .

2816- أخرجه أحمد جلد 3صفحه142؛ وعبد بن حميد: 1218 قالا: حدثنا وهب بن جرير . وأخرجه مسلم جلد 4 صفحه 209 قال: حدثنا محمد بن المثنى . والنسائي جلد 6صفحه171 قال: أخبرنا اسحاق بن ابراهيم . وأخرجه النسائي جلد6صفحه172 قال: أخبرنا عمران بن يزيد' قال: حدثنا مخلد بن حسين .

مَا يُبَرِّءُ بِهِ ظَهْرِى مِنَ الْجَلْدِ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ اللِّعَانِ (وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ) (النور: 6) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، فَدَعَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اشْهَدْ بِاللّٰهِ إِنَّكَ لَمِنَ الصَّادِقِينَ فِيمَا رَمَيْتَهَا بِهِ مِنَ الزِّنَى فَشَهِدَ بِذَلِكَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، ثُمَّ قَالَ لَهُ فِي الْخَامِسَةِ: وَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَيْكَ إِنْ كُنْتَ مِنَ الْكَاذِبِينَ فِيمَا رَمَيْتَهَا بِهِ مِنَ الزِّنَى فَفَعَلَ، ثُمَّ دَعَاهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: قُومِي اشْهَدِي بِاللّٰهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ فِيمَا رَمَاكِ بِهِ مِنَ الزِّنَى فَشَهِدَتْ بِذَلِكَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، ثُمَّ قَالَ لَهَا فِي الْخَامِسَةِ: وَغَضَبُ اللّٰهِ عَلَيْكِ إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ فِيمَا رَمَاكِ بِهِ مِنَ الزِّنَى فَقَالَتْ قَالَ مَخْلَدٌ: فَلَمَّا كَانَ فِي الرَّابِعَةِ أَوِ الْخَامِسَةِ سَكَتَتْ سَكْتَةً حَتَّى ظَنُّوا أَنَّهَا سَتَعْتَرِفُ، ثُمَّ قَالَتْ: لَا أَفْضَحُ قَوْمِي سَائِرَ الْيَوْمِ، فَمَضَتْ عَلَى الْقَوْلِ، فَفَرَّقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا وَقَالَ: انْظُرُوا إِنْ جَاءَتْ بِهِ جَعْدًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيكِ بْنِ سَحْمَاءَ، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَبْيَضَ سَبِطًا أَقْمَرَ الْعَيْنَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ فَجَاءَتْ بِهِ آدَمَ جَعْدًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْلَا مَا نَزَلَ فِيهِمَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ كَانَ لِي وَلَهَا شَأْنٌ

نے عرض کی: یا رسول اللہ! بے شک اللہ جانتا ہے کہ میں سچا ہوں اور اللہ تبارک وتعالیٰ ضرور وہ حکم بھی نازل فرما دے گا جو میری پشت کو کوڑوں سے بری کر دے گا تو اللہ تعالیٰ نے لعان کی آیت نازل فرما دی: ''وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر عیب لگائیں اور ان کے پاس اپنے بیان کے سوا کوئی اور گواہ نہ ہو'' الی اخر الآیۃ (سورۃ النور:٦) نبی کریم ﷺ نے ھلال کو بلایا اور فرمایا: تو گواہی دے اللہ کی قسم کھا کے کہ بے شک تو سچا ہے، اس معاملے میں جو تو نے اپنی عورت پر زنا کا عیب لگایا ہے؟ تو ہلال نے یہ چار بار گواہیاں دیں۔ پھر آپ ﷺ نے ان سے فرمایا: پانچویں بار یہ گواہی دو اللہ کی قسم کھا کر اللہ کی لعنت ہو تجھ پر اگر تو جھوٹا ہوا اپنے اس معاملے میں جو تو نے اپنی بیوی پر زنا کا عیب لگایا ہے۔ تو ھلال نے ایسے ہی کیا۔ پھر رسول اکرم ﷺ نے ان کی اہلیہ کو بلایا اور فرمایا: تو بھی اللہ کی قسم اٹھا کر گواہی دے کہ بے شک وہ جھوٹا ہے اس معاملے میں جو اس نے تجھ پر زنا کی تہمت لگائی ہے۔ تو اس نے بھی چار مرتبہ اس کی گواہی دی پھر آپ ﷺ نے اس سے پانچویں مرتبہ فرمایا اور اللہ کا تجھ پر غضب ہو اگر وہ سچا ہوا، اس معاملے میں جو اس نے تجھ پر زنا کا عیب لگایا ہے۔ تو اس نے ایسا کیا مخلد (راوی ہیں) کہتے ہیں: جب چوتھی یا پانچویں مرتبہ تھی تو وہ خاموش ہوگئی، تھوڑی دیر کے لیے حتیٰ کہ لوگوں نے گمان کر لیا کہ عنقریب یہ اعترافِ جرم کر لے گی، پھر اس نے کہا کہ میں آج کبھی بھی اپنی قوم کو رسوا نہیں کروں گی تو اس نے کہنا شروع کر

دیا۔تو نبی کریم ﷺ نے ان دونوں (ھلال بن امیہ اور ان کی بیوی) کے درمیان جدائی کروا دی اور فرمایا: غور کروتم دیکھنا اگر اس عورت سے گھنگریالے بالوں والا اور باریک پنڈلیوں والا بچہ جنا تو وہ شریک بن سحماء کا ہے اور اگر یہ سفید، سیدھے بالوں والا اور چمک دار آنکھوں والا بچہ لائی تو وہ ھلال بن امیہ کا ہے۔تو اس نے گھنگھریالے بالوں والا باریک پنڈلیوں والا بچہ جنا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جوان دونوں کے بارے میں اللہ کی کتاب میں نازل ہوا ہے اگر نہ ہوتا تو میرے لیے اور اس عورت کے لیے عیب ہوتا (مطلب ٹھیک نہ ہوتا)۔

2817 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ، قَذَفَ امْرَأَتَهُ بِشَرِيكِ بْنِ سَحْمَاءَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبْصِرُوهَا، فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَبْيَضَ سَبِطًا فَهُوَ لِهِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ، وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ جَعْدًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيكِ بْنِ سَحْمَاءَ فَجَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ جَعْدًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ سے روایت ہے کہ بے شک ھلال بن امیہ نے اپنی بیوی پر شریک بن سحماء کے ساتھ غلط روابط کا عیب لگایا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دیکھنا اگر اس سے سفید اور سیدھے بالوں والا بچہ جنا تو وہ ھلال بن امیہ کا ہے اور اگر اس نے گھنگھریالے بالوں والا باریک پنڈلیوں والا اور بڑی آنکھوں والا بچہ جنا تو وہ شریک بن سحماء کا ہے۔تو اس نے گھنگھریالے بالوں، باریک پنڈلیوں والا اور بڑی بڑی آنکھوں والا بچہ جنا۔

2818 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا: جس نے نماز (عیدالاضحیٰ کی

2817- الحديث سبق برقم: **2816** فراجعه .

2818- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **117,113** . والبخاري جلد **2** صفحه **21** قال: حدثنا مسدد . وفي جلد **7** صفحه **129** قال: حدثنا صدقة . وفي جلد **7** صفحه **132** قال: حدثنا على بن عبد الله . ومسلم جلد **6** صفحه **76** قال: حدثني يحيىٰ بن أيوب، وعمرو الناقد، وزهير بن حرب .

سِيرِينَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيُعِدْ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَذَا يَوْمٌ يُشْتَهَى فِيهِ اللَّحْمُ، فَذَكَرَ هَنَةً مِنْ جِيرَانِهِ كَأَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَّقَهُ فَقَالَ: وَعِنْدِي جَذَعَةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، قَالَ: فَرَخَّصَ لَهُ، فَلَا أَدْرِي أَبَلَغَتْ رُخْصَتُهُ مَنْ سِوَاهُ أَمْ لَا؟ فَانْكَفَأَ النَّاسُ إِلَى غُنَيْمَةٍ فَتَوَزَّعُوهَا- أَوْ قَالَ- : فَتَجَزَّعُوهَا"

نماز) سے پہلے ذبح کر لیا اس کو چاہیے کہ وہ اپنا ذبح لوٹائے۔ ایک آدمی نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ یہ ایسا دن ہے کہ جس میں گوشت کا بہت اشتہاء ہوتا ہے پس اس نے اپنے پڑوسیوں کی کسی چیز کا بھی ذکر کیا' پھر نبی کریم ﷺ نے اس کی تصدیق کی پھر اس نے کہا کہ میرے پاس ایک چھوٹا بکرا ہے جو کہ مجھے دو بکریوں کے گوشت سے زیادہ پسندیدہ ہے تو نبی کریم ﷺ نے اس کو رخصت دے دی (راوی کہتے ہیں) مجھے نہیں علم یہ رخصت اس کے سوا کسی اور کو بھی ہے کہ نہیں؟ پس لوگ غنیمت کی طرف لوٹے اور اسے تقسیم کر لیا یا کہا: حصے حصے کر لیا۔

2819 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْمٍ الْأَنْطَاكِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَاقَ الْفَزَارِيَّ، يُحَدِّثُ عَنْ هِشَامٍ الْقُرْدُوسِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: رَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ، ثُمَّ أَمَرَ بِالْبُدْنِ فَنُحِرَتْ، وَالْحَلَّاقُ جَالِسٌ عِنْدَهُ، فَسَوَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَعْرَهُ يَوْمَئِذٍ بِيَدِهِ، ثُمَّ قَبَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى شِقِّ جَانِبِهِ الْأَيْمَنِ عَلَى شَعْرِهِ، ثُمَّ قَالَ لِلْحَلَّاقِ: احْلِقْ فَحَلَقَ، فَقَسَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ شَعْرَهُ مَنْ حَضَرَهُ مِنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے دسویں ذی الحجہ کو جمرہ کی رمی کی (کنکریاں ماریں) پھر آپ ﷺ نے حکم دیا قربانی کرنے کا تو قربانیاں کی گئیں پھر حجام آپ ﷺ کے پاس آ کر بیٹھ گیا اس دن نبی اکرم ﷺ نے اپنے مبارک ہاتھوں سے اپنی زلفیں مبارک درست فرمائیں پھر نبی کریم ﷺ نے اپنی دائیں جانب سے بال مبارک اپنے قبضے میں کیے اور حجام سے فرمایا: حجامت بناؤ تو اس نے حلق کیا تو نبی کریم ﷺ نے اپنے بال مبارک وہاں پہ جتنے بھی لوگ موجود تھے ان میں تقسیم کر دیئے کسی کے حصے میں ایک بال اور کسی کو دو بال نصیب ہوئے۔ پھر

2819- أخرجه الحميدي رقم الحديث: **1220** . وأحمد جلد **3** صفحه **111** . ومسلم جلد **4** صفحه **82** قال: حدثنا ابن أبي عمر . وأبو داؤد رقم الحديث: **1982** قال: حدثنا عبيد بن هشام' وعمرو بن عثمان . والترمذي رقم الحديث: **912** قال: حدثنا أبو عمار الحسين بن حريث .

النَّاسِ الشَّعْرَةَ وَالشَّعْرَتَيْنِ، ثُمَّ قَبَضَ بِيَدِهِ عَلَى جَانِبِ شِقِّهِ الْأَيْسَرِ عَلَى شَعْرِهِ ثُمَّ قَالَ لِلْحَلَّاقِ: احْلِقْ فَحَلَقَ، فَدَعَا أَبَا طَلْحَةَ الْأَنْصَارِيَّ فَدَفَعَهُ إِلَيْهِ

آپ ﷺ نے اپنی بائیں جانب سے بال مبارک سے زلفیں اپنے قبضے میں کیں اور حجام سے فرمایا: حلق کرو۔ تو اس نے حجامت کی پھر آپ ﷺ نے ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کو بلایا اور آپ ﷺ نے وہ ان کو دے دیئے۔

2820 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، وَأَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ حَمَّادٌ: أَظُنُّهُ عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: " إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ يَوْمَ خَيْبَرَ فَقِيلَ لَهُ قَدْ أُكِلَتِ الْحُمُرُ، فَأَمَرَ أَبَا طَلْحَةَ أَنْ يُنَادِيَ: إِنَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ، فَإِنَّهَا رِجْسٌ " قَالُوا: فَأُكْفِئَتِ الْقُدُورُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں بے شک نبی اکرم ﷺ خیبر کے دن تشریف لائے تو آپ ﷺ سے کہا گیا کہ گدھے کا گوشت کھایا گیا ہے تو آپ ﷺ نے ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ وہ لوگوں میں منادی کر دیں کہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے تم کو گدھے کا گوشت کھانے سے روکا ہے پس بے شک یہ ناپاک رجس ہے تو وہ کہتے ہیں کہ سب ہانڈیاں اوندھی کر دی گئیں۔

2821 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: سَأَلْنَا أَنَسًا: هَلْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَضَبَ؟ قَالَ: لَمْ يَبْلُغِ الْخِضَابَ كَانَتْ فِي لِحْيَتِهِ شَعَرَاتٌ بِيضٌ، قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: أَكَانَ أَبُو بَكْرٍ يَخْضِبُ؟ قَالَ: فَقَالَ: نَعَمْ، بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا رسول اللہ ﷺ نے خضاب لگایا تھا؟ تو انہوں نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے کبھی بھی خضاب نہیں کیا' آپ ﷺ کی داڑھی (ریش مبارک) میں چند موئے مبارک (بال مبارک) سفید تھے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی کہ کیا ابوبکر رضی اللہ عنہ خضاب لگاتے تھے؟ (یعنی اپنے بالوں کو

2820- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1200** قال: حدثنا سفيان . وأحمد جلد**3**صفحه**164** قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: حدثنا معمر . والبخارى جلد **5**صفحه**167** قال: حدثنا عبد الله بن عبد الوهاب' قال: حدثنا عبد الوهاب .

2821- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**206** قال: حدثنا روح . ومسلم جلد **7**صفحه**84** قال: حدثنا أبوبكر بن أبى شيبة' وابن نمير' وعمرو الناقد' عن عبد الله بن ادريس . وأخرجه البخارى جلد **7**صفحه**206** . ومسلم جلد **7** صفحه**84** قال: حدثنى حجاج بن الشاعر .

رنگتے تھے؟) تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی ہاں! وہ مہندی اور زرد رنگ کا (وسمہ کا)۔

2822 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ أَشْعَثَ الْحُمْرَانِيَّ، قَالَ: قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيرِينَ، حَدَّثَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ أَبَا طَلْحَةَ، بَلَغَهُ أَنَّهُ لَيْسَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ، فَذَهَبَ فَآجَرَ نَفْسَهُ بِصَاعٍ مِنْ شَعِيرٍ فَعَمِلَ يَوْمَهُ ذَلِكَ، فَجَاءَ بِهِ، فَقَالَ: اخْبِزِي هَذَا، فَقَالَ: إِنَّهُ شَعِيرٌ، وَلَكِنِ اجْعَلِيهِ خَطِيفَةً، فَجَعَلَتْهُ، فَبَعَثَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَقَالَ: اذْهَبْ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْ لَهُ فِيمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ، فَأَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ أَصْحَابُهُ، فَقَالَ: الطَّعَامُ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: قُومُوا فَقَامُوا، فَلَمَّا أَتَى أَنَسٌ أَبَا طَلْحَةَ قَالَ: قُلْتُ هَذَا، قَالَ: الطَّعَامُ؟ فَكَرِهْتُ أَنْ أَكْذِبَ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَا عَشَرَةً، فَدَخَلُوا فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، ثُمَّ دَعَا عَشَرَةً فَدَخَلُوا فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، ثُمَّ دَعَا عَشَرَةً فَدَخَلُوا فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، ثُمَّ بَقِيَ لِأَهْلِهِ مَا يَشْبَعُونَ مِنْهُ"

حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ مجھے حدیث بیان کی حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے کہ ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کو خبر پہنچی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھانا نہیں ہے وہ گئے تو انہوں نے خود کو ایک صاع جو کے بدلے میں اجرت پر دے دیا اس دن انہوں نے اس کے بدلے میں کام کیا پھر وہ ایک صاع جو لے کر آئے اور فرمایا (اپنی اہلیہ سے) اس کی روٹی پکا اور ساتھ میں فرمایا کہ یہ جو ہیں لیکن تو اس کا حلوہ پکا تو انہوں نے اس کا حلوہ بنایا پھر آپ رضی اللہ عنہ نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو بھیجا اور فرمایا کہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا اور ان سے اس طرح کہہ کہ جو تیرے اور ان کے درمیان ہو۔ تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام بھی تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا کھانے کے لیے آئے ہو؟ کھانے کی دعوت دینے آئے ہو؟ تو انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: اٹھو۔ وہ سارے اٹھ کھڑے ہوئے جب انہیں ابو طلحہ کے پاس آئے تو انہوں نے کہا کہ میں نے یہی کہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا: کیا کھانے کے لیے بلایا ہے؟ تو مجھے ناپسند ہوا کہ میں جھوٹ بولتا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے

2822- أخرجه مالك الموطأ صفحه: **577** . وعبد بن حُميد: **1238** قال: حدثنا روح بن عبادة . والبخارى جلد **1** صفحه **115**' جلد **4** صفحه **234** قال: حدثنا عبد الله بن يوسف . وفى جلد **7** صفحه **89** قال: حدثنا اسماعيل . وفى جلد **8** صفحه **174** قال: حدثنا قُتيبة .

آپ ﷺ نے دس لوگوں کو بلایا وہ داخل ہوئے انہوں نے اتنا کھایا یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے پھر آپ ﷺ نے دس لوگوں کو بلایا وہ داخل ہوئے انہوں نے بھی اتنا کھایا حتیٰ کہ وہ سیر ہو گئے پھر آپ ﷺ نے دس لوگوں کو بلایا انہوں نے بھی اتنا کھایا کہ وہ بھی سیر ہو گئے پھر آپ ﷺ نے ان کے گھر والوں کے لیے بھی اس پورا کھانا باقی رکھ دیا جس سے وہ بھی سیر ہو گئے۔

2823 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، قَالَ: سُئِلَ أَنَسٌ عَنْ خِضَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: " إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ شَابَ إِلَّا يَسِيرًا، وَلَكِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ خَضَبَا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، قَالَ: وَجَاءَ أَبُو بَكْرٍ بِأَبِيهِ أَبِي قُحَافَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِي بَكْرٍ: لَوْ أَقْرَرْتَ الشَّيْخَ فِي بَيْتِهِ لَأَتَيْنَاهُ لِكَرَامَةِ أَبِي بَكْرٍ، قَالَ: فَأَسْلَمَ وَلِحْيَتُهُ وَرَأْسُهُ كَالثَّغَامَةِ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوهَا، وَجَنِّبُوهُ السَّوَادَ

حضرت محمد بن سیرین رحمہ اللہ سے مروی ہے' کہتے ہیں کہ انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کے خضاب کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا بے شک رسول اللہ ﷺ نے خضاب نہیں لگایا۔ ہاں تھوڑا بہت اور لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ نے مہندی اور وسمہ سے زرد رنگ کا خضاب کیا تھا۔ کہتے ہیں کہ فتح مکہ کے دن ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے والد ابوقحافہ کو رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں لے کر آئے تو نبی کریم ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اگر تو شیخ کو اس کے گھر میں رہنے دیتا تو ہم خود اس کے پاس جاتے، ابوبکر رضی اللہ عنہ کی عزت کی وجہ سے۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر انہوں نے اسلام قبول کیا اس وقت ان کی داڑھی اور سر اس طرح تھا جس طرح ثغامہ (ایک درخت ہے جو سفید پھولوں سے بھرا ہوتا ہے) تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: اس کو بدل دو لیکن کالے خضاب سے پرہیز کرو۔

2823- الحديث في المقصد العلي برقم: **1559** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **160,159** وقال: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار باختصار' وفي الصحيح طرف منه' ورجال احمد رجال الصحيح . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **160** من طريق محمد بن سلمة الحرانى بهذا السند .

2824 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: هَلْ قَنَتَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ؟ قَالَ: نَعَمْ، بَعْدَ الرُّكُوعِ، قَالَ: ثُمَّ سُئِلَ بَعْدَ ذَلِكَ: هَلْ قَنَتَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ؟ قَالَ: نَعَمْ، بَعْدَ الرُّكُوعِ يَسِيرًا

حضرت محمد سیرین رحمۃ اللہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ سے پوچھا کہ کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کی نماز میں قنوت پڑھی؟ انہوں نے فرمایا: ہاں! رکوع کے بعد۔ راوی کہتے ہیں کہ پھر میں نے سوال کیا کیا صبح کی نماز میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت پڑھی؟ انہوں نے کہا: ہاں! رکوع کے بعد آہستہ۔

2825 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَشْهَدُ أَنَّ اللّٰهَ حَقٌّ، وَأَنَّ لِقَاءَهُ حَقٌّ، وَأَنَّ السَّاعَةَ حَقٌّ، وَأَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ، وَالنَّارَ حَقٌّ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ جَهَنَّمَ قَالَ أَبُو خَيْثَمَةَ: كَأَنَّهُ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ سے مروی ہے کہتے ہیں: میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک اللہ تعالیٰ حق ہے، بے شک اس سے ملنا حق ہے، بے شک قیامت حق ہے، جنت حق ہے، دوزخ حق ہے، اے اللہ بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں دجال کے فتنے سے اور زندگی اور موت کے فتنے سے اور عذاب قبر اور جہنم کے عذاب سے۔ ابوخیثمہ (راوی ہے حدیث کا) نے کہا کہ گویا اس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

2826 - حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: أَقَنَتَ عُمَرُ؟ قَالَ: لَقَدْ قَنَتَ مَنْ هُوَ

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ سے سوال کیا کہ حضرت عمر رضی اللہ نے قنوت پڑھی تو انہوں نے کہا کہ البتہ تحقیق

2824- أخرجه أحمد جلد 3صفحه113 . ومسلم جلد 2صفحه136 قال: حدثني عمرو الناقد' وزهير بن حرب . قالو (أحمد' والناقد' وزهير): حدثنا اسماعيل بن عُلية . وأخرجه الدارمي رقم الحديث: 1607 . والبخاري جلد2صفحه32 كلاهما قال: حدثنا مسدد .

2825- الحديث في المقصد العلي برقم: 24 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه144 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح . وأورده ابن حجر في المطالب العالية برقم: 3431 .

2826- أخرجه أحمد جلد 3صفحه209,166 قال: حدثنا محبوب بن الحسن بن هلال بن أبي زينب' عن خالد الحذاء' عن محمد بن سيرين فذكره . وانظر الحديث رقم: 2824 .

خَيْرٌ مِنْ عُمَرَ، قَنَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس نے قنوت پڑھی جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بہتر ہیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قنوت پڑھی۔

2827 - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: احْتَجَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَعْطَى الْحَجَّامَ أَجْرَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنا لگوایا اور لگانے والے کو اس کی مزدوری بھی دی۔

2828 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ جَبَلَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْوَانَ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْشَانَا وَيُخَالِطُنَا، فَكَانَ مَعَنَا صَبِيٌّ، يُقَالُ لَهُ أَبُو عُمَيْرٍ، فَقَالَ: يَا أَبَا عُمَيْرٍ مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لاتے تو ہمارے ساتھ خلط ملط ہو جاتے (گھل مل جاتے) اور (ایک بار) ہمارے پاس ایک بچہ تھا جس کو ابوعمیر کہا جاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوعمیر! چڑیا کے بچے نے کیا کیا؟

2829 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ شِنْظِيرٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

2827- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **2164** قال: حدثنا عبد الحميد بن بيان الواسطي' قال: حدثنا خالد ابن عبد الله' عن يونس' عن ابن سيرين' فذكره بلفظه . وأخرجه أحمد جلد **3**صفحه**120** قال: حدثنا وكيع' وفي جلد**3**صفحه**215** قال: حدثنا محمد بن عبيد .

2828- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**119** قال: حدثنا وكيع . وفي جلد**3**صفحه **171** قال: حدثنا محمد بن جعفر . والبخاري جلد**8**صفحه**37**' وفي الأدب المفرد رقم الحديث: **269** قال: حدثنا آدم . وابن ماجة رقم الحديث: **3720** قال: حدثنا علي بن محمد' قال: حدثنا وكيع .

2829- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **224** قال: حدثنا هشام بن عمار' قال: حدثنا حفص بن سُليمان قال: حدثنا كثير بن شنظر' عن محمد بن سيرين' فذكره .

2830 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نُهِينَا أَنْ يَبِيعَ، حَاضِرٌ لِبَادٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں: ہمیں منع کیا گیا تھا کہ شہری دیہاتی کے لیے بیع کرے۔

2831 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: كَانَ أَنَسٌ قَلِيلَ الْحَدِيثِ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ إِذَا حَدَّثَ قَالَ: أَوْ كَمَا قَالَ

حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت کم حدیث روایت کرتے تھے اور جب وہ حدیث بیان کرتے تو ساتھ میں کہتے: ''او کما قال''۔

2832 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدٍ، قَالَ: رَمَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجِمَارَ، وَالْحَلَّاقُ جَالِسٌ فَأَمَرَ بِالْبُدْنِ فَنُحِرَتْ، وَقَالَ لِلْحَلَّاقِ: هُنَا وَأَشَارَ بِيَدِهِ إِلَى جَانِبِ الْأَيْمَنِ، قَالَ: فَقَسَمَ شَعْرَهُ بَيْنَ مَنْ يَلِيهِ، قَالَ: ثُمَّ أَشَارَ إِلَى الْحَلَّاقِ إِلَى جَانِبِهِ الْأَيْسَرِ فَحَلَقَهُ فَأَعْطَاهُ أُمَّ سُلَيْمٍ

حضرت محمد بن سیرین رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ کی (کنکریاں ماریں) اور حجام بیٹھا ہوا تھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کا حکم دیا تو نحر کر دیا گیا (قربانیاں کر دی گئیں) اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجام سے فرمایا: ادھر آؤ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست نبوت کے ساتھ اپنی دائیں جانب اشارہ فرمایا، کہتے ہیں کہ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے موئے مبارک جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لوگ تھے ان میں تقسیم کر دیئے۔ (راوی) کہتے ہیں: پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجام سے بائیں جانب کا اشارہ کیا تو اس نے حجامت بنائی (بائیں جانب کی) وہ

2830- الحديث سبق برقم: **2767,2758** فراجعه .

